★★★پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام★★★
ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15 ہفتہ 17 رجب المرجب 1446ھ، 18 جنوری 2025ء، 31 پوہ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) شمارہ نمبر 91

وزیراعلیٰ پنجاب کا اوکاڑہ میں میڈیکل کالج، گرلز ہاسٹل اور انڈر پاس بنانے کا اعلان

سرحدوں پر لڑنے والوں کی وردیاں جلانا اور کھوپڑی توڑنے کا کہنے والا دوست نہیں، سوشل میڈیا پر جو دیکھو، آنکھیں بند کر کے یقین نہ کرو، عقل و شعور سے پرکھ لو

تاریخ کا پہلا وزیراعظم ہے جو چوری کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا، یہ پہلا پرائم منسٹر ہوگا جو رشوت لینے پر نکالا گیا' مریم نواز کا یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں پرجوش خطاب

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اوکاڑہ میں میڈیکل کالج، گرلز ہاسٹل اور انڈر پاس بنانے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے طلبہ کے لئے خریدے گئے کور آئی سیون لیپ ٹاپ کی نمائش بھی کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں پرجوش خطاب، بچوں کو مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے پراجیکٹس کو اپنی نگرانی میں مکمل کرانے کا اور (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، وفاقی وزیر اطلاعات وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عمران خان سب کو ڈاکو ڈکیت کہتا تھا اب جیل میں سزا بھگت رہا ہے' ناز بلوچ

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلزپارٹی کی مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی ناز بلوچ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف ایک ٹولہ ہے (بقیہ نمبر 5)

عمران خان اور بشریٰ بی بی کو سزا، لیگی رکن اسمبلی و دیگر کا جشن، مٹھائی تقسیم

عمران خان کی کرپشن کی حقیقت عوام کے سامنے آ گئی، لیگی رہنما عمران جاوید

لاہور (آئی این پی) عمران خان اور بشریٰ بی بی کو سزا کے بعد لیگی رہنماؤں کی جانب سے جشن منایا گیا، مٹھائی تقسیم کی گئی۔ احتساب عدالت کی جانب سے 190 ملین پاؤنڈز کیس میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران کان اور ان کی اہلیہ کو سزا سنائے جانے کے بعد مسلم لیگ ن کے رہنماؤں (بقیہ نمبر 4)

ہر چیز کو سیاست سے جوڑنا غیر مناسب، 190 ملین پاؤنڈ کرمنل کیس تھا، وفاقی حکومت

انصاف کا بول بالا ہوا، بانی پی ٹی آئی اپنی بیگناہی ثابت نہیں کر سکے' پی ٹی آئی کو مذاکرات جاری رکھنے چاہئیں، یہ تاثر بالکل نہیں جانا چاہیے کہ ایک فرد واحد کو کرپشن کیس پر سزا ملی تو مذاکرات نہیں کریں گے

بند لفافے میں ایک دستاویز لائی گئی، شہزاد اکبر نے کہا یہ ایک خفیہ معاہدہ ہے، کہا گیا یہ معاہدہ کریں گے تو 190 ملین پاؤنڈ حکومت پاکستان کو منتقل کر دی جائے گی، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ' وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ انصاف کا بول بالا ہوا، بانی پی ٹی آئی اپنی بے گناہی ثابت نہیں کر سکے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ 190 ملین پاؤنڈ تاریخ کا سب سے بڑا میگا کرپشن سکینڈل ہے، یہ اوپن اینڈ شٹ کیس تھا، انصاف کا بول بالا ہوا ہے، یہ کیس سیاسی بنیادوں اور (بقیہ نمبر 1)

تحریک انصاف کا 190 ملین پاؤنڈ کیس کا فیصلہ ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان

مذاکرات جاری رہیں گے، دنیا کو بتانا چاہتے ہیں عمران خان نے کوئی جرم نہیں کیا، ہائیکورٹ میں اپیل کریں گے، عمران خان نہیں ٹوٹیں گے' نہ ہی بانی پی ٹی آئی سمجھوتہ کریں گے

عمران خان نے 27 سال سے پاکستان میں انصاف کے نام پر سیاسی جماعت بنا کر تحریک چلائی، آج اسی کو انصاف نہیں ملا، بیرسٹر گوہر' عمر ایوب' شبلی فراز کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد/راولپنڈی (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈز کیس کا فیصلہ ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان کر دیا۔ جمعہ کو عمران خان اور اہلیہ بشریٰ بی بی کو سزا سنائے جانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عمران خان نے کوئی مالی فائدہ نہیں اٹھایا، عمران خان نہیں ٹوٹیں گے، نہ ہی بانی پی ٹی (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

190 ملین پاؤنڈ کیس

عمران خان کو 14 بشریٰ بی بی کو 7 سال کی سزا

احتساب عدالت کے جج نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو 10 لاکھ اور بشریٰ بی بی کو 5 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا، جرمانے کی عدم ادائیگی پر ملزمان کو مزید 6، 6 ماہ کی قید بھگتنا ہوگی، عدالت کا القادر ٹرسٹ کی زمین بھی سرکاری تحویل میں لینے کا حکم

سزا سنانے کے بعد بشریٰ بی بی کو کمرہ عدالت سے گرفتار کر لیا گیا' جیل کے باہر سکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات' 2 سال سے جس طرح کی ہمارے ساتھ زیادتیاں ہوئی ہیں اس کا آپ اندازہ کر سکتے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) 190 ملین پاؤنڈز کیس میں بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کو 14 اور انکی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 7 سال قید کی سزا سنادی گئی۔ احتساب عدالت اسلام آباد کے جج ناصر جاوید رانا 190 ملین پاؤنڈز کیس کا محفوظ فیصلہ سنانے کیلئے اڈیالہ جیل پہنچے، (بقیہ نمبر 9)

پاراچنار میں شرپسندوں سے آہنی ہاتھوں نمٹنا ہوگا' بلاول

حملے میں ملوث افراد کو فوری قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاراچنار میں امن و امان کو سبوتاژ کرنے کی تاک میں بیٹھے شرپسندوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنا ہوگا۔ پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بیان میں پاراچنار جانے والے امدادی قافلے پر (بقیہ نمبر 10)

محدود نشستوں پر سرکاری جج درخواستوں کی وصولی جاری

اسلام آباد (آئی این پی) سرکاری حج کوٹے کے تحت محدود نشستوں پر درخواستوں کی وصولی کا عمل جاری ہے۔ ترجمان (بقیہ نمبر 8)

پاکستان میں تیار کردہ پہلا سیٹلائٹ خلا میں روانہ کر دیا گیا

الیکٹرو آپٹیکل سیٹلائٹ چین کے سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے خلا میں بھیجا گیا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کے خلائی ادارے سپارکو کا تیار کردہ پہلا سیٹلائٹ خلا میں روانہ کر دیا گیا۔ پاکستان کے قومی خلائی ادارے سپارکو کی جانب سے تیارہ کردہ پہلا الیکٹرو آپٹیکل سیٹلائٹ خلا میں روانہ کر دیا گیا۔ پاکستانی سیٹلائٹ کو چین کے جی چوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے خلا میں بھیجا گیا، سیٹلائٹ لے جانیوالے لانگ مارچ ٹو ڈی راکٹ پر پاکستان کا قوم پرچم بھی لگایا (بقیہ نمبر 2)

پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ مسلسل پانچویں بار سرپلس ہو گیا

دسمبر 2024 میں ملکی کرنٹ اکاؤنٹ میں 109 فیصد اضافہ ہوا، اسٹیٹ بینک

کراچی (آئی این پی) پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ مسلسل پانچویں بار سرپلس ہو گیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق دسمبر 2024 میں ملکی کرنٹ اکاؤنٹ 58 کروڑ 20 لاکھ ڈالر سرپلس رہا ہے۔ اس طرح سے مالی سال 2025 کے ابتدائی چھ ماہ کے دوران ملکی کرنٹ اکاؤنٹ 1 ارب 21 کروڑ ڈالر سرپلس رہا ہے۔ مالی سال 2024 کے ابتدائی چھ ماہ میں کرنٹ اکاؤنٹ (بقیہ نمبر 17)

ایف بی آر کا انفارمیشن پالیسی کے تحت ڈیٹا گورننس آفس قائم کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (آئی این پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انفارمیشن سکیورٹی پالیسی کے تحت ڈیٹا گورننس آفس کے قیام کا اعلان کر دیا جو ڈائریکٹوریٹ جنرل آئی ٹی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے ماتحت کام کرے گا۔ ڈیٹا گورننس اور انفارمیشن سکیورٹی پالیسی کے تحت قائم کیے (بقیہ نمبر 15)

گولی کیوں چلائی
خان کو رہا کرو
اسلام آباد، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان عمر ایوب خان پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

راولپنڈی، پی ٹی آئی کی کارکن خاتون بانی پی ٹی آئی کو سزا کے بعد رو رہی ہیں

پاراچنار جانیوالے امدادی قافلے پر حملہ شہید اہلکاروں کی تعداد 2 ہو گئی

پشاور (آئی این پی) پاراچنار جانے والے امدادی قافلے پر دہشت (بقیہ نمبر 34)

بنوں میں پولیس چوکی پر دہشت گردوں کا راکٹ حملہ' ایک اہلکار زخمی

بنوں (آئی این پی) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے علاقے تھانہ ہوید میں (بقیہ نمبر 33)

احسن اقبال نے بانی پی ٹی آئی کو سرٹیفائیڈ کرپٹ سیاستدان قرار دیدیا

شہباز شریف نے عدالت میں کرپشن کیس کو چیلنج کیا اور بری ہوئے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے بانی پی ٹی آئی کو سرٹیفائیڈ کرپٹ سیاستدان قرار دیدیا۔ پریس کانفرنس کے دوران احسن اقبال نے کہا (بقیہ نمبر 26)

کراچی، اسٹاک ایکسچینج مارکیٹ میں بروکر قیمتوں کے اتار چڑھاؤ دیکھ رہے ہیں

ینگ ڈاکٹرز کا اپنے مطالبات کیلئے 20 جنوری کو ہڑتال کا اعلان

شتہ برس جے کیٹ پاس کرنے والے ڈاکٹرز کی انڈکشن کی جائے' ڈاکٹر حسیب تھنڈ

لاہور (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن نے اپنے مطالبات اور بلوچستان کے ڈاکٹرز سے اظہار یکجہتی کے لئے 20 جنوری کو صبح 8 سے 10 بجے تک او پی ڈی میں ہڑتال کا (بقیہ نمبر 25)

اچکزئی کا پارلیمنٹ میں داخل ہوتے وقت میڈیا سے گفتگو کرنے سے گریز

اسلام آباد (آئی این پی) پشتون خواہ عوامی ملی پارٹی کے سربراہ ممبر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نئے پارلیمنٹ میں داخل (بقیہ نمبر 22)

بلاول بھٹو ڈونلڈ ٹرمپ کے ناشتے میں شرکت کریں گے، شہلا رضا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی شہلا رضا نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم محترمہ (بقیہ نمبر 23)

چور چور کے نعرے لگانے والا خود ڈاکے میں ملوث نکلا، خواجہ آصف

جس وقت ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے لوگ جیلوں میں تھے اس وقت یہ ڈاکے کی پلاننگ کر رہا تھا، 190 ملین پاؤنڈز پاکستانی عوام کے تھے

فیصلے سے مذاکرات متاثر نہیں ہونے چاہئیں کیونکہ پی ٹی آئی خود بھی کہہ چکی مذاکرات جاری رہیں گے چاہے فیصلہ کچھ بھی ہو، وزیر دفاع

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سزا مکافات عمل ہے، چور چور کے نعرے لگانے والا خود ڈاکے میں ملوث نکلا، جس وقت ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے لوگ جیلوں میں تھے اس وقت یہ ڈاکے کی پلاننگ کر رہا تھا، 190 ملین پاؤنڈز پاکستانی عوام کے تھے، نواز شریف کو جھوٹے مقدمات میں پھنسایا گیا، سیاسی قوتوں میں مذاکرات کا سب سے بڑا حامی ہوں، کوئی بتادے میں نے مذاکرات (بقیہ نمبر 27)

سویلینز کے ملٹری ٹرائل کا کیس، کیا پارلیمنٹ خود پر حملہ توہین نہیں سمجھتی؟ آئینی بنچ

پارلیمنٹ پر حملہ ہوا تو ملٹری ٹرائل کیوں نہ ہوا؟ جسٹس جمال مندوخیل' 9 مئی واقعات میں سزا یافتہ کسی شخص کو رحم کی اپیل سے نہیں روکا: جسٹس علی مظہر

پہلی مرتبہ ہوا ایک ہی وقت میں مختلف شہروں میں حملے ہوئے: جسٹس حسن اظہر' ایف آئی آر میں درج سول جرائم کے ٹرائل کا کیا بنا؟ جسٹس مسرت ہلالی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کے دوران جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس میں کہا ہے کہ کیا پارلیمنٹ خود پر حملہ توہین نہیں سمجھتی؟ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سات رکنی آئینی بنچ (بقیہ نمبر 3)

عمران خان کو قیدی نمبر الاٹ' بشریٰ بی بی کی خواتین بیرکس میں منتقلی

بشریٰ بی بی کو طبی معائنہ، بائیومیٹرک کے بعد خواتین بیرکس میں منتقل کر دیا جائے گا، ذرائع

راولپنڈی (آئی این پی) عمران خان کو قیدی کے طور پر نمبر الاٹ کر دیا گیا جب کہ بشریٰ بی بی کی خواتین بیرکس میں منتقلی ہوگی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو احتساب عدالت کی جانب سے 190 ملین پاؤنڈز کیس میں سزا سنائے جانے (بقیہ نمبر 24)

عمران خان اور بشریٰ بی بی کو سزا، پی ٹی آئی ارکان کا اسمبلی کے باہر احتجاج

عدالتی فیصلے کیخلاف احتجاج کرنے والے ارکان اسمبلی نے بینرز اور عمران خان کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں

اسلام آباد (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کو عدالت سے سزا سنائے جانے پر تحریک انصاف کے ارکان نے اسمبلی کے باہر احتجاج کیا۔ (بقیہ نمبر 19)

حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، نزہت صادق

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ نون کی مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی نزہت صادق نے کہا ہے کہ حکومت 26 ویں ائینی (بقیہ نمبر 20)

ڈی چوک احتجاج، عمر ایوب کی ضمانت میں 27 جنوری تک توسیع

اسلام آباد (آئی این پی) ڈی چوک احتجاج کے حوالے سے درج مقدمات (بقیہ نمبر 30)

برطانوی پارلیمنٹ کی مین بلڈنگ میں پی ٹی آئی کو بریفنگ کی اجازت نہ مل سکی

لندن (آئی این پی) برطانوی پارلیمنٹ کی مین بلڈنگ میں پی ٹی آئی کو بریفنگ کی اجازت نہ دی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 29)

اڈیالہ تو بہت اہم جگہ ہے چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کے کیس میں مسکراتے ہوئے ریمارکس

پشاور (آئی این پی) پشاور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس نے ایک کیس کی سماعت کے دوران مسکراتے ہوئے ریمارکس دیے کہ اڈیالہ جیل تو بہت اہم جگہ ہے۔ پشاور ہائیکورٹ کے (بقیہ نمبر 21)

مشکلات حل ہونے میں تھوڑا سا وقت لگتا ہے، علی محمد خان

اسلام آباد (آئی این پی) رہنما تحریک انصاف علی محمد خان نے کہا ہے کہ مذاکرات کی کامیابی یا کامیابی تک جو سفر ہے اس نے نہ سہل (بقیہ نمبر 18)

ایک ماہ سے معلوم تھا عمران خان کو سزا ہو گی، علیمہ خان

عمران خان کو یونیورسٹی بنانے پر سزا دی گئی ہے، بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ ہمیں ایک ماہ سے پتا تھا انہوں نے عمران خان کو سزا دینی ہے۔ راولپنڈی اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ایران کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

راولپنڈی، بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان سزا کے بعد میڈی سے گفتگو کر رہی ہیں

نوجوان روزگار نہ ملنے پر بھیانک سفر کا فیصلہ کرتے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن

اس قسم کے حادثات میں مسلسل اضافہ تشویشناک ہے' کشتی حادثہ پر ردعمل' جاں بحق ہونے والے پاکستانیوں کی مغفرت کیلئے دعا

اسلام آباد (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ نوجوان روزگار نہ ملنے پر بھیانک سفر کا فیصلہ کرتے ہیں۔ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان نے اسپین جانے والے تارکین وطن کی کشتی حادثہ پر ردعمل میں کہا کہ اس قسم کے حادثات میں مسلسل اضافہ تشویشناک ہے۔ نوجوان اپنے ملک میں مناسب روزگار کے مواقع میسر نہ ہونے پر اتنے بھیانک سفر کا فیصلہ کرتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن کا مزید کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی، لیگی رہنما بانی پی ٹی آئی کو عمران خان اور بشریٰ بی بی کو سزا کے ملنے کے بعد مٹھائی تقسیم کر رہے ہیں

شوکت یوسفزئی نے عمران خان کیخلاف فیصلے کو سیاسی انتقام قرار دیدیا

میرے خیال میں اب حکومت سے مذاکرات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں' سینئر پی ٹی آئی رہنما

پشاور (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما شوکت یوسف زئی نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس کا فیصلہ سیاسی انتقام ہے جس سے آئین، انصاف اور قانون کی (بقیہ نمبر 16)

پراجیکٹس سے متعلق ریوالونگ فنڈ اکاؤنٹس کھولنے کیلئے بجٹ یا روپے کی شرط ختم

پراجیکٹ کے لیے جب تک بجٹ میں مطلوبہ رقم مختص نہ ہو تب تک کوئی بھی ادائیگی نہیں کی جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) وزارت خزانہ نے پراجیکٹس کے لیے ریوالونگ فنڈ اکاؤنٹس کھولنے کے لیے بجٹ یا روپے کی گارنٹی کی شرط ختم کر دی ہے۔ وزارت خزانہ نے 4 اگست (بقیہ نمبر 13)

پی ٹی آئی کا دنیا بھر میں مذمتی قراردادیں پیش کرنے کا اعلان

نیب کے ریفرنس کی شدید مذمت کرتے ہیں، وکیل فیصل چوہدری کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس فیصلے کے خلاف دنیا بھر میں قراردادیں پیش کریں گے۔ 190 ملین پاؤنڈ کیس (بقیہ نمبر 12)

سموگ تدارک کیس، سکولز بسوں کے حوالے سے مجوزہ رولز

بسوں سے متعلق جو سکول خلاف ورزی کریگا 50 ہزار جرمانہ کیا جائیگا' سرکاری وکیل

لاہور (آئی این پی) سموگ تدارک کیس میں پنجاب حکومت نے سکولز بسوں کے حوالے سے مجوزہ رولز عدالت میں پیش کر دیے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے شہری ہارون فاروق سمیت دیگر کی سموگ تدارک کی درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت سرکاری (بقیہ نمبر 11)

پیپلز پارٹی سرکاری ملازمین کے معاشی قتل کے کسی اقدام کا حصہ نہیں بنے گی، گورنر پنجاب

پاسکو ختم کرنا سراسر زیادتی ہے، زراعت کا پورا شعبہ متاثر ہوگا، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ نوکریاں دیں، کبھی نوکریاں چھینی نہیں

سردار سلیم حیدر خان سے پاسکو سٹاف یونین کے وفد کی ملاقات ہوئی' وزیراعظم اور صدر سے بات کر کے مسئلے کے حل کی یقین دہانی

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پاسکو ختم کرنا سراسر زیادتی ہے، زراعت کا پورا شعبہ متاثر ہوگا، پیپلز پارٹی سرکاری ملازمین کے معاشی قتل کے کسی اقدام کا حصہ نہیں بنے گی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پاسکو سٹاف یونین کے وفد کی زاہد ذوالفقار کی قیادت میں ملاقات ہوئی۔ گورنر پنجاب نے پاسکو وفد کو وزیراعظم اور صدر سے بات کر کے مسئلے کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ وفد سے گفتگو کے دوران (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد، اپوزیشن رہنماؤں کی اہم بیٹھک، شاہد خاقان عباسی کی رہائشگاہ پر اہم ملاقات، محمود اچکزئی، اسد قیصر، عمر ایوب اور دیگر شریک ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

ریلوے اسٹیشن ریلوے کے کوارٹروں میں کوڑے اور گندگی کے ڈھیر گٹروں کے ڈھکن غائب اور گڑھی شاہو ریلوے لائن کے ساتھ کوڑے اور گندگی کے ڈھیر

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) تفصیلات کے مطابق لاہور ریلوے اسٹیشن ریلوے کے کوارٹروں میں کوڑے اور گندگی کے ڈھیر لگے ہیں گٹروں سے ڈھکن غائب ہیں گڑھی شاہو ریلوے لائن کے ساتھ بھی بہت برا حال ہے کوڑے اور گندگی کے ڈھیر لگے ہیں ایسے لگتا ہے کہ مہینوں سے صفائی نہیں ہوئی کون ہے اس کا ذمہ دار کس کی ہے یہ ذمہ داری اعلیٰ افسران کو فوری نوٹس لینا چاہیے اور ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہو※ ان مسائل کو فوری حل کرنا چاہیے

گھروں میں کام کرنے والا گینگ 80 تولے سونا لے اُڑا

سٹی گوجرانوالہ کے ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے تمام شواہد متعلقہ پولیس کو فراہم کیے

لاہور (کرائم رپورٹر) گھروں میں کام کرنے والا گینگ 80 تولے سونا لے اُڑا اسمارٹ سیف سٹی گوجرانوالہ کیمروں کی مدد سے ملزمان ٹریس سیف سٹی گوجرانوالہ کے ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے تمام شواہد متعلقہ پولیس کو فراہم کیے پولیس نے تلاش کے بعد گینگ کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ ترجمان سیف سٹیز لاہور 17 جنوری گھروں میں کام کرنے والا سونا چوری گینگ سمارٹ سیف سٹی گوجرانوالہ کیمروں کی مدد سے ٹریس کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر گھریلو ملازمہ کے خلاف 80 تولے سونا چوری کی شکایت کی گئی ۔ شکایت موصول ہوتے ہی ملزمان کی سیف سٹی گوجرانوالہ کیمروں سے تلاش شروع کی گئی۔ کیمروں میں ملزمان کو رکشے میں جاتے دیکھا گیا۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق 3 خواتین گینگ کے باقی دو ساتھیوں کے ہمراہ رکشہ میں بیٹھ کر فرار ہوئیں۔ ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی کا کہنا تھا کہ گینگ میں شامل 3 خواتین 2 مردوں کو رکشہ میں فرار ہوتے ویڈیو میں دیکھا بھی جاسکتا ہے۔

بچے کا خرچہ مانگنے پر شوہر نے اسلحہ کے زور پر اپنی سابقہ بیوی سے بچہ چھیننے کی کوشش

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) بچے کا خرچہ مانگنے پر شوہر نے اسلحہ کے زور پر اپنی سابقہ بیوی سے بچہ چھیننے کی کوشش ناکامی پر سنگین نتائج اور گالی گلوچ کرتے ہوئے ساتھیوں سمیت فرار ۔ تفصیلات کے مطابق کڑیال کلاں نوشہرہ ورکاں کی رہائشی سائمہ ایوب پارک گلی نمبر 3 سلیم کالونی اپنے والدین کے گھر موجود تھی کہ اس کا سابقہ شوہر وقاص حیدر ولد شوکت علی کے چچا عظمت علی 30 بور پسٹل محمد علی پسران عبدالحفیظ پروین بی بی زوجہ عبدالحفیظ بشریٰ بی بی زوجہ سہیل مسرت بی بی زوجہ محمد بوٹا محمد آصف ولد محمد بوٹا احمد ولد محمد علی زبردستی گھر میں گھس آئے۔

لبیک رکشہ ومزدور یونین کی صدر نصیرالدین اعوان کی قیادت میں داتا دربار سے ناصر باغ تک ٹریفک پولیس کے ہتک آمیز رویے کیخلاف ریلی

لاہور (پ ر) لبیک رکشہ ومزدور یونین کی صدر نصیرالدین اعوان کی قیادت میں داتا دربار سے ناصر باغ تک ٹریفک پولیس کے ظالمانہ چالانوں، ٹریفک وارڈنز کے رکشہ ڈرائیوروں اور ریڑھی بانوں پر تشدد، ہتک آمیز رویے اور سٹینڈوں کی عدم دستیابی کیخلاف ریلی۔ ریلی میں نائب صدر عاصم رضوی، عمیر جہانگیر، قاری جمیل احمد شرقپوری، تاجر رہنما محمد عاصم ارشاد، امان اللہ خان، شہباز خان، نذیر ساحل، رانا حسن، وقاص گجر شیخ محمد افضل، صلاح الدین، ایڈووکیٹ اشرف سلہری، ایڈووکیٹ میاں محسن رضا، محمد کامران سمیت سینکڑوں رکشہ ڈرائیوروں کی رکشوں سمیت اور ریڑھی بانوں نے شرکت کی جو ٹریفک پولیس اور لوکل گورنمنٹ کے خلاف نعرے بازی کرتے رہے۔ اس موقع پر نصیر الدین اعوان، محمد عاصم ارشاد، قاری جمیل شرقپوری اور عاصم رضوی نے ریلی کہ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک پولیس غریب رکشہ ڈرائیورز پر غیر ضروری اور ناجائز چالان معمولی خلاف ورزیوں پر 2،2 ہزار روپے تک کے چالان اور بھاری جرمانے کر رہی ہے، جو غریب ڈرائیوروں کے لیے ناقابل برداشت ہیں۔ اس کے علاوہ، بلاوجہ ایف آئی آرز درج کرنا اور رکشہ ڈرائیورز کو ہتھکڑیاں لگا کر غیر انسانی سلوک کرنا پولیس کے ظلم کی واضح مثالیں ہیں۔ شرکاء نے مطالبہ کیا کہ یہ ظالمانہ اقدامات فوری طور پر بند کیے جائیں اور غریب ڈرائیورز کے ساتھ عزت واحترام کا برتاؤ کیا جائے۔ اپنے خطاب میں لبیک یونین رہنماؤں کا مزید کہنا تھا کہ لوکل انتظامیہ ریڑھی بانوں کی ریڑھیوں کو غیر قانونی طور پر مسمار کر رہے ہیں اور ان سے بھتہ وصول کیا جارہا ہے۔

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا واسا ہیڈکوارٹر کا دورہ، ایم ڈی واسا غفران احمد نے بریفنگ دی

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق ایم ڈی واسا غفران احمد کے ہمراہ واسا ہیڈکوارٹر میں کال سنٹر کا دورہ کر رہے ہیں

لاہور (خبرنگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز واسا ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے واسا ہیڈکوارٹر میں قائم کال سنٹر کا دورہ کیا۔ ایم ڈی واسا غفران احمد نے ڈی جی ایل ڈی اے کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شہریوں کو بہتر سروسز کی فراہمی کے لیے واسا ہیلپ لائن 1334 چوبیس گھنٹے کام کرتی ہے۔ کال سنٹر میں تربیت یافتہ عملہ تعینات، بہتر سروسز کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ شہریوں کی شکایات کو ڈیجیٹل طریقے سے مانیٹر کیا جاتا ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے عملہ سے ورکنگ بارے بریفنگ لی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کال سینٹر میں موصول ہونے والی شکایات کے حل کے بعد شہریوں سے فیڈ بیک لینے کی ہدایت کی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ سروسز میں مزید بہتری لانے کے لیے شہریوں کا فیڈ بیک انتہائی اہم ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے واسا میں جدید کال سنٹر کے قیام کو سراہا۔

لاہور سمیت پنجاب پولیس نے پریڈ کرنا چھوڑ دی، تمام پولیس لائنز ،یونٹس میں اہلکاروں کی ہفتہ وار پریڈ کروانے کا حکم جاری کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور سمیت پنجاب پولیس نے پریڈ کرنا چھوڑ دی، تمام پولیس لائنز ،یونٹس میں اہلکاروں کی ہفتہ وار پریڈ کروانے کا حکم جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب نے سی سی پی او لاہور سمیت آر پی اوز کو تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ مراسلہ کے مطابق جنرل پریڈ پنجاب کی تمام پولیس لائنز اور یونٹس میں پیر کے روز ہوگی، ہفتہ وار پریڈ کا مقصد اہلکاروں میں نظم وضبط قائم رکھنا ہے، دفاتر ودیگر مقامات پر تعینات اہلکار وافسران مہینے میں ایک بار پریڈ میں شرکت یقینی بنائیں۔ ہفتہ وار پریڈ ضلعی سربراہان کی نگرانی میں ہوگی، یونٹ سربراہان پریڈ کے بعد تنصیبات، پولیس لائنز کا معائنہ یقینی بنائیں۔

صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں دو افراد کی لاشیں برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں دو افراد کی لاشیں برآمد، پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا ایدھی ترجمان کے مطابق شادباغ کے علاقے پپے جھگیاں کے قریب گھر سے 40 سالہ شخص کی پھندا لگی لاش برآمد ہوئی جس کی متوفی کی شناخت وسیم ولد نذیر کے نام سے ہوئی پولیس زرائع کے واقعہ قتل ہے یا خودکشی تحقیقاتی اداروں کی کاروائی جاری ہے دوسرے واقعہ میں سول لائن کے علاقے مال روڈ فیصل چوک سے رکشے سے ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی جس کی شناخت یار محمد کے نام سے ہوئی ہے جو کپ سٹور کا رہائشی بتایا جاتا ہے پولیس کی جانب شبہ ظاہر کی جارہا ہے کہ متوفی کی موت ہارٹ اٹیک سے ہوئی ہے تاہم پوسٹمارٹم کے بعد حقائق سامنے آ سکیں گے۔

داتا دربار انوسٹیگیشن پولیس نے متحرک موٹر سائیکل چور گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) داتا دربار انوسٹیگیشن پولیس نے متحرک موٹر سائیکل چور گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق داتا دربار انوسٹیگیشن پولیس نے جدید ٹیکنالوجی سمیت ہیومن انٹیلیجنس کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ غلام عباس اور اس کے ساتھی اکبر کو گرفتار کر کے ملزمان سے شہریوں سے چھینے گئے موبائل فونز اور 2 عدد موٹر سائیکل برآمد کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان گھروں اور مارکیٹوں کے باہر کھڑی موٹر سائیکلوں کو چوری کر کے فرار ہو جاتے تھے،

خصوصی انسداد پولیو مہم: ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی زیر صدارت اہم اجلاس

لاہور (خبرنگار) ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی قیادت میں رواں سال کی دوسری خصوصی انسداد پولیو مہم کا آغاز ہو رہا ہے۔ اس حوالے سے ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں سی او ہیلتھ، ڈی ڈی ایچ اوز سمیت دیگر اہم عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ یہ مہم 3 فروری سے 9 فروری 2025 تک جاری رہے گی۔ اس مہم میں 22 لاکھ 30 ہزار 134 پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ لاہور کی تمام 234 یونین کونسلز میں گھر گھر جا کر ٹیمیں بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ ڈی سی لاہور نے اس موقع پر کہا کہ پولیو ورکرز کی ٹریننگ کی کوالٹی پر کسی قسم کا کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔

قبلہ اول کی آزادی دنیا کے 2 سو ارب مسلمانوں پر فرض اور قرض ہے

قبلہ اول کی آزادی کی جنگ میں 4 6 ہزار فلسطینی مرد وخواتین اور بچے شہید ہو چکے ہیں

فلسطین میں 468 دن کی نسل کشی میں لاکھوں افراد زخمی علاج معالجہ اور خوراک سے رہے ہیں

وں کے نتیجے میں غزہ میں اسرائیل اور حماس کا جنگ بندی اعلان

لاہور: نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ اور دیگر مال روڈ پر مسجد شہداء پر اسرائیل اور فلسطین کی جنگ بندی پر عزم تشکل تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (خبرنگار) جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام فلسطینیوں کی عظیم جدوجہد اور لازوال قربانیوں کے نتیجے میں غزہ میں اسرائیلی اور حماس کی جنگ کے اعلان پر امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر مسجد شہدا مال روڈ لاہور پر یوم تشکر پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر عزم تشکر کی قیادت نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی ۔ سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال ، نائب امراء لاہور انجینئر اخلاق، خالد احمد بٹ ، چوہدری محمد شوکت ،صدر جے آئی یوتھ لاہور جبران بٹ ، سیکرٹری اطلاعات جماعت اسلامی لاہور عبدالعزیز عابد سمیت امراء اضلاع وسیکرٹریز لاہور سمیت بڑی تعداد میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر بڑی تعداد میں کارکنان اور شہریوں کا فلسطینی جھنڈے لہرا کر اسرائیل کے خلاف شدید نعرے بازی بھی کی۔ اس موقع پر شرکاء سے لیاقت بلوچ، ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، اظہر بلال اور دیگر قائدین نے فلسطینی مسلمانوں کے جذبوں اور قربانیوں کو خراج عقیدت اور اسلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج اللہ تعالیٰ نے فلسطینیوں کو سرخرو کردیا۔ فلسطین کے بہادر اور مجاہد لوگوں نے اسرائیل کے سامنے سرنڈر نہیں کیا بلکہ جرات ، بہادری اور جذبے جہاد کی عظیم مثالیں قائم کیں جس کے سامنے اسرائیل کو سرنڈر کرنا پڑا یہ اسرائیل کی ہی نہیں بلکہ امریکہ اور اس حواریوں کی بھی شکست ہے ۔ اسرائیل کی طاقتور سمجھے جانے والی جدید اسلحہ سے لیس فوج جس کو امریکہ سمیت دیگر یورپی ممالک کی مکمل سپورٹ حاصل تھی اس کو حماس کے سامنے جھکنا پڑا گیا جو اس کی سب سے بڑی کامیابی اور جیت ہے ۔ جنگ بندی کے باوجود ابھی خطرات ختم نہیں ہوئے ابھی جدوجہد باقی ہے۔ فلسطین غزہ کی تعمیر نو اقوام متحدہ کی ذمہ داری ہے۔ قائدین نے مزید کہا کہ قبلہ اول کی آزادی دنیا کے 2 سو ارب مسلمانوں پر فرض اور قرض ہے۔ 14 ماہ میں فلسطینی مسلمان مجاہدوں نے قبلہ اول اور فلسطینی قوم کی آزادی اور خودمختاری کیلئے اسرائیل کے ظلم کے خلاف کلمہ حق جہاد بلند کیا۔ فلسطین کی غیور، بہادر ماؤں، بہنوں، بیٹوں، بزرگوں اور نوجوانوں نے جس بہادری، صبر، جرات شجاعت کیساتھ اس مشکل ترین اور صبر آزما وقت کو گزارا اور اپنا سب کچھ اللہ اور رسول ﷺ کے سچے راستے جہاد میں قربان کیا ان کی عظمت بہادری اور شجاعت کو خراج عقیدت اور اسلام پیش کرتے ہیں ۔ لیاقت بلوچ، ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ مزید کہا کہ قبلہ اول کی آزادی کی جنگ میں 46 ہزار فلسطینی مردوخواتین اور بچے شہید ہو چکے ہیں۔

ایف آئی اے امیگریشن نے لاہور ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے جعلی دستاویزات کے ذریعے بیرون ملک سے آنے والے ایک مسافر کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایف آئی اے امیگریشن نے لاہور ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے جعلی دستاویزات کے ذریعے بیرون ملک سے آنے والے ایک مسافر کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت محمد عبداللہ کے نام سے ہوئی۔ ملزم سعودی عرب سے فلائٹ نمبر کیو آر 620 کے ذریعے لاہور پہنچا تھا۔ امیگریشن کلیئرنس کے دوران مسافر کو مشکوک پایا گیا اور اس کے پاسپورٹ پر پاکستان اور پولینڈ کی انٹری اور ایگزٹ کی جعلی مہریں لگی ہوئی تھیں۔ ابتدائی تفتیش میں یہ بات سامنے آئی کہ آئی بی ایم ایس میں ملزم کا سفری ریکارڈ موجود نہیں تھا۔ ملزم کو مزید تفتیش کے لیے انسداد انسانی سمگلنگ سرکل لاہور منتقل کرتے ہوئے اس حوالے سے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

سٹی ٹریفک پولیس لاہور نے اپنے سالہا سال سے قائم کردہ سٹرکچر میں تبدیلی کا فیصلہ

لاہور (کرائم رپورٹر) سٹی ٹریفک پولیس لاہور نے اپنے سالہا سال سے قائم کردہ سٹرکچر میں تبدیلی کا فیصلہ کیا ہے۔ زرائع کے مطابق پنجاب پولیس نے ٹریفک پولیس کے نئے تنظیمی ڈھانچے کی تجویز تیار کرلی ہے جس کے تحت مختلف عہدوں پر نئی تبدیلیاں کی جائیں گی چیف ٹریفک آفیسر کی سیٹ کو گریڈ 19 سے گریڈ 20 میں اپگریڈ کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، ایس پی ٹریفک کے لیے 5 نئی سیٹیں متعارف کروائی جائیں گی، جبکہ ڈی ایس پی کے عہدے کے لیے 14 آسامیوں پر افسر تعینات کیے جائیں گے۔ نئے ڈھانچے کے مطابق ایس پی ٹریفک کو 6 ڈویژن کے لحاظ سے تعینات کیا جائے گا، تاکہ ٹریفک کی بہتر نگرانی اور انتظامیہ کی کارکردگی میں بہتری لائی جاسکے۔

مصطفیٰ آباد میں خاتون سے زیادتی کی تحقیقات میں اہم پیشرفت، سفاک درندہ صفت ایک ملزم گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) مصطفیٰ آباد میں خاتون سے زیادتی کی تحقیقات میں اہم پیشرفت، سفاک درندہ صفت ایک ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق مصطفیٰ آباد میں 70 سالہ خاتون کے ساتھ نامعلوم افراد کی زیادتی کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آئی، آپریشن ونگ نے سیکورٹی گارڈ کی وردی میں ملبوث ایک مرکزی ملزم کو حراست میں لے لیا، پولیس زرائع کا کہنا ہے کہ سفاک درندہ صفت ملزم سابقہ زیادتی کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے۔ ملزم آئس کے نشے کا عادی، پہلے سے جنسی درندگی کے واقعات میں ملوث رہ چکا، اعتراف جرم کرلیا

سبزہ زار پولیس نے 02 منشیات فروش گرفتار کر لئے

لاہور (کرائم رپورٹر) سبزہ زار پولیس نے 02 منشیات فروش گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق سبزہ زار پولیس نے کارروائیوں کے دوران مختلف تعلیمی اداروں، مارکیٹوں اور بازاروں، میں منشیات فروخت کرنے والے بدنام زمانہ ملزمان راحت علی اور صادق کو گرفتار کر کے ان سے مجموعی طور پر 02 کلو 730 گرام چرس برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لیے اور انہیں مزید تفتیش کے لئے انوسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا

ایس ایم ایز کیلئے قرض کی رقم بڑھا کر 15 لاکھ کرنے کا خیر مقدم

کامیابی کیلئے ترقی یافتہ ممالک کو سٹڈی کیا جائے: چیئرمین پاکستان اسٹیل آئرن ایسوسی ایشن راحیل اشفاق

لاہور (پریس ریلیز) چیئرمین پاکستان اسٹیل آئرن ایسوسی ایشن وایگزیکٹو ممبر پیاف راجہ راحیل اشفاق نے وزیر اعظم کی جانب سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے لئے قرض کی رقم 5 لاکھ سے بڑھا کر 15 لاکھ کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز کو سہولیات کی فراہمی کیلئے موثر سروے کیا جائے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو دی جانے والی سہولیات کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ترقی یافتہ ممالک کو سٹڈی کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں ایس ایم ایز معیشت کی ترقی میں کلیدی اہمیت رکھتی ہیں، بہت سے ممالک ایس ایم ایز کے ذریعے جتنی برآمدات کر رہے ہیں اتنی ہماری مجموعی برآمدات کا حجم بھی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو ایس ایم ایز کو برآمدی انڈسٹری کے طور پر ترقی دینا ہوگی جس کے لئے کامیاب ممالک کو سٹڈی کیا جائے، اس کے لئے ملکی اور غیر ملکی ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں۔

جنہوں نے شرمناک فیصلہ دیا انہوں نے تاریخ میں اپنا چہرہ بدنما کرلیا مسرت جمشید چیمہ

بشریٰ بی بی کو سزا سنانا عمران خان کو دباؤ میں لانے کی سازش ہے، اس بار بھی ناکام ہوں گے

لاہور (خبرنگار) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ جنہوں نے شرمناک فیصلہ دیا ہے انہوں نے اپنے منہ پر کالک ملی ہے اور تاریخ میں اپنا چہرہ بدنما کرلیا ہے، بشریٰ بی بی وہ وفادار بیوی ہیں جنہوں نے اپنے شوہر کے لیے ہر قربانی دی اور اپنی جان تک کی پرواہ بھی نہیں کی، ایسے فیصلوں نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کو تاریخ میں مزید سرخرو کردیا ہے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ القادر یونیورسٹی بنانے اور سیرت نبوی پڑھانے پر ایسی سزائیں دینے پر یہ تاریخ میں مزید شرمسار ہوں گے، عمران خان کو گراتے گراتے آپ ہمیشہ کے لیے گر چکے ہیں اور آپ کی ان انتقامی کارروائیوں اور بزدلانہ فیصلوں نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کے ایک دوسرے پر اعتماد اور محبت کو بھی ہمیشہ کے لیے امر کردیا ہے۔ علاوہ ازیں اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ قوم جانتی ہے جعلی حکمرانوں نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے خلاف سیاسی بنیاد پر انتقامی کارروائی کی، بشریٰ بی بی کو سزا سنانا عمران خان کو دباؤ میں لانے کی سازش ہے لیکن بھونڈی سازش کرنے والے اس بار بھی ناکام ہوں گے۔ اس طرح کے فیصلوں سے پی ٹی آئی کے رہنماؤں اور کارکنوں کے حوصلے ہرگز پست نہیں ہوں گے

سید خلیل الرحمن شاہ بخاری اور قاری سید مظہر علی شاہ گیلانی ممبر مجلس عاملہ صوبہ پنجاب کی صدارت میں محفل شکرانہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ پنجاب کے زیر اہتمام امیر صوبہ پنجاب سید خلیل الرحمن شاہ بخاری اور قاری سید مظہر علی شاہ

گیلانی ممبر مجلس عاملہ صوبہ پنجاب کی صدارت میں محفل شکرانہ بسلسلہ تکمیل تعمیر نو افتتاحی تقریب بمقام جامعہ ام ایمنؓ للبنات (رجسٹرڈ) پنڈ گوپے رائے کٹار بند روڈ ٹھوکر لاہور میں انعقاد کیا گیا افتتاحی تقریب میں ڈاکٹر مفتی محمد کریم خان، علامہ پیر معاذ المصطفیٰ القادری اور قاری نوید احمد نے محفل کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دورہ حاضرہ میں خواتین کو دینی ودنیاوی علم سے آراستہ کرنا از حد ضروری ہے اگر ایک خاندان سے ایک عورت علم پڑھ جائے تو دس دس خاندانوں میں علم کی شمع روشن اور اہل علم ہوسکتے ہیں والدین اور معاشرے کو چاہئے کہ وہ اپنی خواتین کو قرآن وحدیث کی بہتر تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دیں تاکہ ہماری خواتین ہمارے پیارے نبی کریم کی پیاری بیٹی حضرت فاطمۃ الزہرہؓ کے کردار کو اپنا سکیں اور خواتین ملکی وقومی ترقی، خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کے قابل ہوسکیں قرآن وحدیث کی روشنی میں واضح طور پر بیان کیا کہ حضور نبی کریم ﷺ سے عشق ومحبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے نبی کریم کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنی زندگیاں اور آخرت سنوار سکتے ہیں علم کامیابی کی کنجی ہے علم کے ذریعے ہی پرامن اور خوشحال معاشرہ کے حصول کیلئے خواتین اپنا کردار ادا کرنے کے قابل ہوسکتی ہیں اس موقع طالبات سمیت علاقہ کی خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی

تھانہ نواب ٹاؤن میں معروف گلوکار جواد احمد سمیت ان کے 4 نامعلوم ساتھیوں کے خلاف ایس ڈی او محمد اصغر کی مدعیت میں درج کرلیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ نواب ٹاؤن میں معروف گلوکار جواد احمد سمیت ان کے 4 نامعلوم ساتھیوں کے خلاف ایس ڈی او محمد اصغر کی مدعیت میں درج کر لیا گیا تفصیلات کے مطابق لیسکو کی ٹیم نے روٹین چیکنگ کے دوران جواد احمد کی اہلیہ مہرین کے بیوٹی پارلر پر چھاپہ مارا تو صارف نے میٹر کا فیڈر ڈیڈ کیا ہوا تھا اس دوران جواد احمد اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کالے رنگ کے ڈالے پر موقع پر پہنچے اور مزاحمت کے دوران لیسکو ملازمین سے زبردستی میٹر بھی چھین کر اپنے ساتھی عدیل کے حوالے کردیا، جس پر عدیل میٹر لے کر پارلر کے اندر جا کر غائب ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق میٹر کی ٹیمپرنگ سے محکمہ لیسکو کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا اور سرکاری کام میں مداخلت کی گئی۔ اس دوران لیسکو کے 2 ملازمین زخمی بھی ہوگئے جنہیں طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے لیسکو حکام کی مدعیت میں مقدمہ بجلی چوری سمیت دیگر دفعات کے تحت درج کر کے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق گلوکار جواد احمد نے لیسکو ملازمین پر گاڑی چڑھانے کی بھی کوشش کی۔

صوبائی دارلحکومت میں وارداتوں کا طوفان نہ تھم سکا: 358 وارداتیں

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارلحکومت میں وارداتوں کا طوفان نہ تم سکا، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 358 وارداتیں رپورٹ۔۔ پولیس رزائع کے مطابق ہاوس رابری کی واردات کے دوران ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر ایک گھر سے لاکھوں مالیت کے طلائی زیورات نقدی اور سامان لوٹ لیا، نقب زنی کی وارداتوں میں نامعلوم چور شہر کے مختلف علاقوں میں 7 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 16 افراد سے لاکھوں روپے، 4 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹا مار کاروائیوں میں ڈاکو 11 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین لیے، جبکہ شہر بھر سے 24 گھنٹوں کے دوران 2 9 موٹرسائیکلیں، 3 دیگر وہیکل،

شہر کے مختلف مقامات سے چار نامعلوم نشے کی عادی افراد کی لاشیں برآمد

متعلقہ تھانوں کی پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے لواحقین کی تلاش شروع کردی

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف مقامات سے چار نامعلوم نشے کی عادی افراد کی لاشیں برآمد ، متعلقہ تھانوں کی پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے لواحقین کی تلاش شروع کر دی ایدھی ترجمان کے مطابق تھانہ مزنگ کے علاقے عابد مارکیٹ کے قریب سے 35 سالہ نامعلوم شخص، مسلم ٹاو※ ن کے علاقے نقشہ سٹاپ کے قریب 50 سالہ شخص، لیاقت آباد کے علاقے چھوٹی پھاٹکی کے قریب 50 سالہ شخص اور رمنا واں کے علاقے بسم اللہ ہاو※ ز سنگ سوسائٹی میں 45 سالہ شخص نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہو گئے ہلاک ہونے والے تمام افراد کی شناخت نہ ہو سکی، متعلقہ تھانوں کی پولیس نے ایدھی رضا کاروں کے ذریعے لاشیں مردہ خانہ منتقل کر کے فنگر پرنٹس کی مدد سے ان کی شناخت کی کوشش شروع کر دی

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:20
فجر	6:10
ظہر	1:30
عصر	4:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ڈپٹی کمشنر لاہور کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ کے اقدامات: شہری سہولیات میں بہتری کی جانب اہم قدم

صفائی، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، لاہور ڈویلپمنٹ پلان، تجاوزات سمیت انتظامی امور کا جائزہ

لاہور (خبرنگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ لاہور کے انتظامی اقدامات جاری ہیں۔ ڈی سی لاہور نے انتظامی امور کی بہتری کے لئے مختلف اسسٹنٹ کمشنرز کو اہم ذمہ داریاں سونپ دی ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد شہریوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنا اور عوامی فلاحی منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا ہے کہ شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور عوامی فلاحی اور ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ اس ہدایت پر عمل کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنرز نے فیلڈ میں انتظامی امور کی بہتری کیلئے مختلف اقدامات اٹھائے ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال، خواجہ محمد عمیر نے 3800 میٹر نہر کی صفائی کا جائزہ لیا۔ واسا، پی ایچ اے اور ایل ڈبلیو ایم سی حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال نے کہا کہ روزانہ کی بنیادوں پر تمام محکمہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔ علاوہ ازیں، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینٹر کا بھی دورہ کیا گیا، جہاں ڈیوائسز آپریشنل اور سائلین کو تمام سہولیات میسر تھیں۔ اسسٹنٹ کمشنر کینٹ، فاطمہ ارشد نے دھرمپورہ بازار میں انسداد تجاوزات آپریشن کے تحت مرکزی سڑک پر 80 فیصد اور اندرونی راستوں میں 60 فیصد عمل درآمد کو یقینی بنایا۔ خلاف ورزی پر 5 دکانیں سیل کی گئیں اور 1 ٹرک سامان سمیت ضبط کیا گیا۔ تحصیل میں صفائی آپریشن کا بھی جائزہ لیا گیا جس میں 12 مقامات کی صفائی یقینی بنائی گئی۔ تحصیل شالیمار میں خراب فلٹریشن پلانٹ کی نشاندہی پر اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر انعم فاطمہ نے فوری مرمت کی ہدایت دی۔ پی ایچ اے پارکوں کی دیکھ بھال میں کمی کی شکایات پر روزانہ رپورٹنگ کی ہدایت بھی دی گئی۔

حضرت علیؓ کی زندگی مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہے: پیر میاں محمد حماد عارف قادری

لاہور (پ ر) دربار حضرت بابا شاہ عنایت قادریؒ کے گدی نشین پیر میاں محمد حماد عارف قادری شطاری نے کہا ہے کہ مولا علی کرم اللہ وجہ الکریمؓ کی زندگی تمام مسلمانوں کے لئے مشعل راہ ہے۔ آپؓ وہ عظیم ہستی ہیں جو پیدا ہوئے تو اللہ پاک کے گھر میں اور جب شہادت پائی تو بھی اللہ کے گھر میں۔ آپؓ نے زندگی میں کبھی کوئی نماز قضاء نہیں کی۔ آپؓ کی مقدس تعلیمات پر چل کر ہم اپنی دنیا وآخرت سب سنوار سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دربار حضرت بابا شاہ عنایت قادریؒ میں منعقدہ محفل جشن ولادت حضرت مولا علیؓ کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس محفل کے مہمان خصوصی معروف سیاسی، سماجی اور روحانی شخصیت پیر سید ناظم حسین شاہ تھے۔ جنہوں نے اس موقع پر ملکی سلامتی، کامران خان ٹسوری اور حاضرین محفل کے لئے خصوصی دعا کروائی۔

چار چیف وارڈرز کو اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل کے عہدے پر ریگولر ترقیاں دے دی گئیں

لاہور (کرائم رپورٹر) چار چیف وارڈرز کو اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل کے عہدے پر ریگولر ترقیاں دے دی گئیں ۔ ، آئی جی جیل خانہ جات نے سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل نوید اشرف کو گریڈ 19 میں اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل پریزن کے عہدے پر ترقی دی گئی چیف وارڈر سے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے عہدے پر ترقی پانے والوں میں صفدر علی ڈسٹرکٹ اٹک جیل، محمد افضال ڈسٹرکٹ جیل مظفر گڑھ، سجاد حیدر شاہ سینٹرل جیل راولپنڈی، الفت علی ہائی سکیورٹی پریزن میانوالی شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن میں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے عہدے پر ترقی پانے والوں کو موجودہ سیٹوں پر کام جاری رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے

عقیدہ رسالت وختم نبوت اسلام کی روح ہے: علماء کرام

لاہور (پ ر) عقیدہ رسالت وختم نبوت اسلام کی روح ہے اور عقیدہٴ ختم نبوت میں ذرہ سی تشکیک حالت کفر وارتداد تک لے جاتی ہے۔ آخری قادیانی تک دعوت اسلام کا فریضہ دہراتے رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں، علماء کرام، مبلغین نے خطبات جمعۃ میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ چودہ صدیوں سے مسلمانوں کا یہ عقیدہ چلا آرہا ہے کہ حضور خاتم النبیین محمد کریم ﷺ کے بعد کوئی نبی ورسول پیدا نہ ہوگا اور عقیدہٴ ختم نبوت کا انکار کرنے والے افراد یا گروہ دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغین مولانا عبدالنعیم، مولانا عبدالعزیز، مولانا محمد حمزہ، مولانا مقصود الوری، مولانا سمیع اللہ، مولانا طاہر مجید، مولانا مہتاب فاروق نے کہا کہ عالمی کفریہ ایجنڈے کے مطابق منکرین ختم نبوت قادیانیوں کو پرموٹ کیا جارہا ہے، لیکن عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت شعبہ دعوت وتبلیغ اپنے پورے جوش وجذبہ کے ساتھ اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہے

یو ای ٹی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن کا اہم اجلاس، ایف بی آر کی جانب سے اساتذہ اور ریسرچرز کی تنخواہوں میں 25 فیصد ٹیکس کٹوتی کی شدید مذمت

ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس کٹوتی کا نوٹیفکیشن واپس لیا جائے، ٹی ایس اے کا مطالبہ اساتذہ اور ریسرچرز کی تنخواہوں میں 25 فیصد ٹیکس کٹوتی کا نوٹیفکیشن واپس نہ لیا گیا تو پرامن احتجاج کریں گے

لاہور (خبرنگار) یو ای ٹی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن (ٹی ایس اے) نے وفاقی بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے اساتذہ اور ریسرچرز کی تنخواہوں میں 25 فیصد ٹیکس کٹوتی کے فیصلے کی شدید مذمت کی ہے۔ اس سلسلے میں صدر ٹی ایس اے ڈاکٹر محمد شعیب کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایسوسی ایشن نے اس نوٹیفکیشن کو فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اجلاس میں ٹی ایس اے کے ارکان نے اس فیصلے کے اساتذہ اور محققین پر پڑنے والے منفی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا۔ ٹی ایس اے کے صدر نے کہا کہ اگر یہ نوٹیفکیشن واپس نہ لیا گیا تو پرامن احتجاج کیا جائیگا۔ ٹی ایس اے کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر تنویر قاسم نے کہا ایف بی آر کی جانب سے اساتذہ اور ریسرچرز کو ٹیکس چھوٹ دینے کے نوٹیفکیشن کا خاتمہ غیر قانونی اور غیر منطقی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اقدام اساتذہ اور محققین پر سنگین مالی اثرات مرتب کرے گا اور ان کے معاشی مفادات کو نقصان پہنچائے گا۔ ایسوسی ایشن اپنے اساتذہ کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے اور اس وقت تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی جب تک اس غیر منصفانہ ٹیکس کٹوتی کو واپس نہیں لیا جاتا۔ اجلاس میں ڈاکٹر فہیم گوہر اعوان، ڈاکٹر عثمان، ڈاکٹر اویس، ڈاکٹر شمائلہ، ڈاکٹر ھدی، ڈاکٹر رضوانہ، ڈاکٹر راشد جلیل نے شرکت کی

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

پولیو مہم کو ہر حال میں کامیاب بنائیں گے ڈی سی چنیوٹ

پولیو کی خصوصی مہم کو سو فیصد کامیاب بنانے کے لئے تمام تر انتظامات ہر لحاظ سے مکمل ہونے چاہیں اس ضمن میں مائیکرو پلان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے کہا ہے کہ 3 فروری سے شروع ہونے والی انسداد پولیو کی خصوصی مہم کو سو فیصد کامیاب بنانے کے لئے تمام تر انتظامات ہر لحاظ سے مکمل ہونے چاہیں اس ضمن میں مائیکرو و پلان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ گذشتہ کمزوریوں وخامیوں کا سو فیصد ازالہ ہو سکے، انہوں نے یہ ہدایات ضلع چنیوٹ میں پولیو مہم شروع کرنے کے حوالے سے انتظامات کے جائزہ بارے ڈسٹرکٹ پولیو اریڈیکیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں، سی او ہیلتھ ڈاکٹر شہزاد خلیل، ڈپٹی ڈی او ڈاکٹر نعیمہ اشرف نے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ انسداد پولیو کی خصوصی مہم 3 تا 7 فروری تک جاری رہے گی اس سلسلے میں ضلع چنیوٹ میں پانچ سال تک کی عمر کے 2 لاکھ 97 ہزار 122 بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے لئے مجموعی طور پر 1467 ٹیمیں ڈیوٹی انجام دیں گی۔ اس ضمن میں تمام تر ضروری انتظامات کو مکمل کیا جا رہا ہے، اجلاس میں نمائندہ ڈبلیو ایچ او، محکمہ ہیلتھ و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ہدایت کی کہ پولیو کا ہر راؤنڈ اہمیت کا حامل ہے لہذا متعلقہ سٹاف کی جدید خطوط پر ٹریننگ کے ساتھ ساتھ والدین کی آگاہی کے لئے تمام تر تشہیری ذرائع بروئے کار لائے جائیں تاکہ ان میں احساس ذمہ داری قائم رہے، انہوں نے مزید کہا کہ تحصیلوں میں بھی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں تمام تر انتظامات مکمل ہونے چاہیں اس سلسلے میں معمولی سی بھی غفلت نہیں ہونی چاہیے، اس موقع پر سی او نے بتایا کہ مہم کے انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے

ضلع بھر میں تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری ہے۔محمد اقبال سنگھیڑہ

سیالکوٹ میں اب تک بیشمار ناجائز تجاوزات و تعمیرات گرائی جاچکیں۔ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ

سیالکوٹ (بیورو چیف) حکومت پنجاب کی پالیسی و وزارت بلدیات کی ہدایات کے عین مطابق ضلع سیالکوٹ کی تمام تحصیلوں میں ضلع کونسل و تحصیل میونسپل کارپوریشنز ہیڈز کے ہمراہ اینٹی انکروچمنٹ کامیابی سے جاری ہے اور سیالکوٹ، سمبڑیال، پسرور اور ڈسکہ تحصیلوں میں لاتعداد ناجائز تجاوزات وغیر قانونی تعمیرات گرائی جاچکی ہیں۔ان باتوں کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ نے سنئیر میڈیا نمائندگان کے ہمراہ اہم نشست کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ کوئی شخص قانون سے بالاتر نہیں نہ ہی سرکاری املاک و سڑکوں پر تجاوزات برداشت ہیں۔ اینٹی انکروچمنٹ آپریشن و سرکاری بائی لاز کی خلاف ورزی کرتے خلاف قانون غیر قانونی تعمیرات کو گرایا جا رہا ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر و تمام چار تحصیلوں کے چیف میونسپل کارپوریشن آفیسرز و ماتحت فیلڈ عملہ اس دوران بھاری مشینری و پولیس لفری کی مدد سے پختہ وعارضی ناجائز تجاوزات گرا رہے ہیں۔کار سرکار میں مداخلت کے بعد کچھ تجاوزات کرنے والوں کیخلاف استغاثہ جات بھی دائر کیے گئے۔واضع رہے کہ سیالکوٹ میں اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کے بعد وزیرآباد سیالکوٹ روڈ ہو یا کشمیر روڈ شہر کے داخلی خارجی دو سڑکی راستے وہاں باقاعدہ مربوط میکنزم کے تحت کاروائیوں کے بعد ٹریفک ریگولیشن مسائل میں واضع کمی دیکھنے میں آئی ہے

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان کے زیر صدارت سال 2025ء کی پہلی پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ اجلاس

پانچ سال سے کم عمر 7 لاکھ 66 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلائے جائینگے

پولیو کے خاتمے کیلئے ہم سب کو مربوط حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا' ڈپٹی کمشنر

قصور (بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان کے زیر صدارت سال 2025ء کی پہلی پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ اجلاس، ضلع میں پولیو مہم 3 فروری سے شروع ہو گی' پانچ سال سے کم عمر 7 لاکھ 66 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلائے جائینگے' پولیو کے خاتمے کیلئے ہم سب کو مربوط حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا' ڈپٹی کمشنر۔ ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان کے زیر صدارت سال 2025ء کی پہلی پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل عمر اویس، اسسٹنٹ کمشنر قصور عطیہ عنایت مدنی، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اتھارٹی غلام مصطفی سحر، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر چوہدری اسرار انجم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد اکبر رضا، ڈسٹرکٹ منیجر پی ایچ ایف ایم سی ڈسٹرکٹ پولیو فوکل پرسن محمد رمضان شاہد، نمائندہ ڈبلیو ایچ او سمیت دیگر محکموں کے افسران موجود تھے جبکہ اسسٹنٹ کمشنر چونیاں طلحہ انور، اے سی پتوکی ڈاکٹر مکرم سلطان اور کوٹ رادھاکشن ڈاکٹر محمد انس سعید ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔

ڈی پی او ساہیوال کی وکلاء برادری کے وفد سے تعارفی ملاقات

اس موقع پر وکلاء برادری کے وفد نے ڈی پی او ساہیوال کو اپنے مسائل و تجاویز سے بھی آگاہ کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال رانا طاہر رحمان کی وکلاء برادری کے وفد سے تعارفی میٹنگ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال رانا طاہر رحمان نے ڈی پی او آفس میں وکلاء برادری کے وفد سے تعارفی میٹنگ کی، اس موقع پر وکلاء برادری کے وفد نے ڈی پی او ساہیوال کو اپنے مسائل وتجاویز سے بھی آگاہ کیا۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان نے میٹنگ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے کی اصلاح میں وکلاء کا اہم کردار ہے، سماجی سرگرمیوں میں ان کی خدمات قابل ستائش ہے۔قیام امن اور معاشرے کی اصلاح کیلئے باہمی تعاون سے اقدامات اٹھائے جائینگے۔وکلاء کے مسائل کو باہمی تعاون سے مل بیٹھ کر میرٹ پر ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے جس کے لئے تمام ایس ڈی پی اوز کو ہدایات جاری کی جائیں گی

جماعت اسلامی کے زیراہتمام غزہ میں جنگ بندی پر یوم تشکر کا انعقاد

دیپالپور میں بھی جماعت اسلامی کے زیراہتمام غزہ میں جنگ بندی پر یوم تشکر منایا گیا

دیپالپور (تحصیل رپورٹر): امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر پورے ملک کی طرح دیپالپور میں بھی جماعت اسلامی کے زیراہتمام غزہ میں جنگ بندی پر یوم تشکر منایا گیا۔ اس موقع پر مقامی جماعت اسلامی کے رہنماؤں، کارکنان، اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب میں فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا گیا اور جنگ بندی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ فلسطین کے مظلوم عوام کی حمایت ہمارا دینی و اخلاقی فرض ہے اور امت مسلمہ کو متحد ہو کر مظلوم فلسطینیوں کا ساتھ دینا چاہیے۔اس موقع پر جماعت اسلامی کے مقامی رہنماؤں جن میں نائب امیر ضلع میاں طاہر سلیم جوئیہ امیر زون 189 میاں رفیع سکھیرا نائب امیر زون امجد علی مغل جنرل سیکرٹری محمد یوسف بھٹی امیر شہر چوہدری اسلام زکی جنرل سیکرٹری راؤ حمزہ دلشاد نے کہا کہ جماعت اسلامی ہمیشہ مظلوموں کے حق میں آواز بلند کرتی رہی ہے اور کرتی رہے گی۔

پولیس افسران اور شہدائے پولیس کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کیلئے مثالی اقدامات جاری

معاہدے کے تحت نیشنل انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز حاضر سروس پولیس افسران کے بچوں کی رجسٹریشن فیس میں 50 فیصد رعایت فراہم کرے گا

جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس افسران اور شہدائے پولیس کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کیلئے مثالی اقدامات جاری ہیں، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز اور مثال ڈائیگناسٹک سنٹر جھنگ کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے، معاہدے کے تحت نیشنل انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز حاضر سروس پولیس افسران کے بچوں کی رجسٹریشن فیس میں 50 فیصد رعایت فراہم کرے گا، جبکہ شہداء اور غازیوں کے بچوں کے لیے یہ فیس مکمل طور پر معاف ہوگی۔اسی طرح مثال ڈائیگناسٹک سنٹر جھنگ حاضر سروس پولیس افسران اور ان کی فیملیز کو لیبارٹری ٹیسٹ پر 15 فیصد رعایت فراہم کرے گا، جبکہ شہدائے پولیس کے خاندانوں کے لیے تمام لیب ٹیسٹ مکمل طور پر مفت ہوں گے۔ڈی پی او بلال افتخار کیانی نے اس موقع پر کہا" پولیس فورس کی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے۔شہدائے پولیس کے خاندانوں کو ترجیحی بنیادوں پر تمام ممکنہ سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ وہ کسی بھی طرح کی مشکلات کا شکار نہ ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایسے اقدامات پولیس فورس کے مورال کو بلند کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے خاندانوں کے تحفظ اور خوشحالی کو یقینی بناتے ہیں۔

پولیس نے بروقت کاروائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تھانہ سٹی کے علاقے سے اغواء ہونے والی طالبہ کو بروقت بازیاب کرلیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس نے بروقت کاروائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تھانہ سٹی کے علاقے سے اغواء ہونے والی طالبہ کو بروقت بازیاب کرلیا اور ملزم کو گرفتار کرلیا۔تفصیلات کے مطابق، علیزہ نامی 16 سالہ طالبہ کو ملزم ضیافت علی نے مبینہ طور پر سکول کے باہر سے اغواء کیا تھا۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او اخلاق احمد نول کی زیرنگرانی پولیس اہلکاروں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے طالبہ کو بازیاب کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا ہے کہ خواتین اور بچوں کے تحفظ کے لیے غیر معمولی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

ضلعی صدر اقصیٰ حیات لالی کی قیادت میں وفد کی نومنتخب صدر بار ایسوسی ایشن چنیوٹ مہر مقصود احمد ہرل و دیگر عہدیداران کو مبارکباد

چنیوٹ ڈسٹرکٹ رپورٹر) تحریک انصاف شعبہ خواتین ونگ کی ضلعی صدر اقصیٰ حیات لالی کی قیادت میں وفد کی نومنتخب صدر بار ایسوسی ایشن چنیوٹ مہر مقصود احمد ہرل و دیگر عہدیداران کو مبارکباد پھولوں کے گلدستے بھی پیش کیے گئے تفصیلات کے مطابق ضلعی صدر پی ٹی آئی ویمن ونگ چنیوٹ نامزد امیدوار ایم پی اے محترمہ اقصیٰ حیات لالی کی قیادت میں ملک علی رضا ایڈووکیٹ سٹی جنرل سیکرٹری پاکستان تحریک انصاف چنیوٹ۔مہر زاہد نواز نائب صدر انصاف یوتھ ونگ ویسٹ پنجاب۔ظہیر عباس لونا غلام مصطفی ترگڑ سینئر رہنما پاکستان تحریک انصاف چنیوٹ اور محسن شبیر نیکوکارہ کی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ آمد اور مہر مقصود احمد ہرل کو صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ۔امتیاز حسین تاج کو جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ۔ملک عمران مرتضی اعوان کو نائب صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ منتخب ہونے پر مبارک بادپیش کی اور میاں اسد نثار بھٹی ایڈووکیٹ سابقہ صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کو بار الیکشن میں اہم کردار ادا کرنے پر بھی مبارک بادپیش کی

کھلی کچہری کا مقصد براہ راست عام آدمی کے مسائل جاننا اور حل کرنا ہے: ڈی پی او

کھلی کچہریوں کے تسلسل سے شہریوں کے مسائل جلدی حل ہو رہے ہیں

قبولہ شریف (راؤ ندیم سے) کھلی کچہری کا مقصد براہ راست عام آدمی کے مسائل جاننا اور حل کرنا ہے۔ڈی پی او۔کھلی کچہریوں کے تسلسل سے شہریوں کے مسائل جلدی حل ہو رہے ہیں۔ڈی پی او صاحب :ڈی پی او صاحب کی علاقہ تھانہ قبولہ شریف منعقدہ کھلی کچہری کے دوران شرکاء سے گفتگو۔ڈی پی او صاحب نے شہریوں کی طرف سے پیش کردہ درخواستوں کا بغور جائزہ لیا اور معاملات کے حل کے لئے متعلقہ پولیس افسران کو احکامات جاری کیے۔اس موقع پر ڈی ایس پی سرکل عارف والا بھی اور دیگر پولیس افسران ان کے ہمراہ تھے۔کھلی کچہری میں سیاسی و سماجی شخصیات ،معززین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

مولانا عبدالرشید سلطانی مرحوم کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا: علامہ حمد اسلم چشتی

ننکانہ صاحب (رانا اسامہ) مولانا عبدالرشید سلطانی مرحوم کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔علامہ حمد اسلم چشتی تفصیلات کے مطابق ننکانہ کے معروف عالم دین مولانا عبدالرشید سلطانی مرحوم کی سالانہ ختم پاک کی محفل کا جامع مسجد الٰہی میں اہتمام کیا گیا جس میں مقامی علمائے کرام، ممبران انتظامیہ مسجد، نمازیوں اور عاشقان مصطفی نے شرکت کی محفل ختم پاک کے مہمان خصوصی صاحبزادہ پیر سید اشرف حسین شاہ صاحب سجادہ نشین آستانہ عالیہ قادریہ چشتیہ قمیصیہ ننکانہ صاحب تھے شرکاء محفل سے خطاب کرتے ہوئے علامہ اسلم چشتی نے کہا کہ معروف عالم دین مالانا عبدالرشید سلطانی مرحوم کی دینی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جا※ گا محفل کے اختتام پر صاحبزادہ پیر سید اشرف حسین شاہ صاحب نے مولا نا عبدالرشید سلطانی کے درجات کی بلندی اور ملک پاکستان کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کروائی۔

پریس کلب شرقپور شریف (رجسٹرڈ) کے سالانہ انتخابات 2025 کا اعلان۔جس میں راؤ مزمل بھاری اکثریت سے صدر منتخب

شرقپور شریف (نامہ نگار) پریس کلب شرقپور شریف (رجسٹرڈ) کے سالانہ انتخابات 2025 کا اعلان۔جس میں راؤ مزمل بھاری اکثریت سے صدر منتخب ہو گئے اور فضل قیوم خان سیکرٹری جنرل منتخب ہو گئے۔ سپریم کونسل کے چیئرمین قربان علی شرقپوری، سینئر وائس چیئرمین شیخ بابر علی قصوریہ، وائس چیئرمین چمن خان منتخب ہوئے۔ دیگر عہدداروں میں سرپرست اعلی ملک جاوید اقبال، سینئر نائب صدر عامر مجید زرگر، نائب صدر ملک محمد زمان، جوائنٹ سیکرٹری محمد اشفاق، فنانس سیکرٹری سید علی اصغر کاظمی، سیکرٹری انفارمیشن ڈاکٹر محمد شہباز اور آفس سیکرٹری حاجی قاسم علی منتخب ہوئے ہیں۔مجلس عاملہ میں سید طہماسپ علی نقوی، اسامہ چوہدری، راؤ تجمل، راؤ عمار جبکہ ممبران میں شیخ محمد ذیشان، ملک طارق، ملک نعمان اعظم، راؤ حماد ہیں۔تمام عہدداران کو سیاسی وسماجی شخصیات کی جانب سے مبارکباد پیش کی گئی۔علاقہ کے سیاسی وسماجی رہنماؤں کا کہنا تھا کہ راؤ مزمل گروپ کی کامیابی سے علاقہ میں زرد صحافت کا خاتمہ ہوگا اور ہمیشہ کہ طرح شرقپور شہر اور گردونواح میں مسائل کو مثبت انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔

ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چنیوٹ ڈاکٹر محمد احمد خان کی چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آمد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چنیوٹ ڈاکٹر محمد احمد خان کی چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آمد صدر فہد نعیم فخری سے ملاقات کی اس موقع پر ڈی ایچ کیو ہسپتال میں نئے ایمرجنسی بلاگ کی تعمیر، شعبہ گائنی میں بہترین علاج کی فراہمی کو یقینی بنانے، دیگر شعبہ جات میں بہتری عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی ڈاکٹر محمد احمد خان کا کہنا تھا کہ کوشش ہے کہ اپنی تعیناتی کے دوران چنیوٹ کے عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہیں اور مریضوں کی شکایات کا ازالہ کرنے کے لیے اقدامات کیے جاتے ہیں اور کوشش کی جاتی ہے کہ عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنایا جائے اس کے لیے صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری ہیلتھ پنجاب سمیت دیگر افسران کے احکامات کی روشنی میں ڈی ایچ کیو ہسپتال میں آنے مریضوں کو ادویات، سکریننگ کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات میسر ہوں جس پر صدر فہد نعیم فخری نے انکے ٹیم ورک اور ہسپتال کے انتظامی امور کو بہتر طریقے سے چلانے پر انکی کاوشوں کو سراہا اور ان کی کوششوں اور کاوشوں اور بہترین ٹیم ورک کو خراج تحسین پیش کیا

منڈی والا ریلوے پھاٹک عام ٹریفک کے لئے کھول دیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بقایا جات کی عدم ادائیگی کی وجہ سے مال منڈی والا ریلوے پھاٹک عام ٹریفک کے لئے کھول دیا گیا شہریوں نے ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ اور انجمن تاجران کا شکریہ ادا کیا۔تفصیلات کے مطابق بقایا جات کی عدم ادائیگی کی وجہ سے مال منڈی والا ریلوے پھاٹک کئی دنوں سے بند تھا جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا انجمن تاجران اور ایمرا الیکٹرانک میڈیا گروپ کے صحافیوں کی کوشش سے پھاٹک عام ٹریفک کے لئے کھول دیا گیا شہریوں نے ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ ریلوے ملازمین میونسپل کمیٹی کا شکریہ ادا کیا اس میں مرکزی انجمن تاجران کے نمائندوں، علماء کرام اور ایمرا الیکٹرانک میڈیا گروپ صحافیوں کی کاوش شامل ہے شہر کے وسط میں ریلوے پھاٹک بند ہونے سے ضلع کچہری، شاد باغ کالونی، کینیڈا کالونی، بھٹہ آبادی، آفیسرز کالونی اور نالی والا گاؤں سمیت متعدد دیہات کو لوگوں کو شہر آنے جانے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑتا تھا جو کہ شہریوں نے سکون کا سانس لیا ہے اور انجمن تاجران کی اس کاوش کو خوب سراہا

محکمہ اوقاف کی اسٹیٹ لینڈ پر ناجائز قابضین اور تعمیرات کی روک تھام و آپریشن بارے اجلاس

ایڈمنسٹریٹر اوقاف، پولیس، میونسپل اداروں کے افسران سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی اجلاس میں موجود تھے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) محکمہ اوقاف کی اسٹیٹ لینڈ پر ناجائز قابضین اور ناجائز تعمیرات کی روک تھام و آپریشن بارے اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو اور سیکرٹری اوقاف فرید اقبال نے اجلاس کی صدارت کی۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شہرینہ غلام مرتضی جونیجو، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، ایڈمنسٹریٹر اوقاف، پولیس، میونسپل اداروں کے افسران سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی اجلاس میں موجود تھے۔متعلقہ افسران نے ڈی سی ننکانہ اور سیکرٹری اوقاف کو ناجائز تعمیرات بارے تفصیلی بریفنگ دی۔اس موقع پر سیکرٹری اوقاف فرید اقبال نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسٹیٹ لینڈ پر ناجائز تعمیرات کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی، چند روز میں ناجائز تعمیرات کے خلاف آپریشن کا آغاز کر دیا جائے گا۔متعلقہ محکمہ جات اور دیگر حکومتی ایجنسیز پوری تیاری کے ساتھ آپریشن کا آغاز کریں گے۔ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ محکمہ اوقاف اور ضلعی انتظامیہ کا جو افسر و ملازم ناجائز تعمیرات میں ملوث پائے گئے ان کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ آپریشن کے دوران کوئی بھی افسر یا اہلکار پہلے سے بنی تعمیرات کو نہیں گرائے گا، حالیہ تعمیرات کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ آپریشن میں خلل ڈالنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے، کسی کے ساتھ رعایت نہیں برتی جائے گی۔

ضلع ننکانہ صاحب میں انسداد پولیو کی قومی مہم 3 فروری سے شروع ہوگی

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈی سی کمیٹی روم میں انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا

ننکانہ صاحب (رانا اسامہ) ضلع ننکانہ صاحب میں انسداد پولیو کی قومی مہم 3 فروری سے شروع ہو گی اور 07 فروری تک جاری رہے گی۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈی سی کمیٹی روم میں انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر محمد طلحہ شیروانی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر کامران واجد، ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں، پولیس سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ڈپٹی کمشنر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنا کر بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانا ہے اور اس قومی مہم میں ہر فرد اپنا کردار ادا کرے۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ انتظامی افسران کو ٹریننگ سیشن میں مدعو کیا جائے تاکہ فیلڈ میں مانیٹرنگ کے عمل میں مزید بہتری لائی جاسکے۔ڈپٹی کمشنر نے متنبہ کیا کہ انسداد پولیو مہم میں 95 فی صد سے کم کارکردگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر محمد طلحہ شیروانی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پولیو مہم کے دوران ضلع بھر میں پانچ سال تک کی عمر کے 02 لاکھ 88 ہزار 08 سو 98 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے جس کے لئے 1198 ٹیمیں کام کریں گی جن کی مائیکرو اور میکرو لیول پر ٹریننگ کی جائے گی جبکہ پولیو مہم کے دوران ضلع میں رہائش پذیر خانہ بدوش بچوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

معروف دینی درس گاہ جامعہ دار العلوم المدنیہ سرگودھا روڈ مدنی چوک چنیوٹ میں سالانہ تقریب

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف دینی درس گاہ جامعہ دار العلوم المدنیہ سرگودھا روڈ مدنی چوک چنیوٹ میں سالانہ تقریب تکمیل قرآن کریم اختتام بخاری ومشکوۃ شریف ودستاربندی 19 جنوری بروز اتوار بعد از نماز مغرب سابقہ روایات کے عین مطابق بڑے تزک واحتشام کے ساتھ منعقد ہو رہی ہے جس میں مولانا علامہ شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد طیب طاہری مولانا عصمت اللہ مولانا محمد جمشید مولانا مظفر حمید وٹو شرکت اور تقریب سے خطاب کریں گے اور فضلا کی دستار بندی ہوگی تقریب کے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں مہمانان گرامی کو شرکت کے دعوت نامے ارسال کر دیئے گئے ہیں سالانہ پروگرام کی نگرانی وسرپرستی ناظم جامعہ ھذا مولانا شبیر احمد چنیوٹی صاحبزادہ قاری خلیل احمد کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کے زیراہتمام یہاں فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی اور یوم تشکر کے سلسلہ میں ایک ریلی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) جماعت اسلامی کے زیراہتمام یہاں فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی اور یوم تشکر کے سلسلہ میں ایک ریلی ماڈل بازار کے قریب سے نکالی جو فوارہ چوک پہنچ کر جلسہ کی شکل اختیار کرگئی۔شرکاء ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی کی صوبائی شوریٰ کے رکن امان اللہ چٹھہ اور ضلعی امیر ملک شوکت علی پھلروان نے کہا کہ حماس کے نہتے فلسطینی مجاہدین نے اسرائیل کو امریکہ اور یورپ کی تمام تر جنگی ومالی امداد کے باوجود گھٹنے ٹیکنے اور تحریری معاہدہ صلح کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔جو تمام عالم اسلام کے لئے جذبہ جہاد سے سرشار ہو کر جرأت مندانہ پالیسی اختیار کرنے کا درس ہے۔

جرائم پیشہ افراد معاشرے کا ناسور ہیں جو ہمارے سسٹم کو کھوکھلا کر رہے ہیں

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) جرائم پیشہ افراد معاشرے کا ناسور ہیں جو ہمارے سسٹم کو کھوکھلا کر رہے ہیں، عوام اور میڈیا کے تعاون سے انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔جرائم پیشہ افراد کا ٹھکانہ جیل کی سلاخیں ہیں (بخت بیدار خاں اے ایس آئی) تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید اور ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت کی زیر نگرانی ایس ڈی پی او صدر سرکل ناصر اور ایس ایچ او تھانہ کینٹ کی زیر قیادت جرائم پیشہ افراد کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔بخت بیدار خاں اے ایس آئی نے گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ سے وابستہ میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خون جما دینے والی شدید سردی میں پولیس آپ کے تحفظ کے لیے دن رات کوشاں ہے۔

وفاقی وزیر قانون اعظم نزیر تارڑ نے گذشتہ روز یہاں معروف بزنس مین اور سینئر ممبر چیمبر آف کامرس ندیم رانجھا کی بیٹیوں کی شادی میں شرکت کی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر قانون اعظم نزیر تارڑ نے گذشتہ روز یہاں معروف بزنس مین اور سینئر ممبر چیمبر آف کامرس ندیم رانجھا کی بیٹیوں کی شادی میں شرکت کی۔شادی کی تقریب سیاسی اجتماع میں بدل گئی جس میں سابق ایم پی اے ڈاکٹر مظفر علی شیخ، چوہدری سمیع اللہ نعیم، محمد نعیم گل، چوہدری محمد یوسف، ڈاکٹر مظفر علی شیخ، لیگی راہنما شیخ گلزار احمد، رائے مختار منگھی، ریاض احمد تارڑ، عبدالحمید رحمانی، میاں شعیب، اعظم سمور، محمد زاہد سخی، فیصل لنگاہ، ملک عمران ایکسین واپڈا، قمر رتو، عامر وسیم سندھو نے بھی شرکت کی۔

یوم حضرت علیؓ کے سلسلہ میں عارف حسین شاہ کی رہائشگاہ پر تقریب کا انعقاد

وزیرآباد (نامہ نگار) یوم حضرت علیؓ کے سلسلہ میں عارف حسین شاہ کی رہائشگاہ پر تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں مقامات مقدسہ کی زیارتوں کے لئے قرعہ اندازی کی گئی۔تقریب میں ایم پی اے وقار احمد چیمہ، امتیاز اظہر باگڑی، محمد افضل بٹ تو تو، علامہ ظہیر ذیشان جعفری، مہر محمد شبیر، محمد ریاض قمی، ڈاکٹر الطاف، ظفر خان سمیت سیاسی وسماجی شخصیات ودیگر افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت امام علی علیہ السلام کی تعلیمات ہمارے لئے مشعل راہ اور دنیا و آخرت میں نجات کا ذریعہ ہیں

جماعت اہلسنت کے ضلعی امیر علامہ فیصل ندیم کیلانی نے ولادت حضرت سیدنا علی المرتضی شیر خداؓ کے سلسلہ میں اجتماع

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) جماعت اہلسنت کے ضلعی امیر علامہ فیصل ندیم کیلانی نے ولادت حضرت سیدنا علی المرتضی شیر خداؓ کے سلسلہ میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فاتح خیبر حضرت سیدنا علی المرتضی شیر خداؓ بچوں میں سب سے پہلے اسلام لانے والے تھے۔آپؓ نے جرأت وبہادری کی جو تاریخ رقم کی کفر آج بھی اس سے لرزاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں مسلمان پوری دنیا میں جس رسوائی کا سامنا کر رہے ہیں۔ان حالات میں ہمیں اپنے اندر حیدریؓ جذبہ پیدا کر کے میدان عمل میں نکلنا چاہیے تب ہی کفر کی بڑھتی سازشوں اور یلغار کو ملیا میٹ کیا جاسکتا ہے۔

رول آف لاء کیلئے عملاً جدوجہد کرتے رہینگے۔طیب نزیر بھٹی

قانون کی سربلندی کیلئے حق سچ کا ساتھ دیتے رہینگے۔سنئیر لاء آفیسر

سیالکوٹ (بیورو چیف) قانون کی حکمرانی کیلئے عملاً جدوجہد کا حصہ تھے ہیں اور انشاء اللہ رہینگے۔معاشرے میں عدل وانصاف کی فراہمی کیلئے وکلاء نے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کرتے ہوئے کبھی کبھی ریاستی مشینری کے جبر وستم بھی سہے مگر حق وصداقت کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ان باتوں کا اظہار سمبڑیال بار ایسوسی ایشن کے سنئیر وکیل رہنما چوہدری طیب نذیر بھٹی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے معزز ممبران بار کی کثیر تعداد کے ہمراہ سمبڑیال بار روم میں قانون کی بالادستی کیلئے وکلاء کا کردار کے موضوع پر منعقدہ سیشن کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ ہمیشہ قانون کی سربلندی وحق سچ کیلئے عملی کاوشیں کی ہیں۔قیام پاکستان کیلئے بانی پاکستان بیرسٹر قائداعظم محمد علی جناح کی صورت میں وکلاء نے پاکستان بنانے سے لیکر آج تک پاکستان کے استحکام کیلئے ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے۔

سرکاری اداروں کی نجکاری کسی صورت میں بھی قبول نہیں

اس کو رکوانے کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے: ٹیچرز الائنس

سیالکوٹ (بیورو چیف) سرکاری اداروں کی نجکاری کسی صورت میں بھی قبول نہیں اس کو رکوانے کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ان خیالات کا اظہار پنجاب ٹیچرز الائنس پنجاب کے مرکزی چیئرمین میاں امجد علی نے ایک اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا تفصیلات کے مطابق پنجاب ٹیچرز الائنس پنجاب کا ہنگامی اجلاس مورخہ 20 دسمبر 2024 کو دن دو بجے 5 میکلوڈ روڈ لاہور میں زیر صدارت میاں امجد علی چیئرمین PTA پنجاب منعقد ہوا، اجلاس میں اساتذہ کی مختلف تنظیموں کے قائدین سمیت نوائے اساتذہ پنجاب کے صدر پروفیسر ندیم احمد اشرفی، اپکا پنجاب کے صدر چوہدری شفقت رسول سندھو، جنرل سیکرٹری میاں ممتاز، اپکا لاہور ڈویژن کے صدر افتخار رسول سلہری (حاجی ارشاد گروپ) محمد علی جنرل سیکرٹری پاپولیشن پنجاب، فیاض مغل پریس سیکرٹری اپکا پنجاب جبکہ انجمن اساتذہ کے سرپرست علامہ قاسم علوی اور صدر زاہد شریف نے ٹیلیفون پر خصوصی شرکت کی اور پنجاب ٹیچرز الائنس کے مطالبات کی بھرپور حمایت کی، شرکاہ اجلاس نے فیصلہ کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب میڈم مریم نواز، وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات اور دیگر ارباب اختیار سے مطالبہ کیا گیا کہ تعلیم، صحت سمیت تمام سرکاری اداروں کی نجکاری کے فیصلے کو فوری ختم کیا جائے

میڈیا اور صحافت ملک کا چوتھا ستون ہونے کے باوجود مسلسل بحرانوں کا شکار ہے

حکمرانوں نے علاقائی صحافیوں کے لیے کوئی اقدامات نہیں کیے جو کہ انتہائی افسوسناک ہے۔پیر سید طمطراق

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) میڈیا اور صحافت ملک کا چوتھا ستون ہونے کے باوجود مسلسل بحرانوں کا شکار ہے۔حکمرانوں نے علاقائی صحافیوں کے لیے کوئی اقدامات نہیں کیے جو کہ انتہائی افسوسناک ہے۔پیر سید طمطراق محاسن شاہی۔چوہدری نوید اختر غنی۔تفصیلات کے مطابق گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ کے چیئرمین اے ایچ انور، صدر محمد اشرف تھہیم، جنرل سیکرٹری احمد وٹو اور ساتھی صحافی احمد حسن نے ساہیوال ڈسٹرکٹ پریس کلب رجسٹرڈ کے نو منتخب قائم مقام صدر اور جنرل سیکرٹری کو مبارکباد دی اور انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ قائم مقام صدر پیر سید طمطراق محاسن شاہی ، جنرل سیکرٹری چوہدری نوید اختر غنی راؤ محمد عتیق میاں محمد رمضان سابقہ چیئرمین پریس کلب ساہیوال چوہدری محمد اشرف ، اے ایچ انور، محمد اشرف تھہیم اور احمد وٹو نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ حکمران طبقے نے صحافت اور میڈیا کے لیے کچھ نہیں کیا جس کی وجہ سے صحافت آج مسلسل بحرانوں کا شکار ہے۔علاقائی صحافیوں اور ورکنگ جرنلسٹ کا کوئی تحفظ نہیں ہے، کوئی سوشل سکیورٹی کارڈ نہیں ہے جس کی وجہ سے صحافی برادری شدید مایوس ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ حکمران طبقہ ہوش کے ناخن لے اور صحافیوں کے لیے اقدامات کریں اور ساہیوال میں صحافی کالونی کا بھی اعلان کریں۔

اگوکی میں ڈیوائیڈرز پر خوبصورت پودے لگائے جائینگے۔فدا افتخار میر

صفائی ستھرائی کا نظام بہتر کیا جا رہا ہے۔چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ

سیالکوٹ (بیورو چیف) چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر کی جانب سے دورہ اگوکی کے دوران امور و تجاوزات آپریشن چیک کیا۔اس دوران انہوں نے وزیر آباد سیالکوٹ روڈ اگوکی میں صفائی ستھرائی کے امور چیک کئے اور سڑک کے اطراف موجود تجاوزات سابقہ چیئرمین اگوکی یونین کونسل رانا محمود احمد خان کے ہمراہ گرانے کے احکامات دئیے۔سڑک کی دونوں اطراف کنارے لگی ریڑھیوں کیوجہ سے سیالکوٹ وزیرآباد روڈ میں ٹریفک ریگولیشن مسائل ختم کرنے کیلئے یہ آپریشن ناگزیر تھا۔ترقیاتی کاموں خصوصی طور نکاسی آب کے سلسلے میں گفتگو کرتے ہوئے چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ نے کہا کہ اگوکی کے علاقے کو خوبصورت بنائیں گے اس میں آپ سب لوگ ہمارے ساتھ تعاون کریں وزیر آباد روڈ ڈیوائیڈر پر درخت لگائیں جائیں گے۔ سابق چیئرمین یوسی اگوکی و شہریوں نے وزیرآباد سیالکوٹ اگوکی مین جی ٹی روڈ پر قائم تجاوزات ہٹوا کے ٹریفک بلاکیج کے خاتمے پر چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ کا شکریہ ادا کیا۔

اہلحدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن پاکستان نے حسن نعیم ربانی کو سیکرٹری اطلاعات سٹی شیخوپورہ مقرر کردیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اہلحدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن پاکستان نے حسن نعیم ربانی کو سیکرٹری اطلاعات سٹی شیخوپورہ مقرر کردیا ہے اس تقرری کا نوٹیفکیشن سٹی صدر اے ایس ایف محمد حمزہ محمدی نے جنرل سیکرٹری محمد زبیر سلفی ودیگر عہدیداروں کے ہمراہ حسن نعیم ربانی کو دیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ دین اسلام کی ترویج و اشاعت اور قرآن وسنت کی بالادستی و نظام محمدی ﷺ کے نفاذ کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے اور اے ایس ایف کے نصب العین کی پاسداری کرتے ہوئے اسے اپنا شعار بنائیں گے اس موقع پر حسن نعیم ربانی نے پارٹی عہدیداروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ وہ اے ایس ایف کے منشور وایجنڈہ کی تکمیل کی خاطر بھرپور جدوجہد کریں گے اور تنظیمی خدمات کی انجام دہی ان کی اولین ترجیح ہوگی مجھے سیکرٹری اطلاعات کی ذمہ داری سونپنے والے عہدیداروں کو مایوسی نہیں ہوگی۔

میاں خالد سیف اللہ کو کوٹ رادھا کشن میں سٹی امیر بننے پر صحافیوں کی طرف سے مبارکباد

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر حاجی رمضان سے) کوٹ رادھا کشن میں میاں خالد سیف اللہ کو مرکزی جمعیت اہلحدیث کوٹ رادھا کشن کا امیر منتخب ہونے پر تمام صحافیوں کی طرف سے مبارکباد۔صحافیوں سے بات کرتے ہوئے امیر صاحب نے کہا ہے کہ شہر کے تمام مسائل کو حل کریں گے۔دینی تعلیم اور مدارس نظام کو مزید فروغ دیں گے، اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام لوگوں تک پہنچائیں گے اور صحافیوں سے مزید بات کرتے ہوئے کہا کہ ہر شہری کو حقوق دلوائیں گے۔ ہر غریب اور مساکین کے ساتھ ہر وقت موجود ہیں۔شہر بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کریں گے۔لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے کوشاں ہیں

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

حماس اور اسرائیل میں جنگ بندی کا خوش آئند معاہدہ

فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس اور اسرائیل کے مابین غزہ جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی کا معاہدہ طے پا گیا۔ عرب نیوز ترکیہ کے میڈیا الجزائر میڈیا نیٹ ورک اور بی بی سی کے ذرائع اور قطری وزیراعظم نے اس معاہدے کی تصدیق کی ہے۔ اس معاہدے سے پندرہ ماہ سے زائد عرصہ سے جاری جنگ کے خاتمہ کی امید پیدا ہوگئی ہے۔ اس سے قبل حماس نے غزہ جنگ بندی معاہدے کے مسودے کی منظوری دی۔ فریقین میں معاہدے کی خبر سامنے آنے پر غزہ میں کھلے آسمان تلے پڑے فلسطینیوں نے جشن منایا اور سجدے میں گر گئے۔ ہزاروں فلسطینی غزہ کی سڑکوں پر نکل آئے اور خوشی سے نعرے بلند کئے جبکہ اسرائیلی باشندے بھی خوشی سے نہال ہوگئے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوج نے جنوبی غزہ کی فیلاڈیلفی راہداری سے انخلا شروع کر دیا ہے۔ ادھر مصری حکومت نے رفح سرحدی گزرگاہ کے پاس طبی مرکز قائم کر دیا ہے جہاں عملہ اور ایمبولینسز پہنچا دی گئی ہیں۔ عرب میڈیا کا کہنا ہے کہ غزہ پٹی سے زخمیوں اور مریضوں کو ہنگامی بنیادوں پر ہسپتال منتقل کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے۔ مصری ہلال احمر کی ٹیمیں بھی صوبہ شمالی سینا پہنچ گئی ہیں جو غزہ پٹی کیلئے امدادی سامان کی ترسیل کی نگرانی کریں گی۔ نومنتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ میں موجود اسرائیلی مغویوں کی رہائی کا معاہدہ طے پانے کی تصدیق کی اور اس سلسلہ میں سوشل میڈیا پر جاری کئے گئے اپنے بیان میں کہا کہ مشرق وسطیٰ میں مغویوں کی رہائی کا معاہدہ ہوگیا ہے وہ جلد ہی رہا ہو جائیں گے۔ اس معاہدے کی تفصیلات بھی سامنے آگئی ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق غزہ جنگ بندی معاہدہ تین مراحل پر مشتمل ہے معاہدے کا پہلا مرحلہ چھ ہفتوں پر محیط ہے جس کے دوران اسرائیلی فوج غزہ کی سرحد کے اندر سات سو میٹر تک خود کو محدود کر لے گی۔ جنگ بندی کے اس مرحلے میں اسرائیل تقریباً دو ہزار فلسطینی قیدیوں کو رہا کریگا جن میں عمر قید کی سزا پانے والے اڑھائی سو قیدی بھی شامل ہیں۔ اسی طرح غزہ میں موجود 33 اسرائیلی مغویان کو بھی رہا کیا جائیگا جس کے بدلے میں ایک ہزار فلسطینی رہا کئے جائیں گے۔ اس مرحلے کے آغاز کے سات روز بعد اسرائیل مصر کے ساتھ رفح کراسنگ کھول دیگا۔ دوسری جانب جنگ بندی کی کوششوں کے باوجود غزہ میں اسرائیلی فوج کی بمباری جاری ہے جس کے نتیجہ میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 60 فلسطینی شہید ہوگئے۔ ایک رپورٹ کے مطابق اسرائیلی دھماکہ خیز ہتھیاروں کے استعمال کی وجہ سے ہر ماہ اوسطاً 475 بچے اور ایک دن میں پندرہ بچے عمر بھر کیلئے معذوری کا شکار ہو رہے ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق معاہدہ کی منظوری سے پہلے حماس نے غزہ پٹی سے اسرائیلی فوج کے مرحلہ وار انخلا کا جائزہ لیا۔ جنگ بندی کا آغاز ہونے پر قیدیوں کا تبادلہ اتوار سے شروع ہونے کا امکان ہے۔ قطری وزیراعظم شیخ محمد عبدالرحمٰن الجاسم نے جنگ بندی کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ انہوں نے گزشتہ روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ حماس اور اسرائیل میں جنگ بندی کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ یہ معاہدہ غزہ کیلئے انسانی امداد میں اضافے کا باعث بنے گا۔ ہم غزہ میں اپنے بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ حماس اور اسرائیل میں جنگ بندی کا اطلاق 19 جنوری سے ہوگا۔ اس حوالے سے امریکی صدر جو بائیڈن نے توقع ظاہر کی کہ جنگ بندی معاہدے سے خطے میں امن قائم ہوگا۔ انکے بقول گزشتہ سال مئی میں پیش کئے گئے جنگ بندی معاہدے کو درست سمت میں آگے بڑھایا گیا یہ معاہدہ امریکی سفارتکاری اور محنت کا نتیجہ ہے جنگ بندی اس وقت تک جاری رہے گی جب تک مذاکرات جاری رہیں گے۔ یہ امر واقع ہے کہ جنگ بندی معاہدہ طے پانے سے قبل تک اسرائیل کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر فلسطینیوں کے خون سے ہولی کھیلی جاتی رہی ہے جس میں شرف انسانیت کی ہر قدر پامال کی گئی اور اسرائیلی افواج نے فضائی اور زمینی حملوں میں شہری آبادیوں کے علاوہ ہسپتالوں تعلیمی اداروں بازاروں کمیونٹی سنٹرز اور امدادی کیمپوں تک کو ادھیڑ کر رکھ دیا چنانچہ پوری غزہ پٹی عملاً کھنڈرات میں تبدیل ہوگئی۔ اس وحشیانہ بمباری اور اسرائیلی بربریت کے دوسرے اقدامات سے روزانہ کی بنیادوں پر سینکڑوں شہادتیں ہوئیں جبکہ زخمی اور معذور ہونے والوں کی تعداد لاکھوں تک پہنچ چکی ہے جن میں خواتین اور بچوں کی تعداد زیادہ ہے۔ بعض رپورٹس میں اس جنگ کے دوران 46 ہزار سے زیادہ فلسطینیوں کی شہادتیں بتائی گئی ہیں جبکہ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ شہادتیں ایک لاکھ تک پہنچ چکی ہیں۔ احادیث مبارکہ میں تو ایک انسان کا قتل بھی پوری انسانیت کے قتل سے تعبیر کیا گیا ہے۔ یہاں تو 194ء میں برطانیہ اور دوسری الحادی قوتوں کی معاونت سے ناجائز ریاست اسرائیل کے قیام سے اب تک لاکھوں انسانوں کی جانیں اسرائیلی توسیع پسندانہ عزائم اور اسکے جنگی جنونی اقدامات کی بھینٹ چڑھ چکی ہیں اور امریکہ سمیت الحادی قوتوں کی معاونت سے اسرائیل فلسطین میں روز کربلا بپا کرتا رہا ہے جبکہ مسلمانوں کے قبلہ اول) بیت المقدس (سمیت تمام عبادت گاہیں اسرائیل کے ہاتھوں تاراج ہوتی رہیں۔ چھ دہائی قبل اقوام متحدہ نے کیمپ ڈیوڈ معاہدے کی روشنی میں مسئلہ فلسطین کا دو ریاستی حل نکالا جو اگرچہ فلسطینیوں کیلئے قابل قبول نہیں تھا کیونکہ اسرائیل کے نام پر قطعی ناجائز ریاست انکی سرزمین سے نکالی گئی تھی جبکہ اسرائیل نے اس معاہدے پر بھی اسکی روح کے مطابق عملدرآمد نہ کیا اور اپنے توسیع پسندانہ عزائم کی بنیاد پر ارض فلسطین پر اکھاڑ پچھاڑ کا سلسلہ جاری رکھا جس پر فلسطینیوں نے فلسطین لبریشن آرگنائزیشن) پی ایل او (اور دوسرے فورمز کے ذریعے آزادی کی تحریک جاری رکھی۔ اس تحریک کو دبانے کیلئے اسرائیل کی جانب سے جو ننگ انسانیت حربے اختیار کئے جاتے رہے وہ انسانی تاریخ کے بدترین مظالم کے زمرے میں آتے ہیں مگر فلسطینیوں کے حوصلے کبھی پست نہیں ہوئے۔ انہی اسرائیلی مظالم پر اپنے ردعمل کے اظہار کیلئے فلسطینیوں کی عسکری تنظیم حماس نے پندرہ ماہ قبل 7 اکتوبر 2023 کو اسرائیل پر میزائل حملے کئے جس کے جواب میں اسرائیل نے غزہ میں فلسطینیوں پر باقاعدہ جنگ مسلط کر دی جس میں امریکہ اور اسکی حواری دوسری الحادی قوتوں نے باقاعدہ جنگی حربی امداد کے ذریعے اسرائیل کے ہاتھ مضبوط کئے چنانچہ اسرائیل نے فلسطینیوں کے وحشیانہ قتل عام میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ اس پر عرب ریاستوں سمیت مسلم دنیا کی مجرمانہ خاموشی اور بے حسی کی بھی نئی مثال مسلمانوں کی تاریخ کے سیاہ ابواب کا حصہ بنی جبکہ فلسطینیوں کے حوصلے کبھی پست نہیں ہوئے اور انہوں نے اپنی جرات و بہادری کی نئی مثالیں قائم کیں۔ یہ طرفہ تماشا ہے کہ اسرائیلی مظالم کی خلاف مغربی دنیا سمیت دنیا بھر میں احتجاجی مظاہرے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل جنرل اسمبلی اور دنیا بھر کی انسانی حقوق کی تنظیموں کی جانب سے مذمتی قراردادیں منظور کر کے جنگ بندی کے تقاضے کئے گئے مگر اسرائیل کی جنونیت کے آگے بند نہ باندھا جا سکا اور نیتن یاہو کو جنگی مجرم قرار دینے کے عالمی عدالت انصاف کے فیصلے سے بھی اسرائیل کے جنونی ہاتھ نہ رک پائے۔

کزن میرج، کیا حقیقت کیا فسانہ

Ajar
عاصمیات
CREATIVE
عاصم نواز طاہر خیلی
Asim Nawaz TahirKheli
asim4vardaan@gmail.com

عصر حاضر کو سائنسی ترقی میں اوج کمال کا دور تصور کیا جاتا ہے۔ نت نئی ایجادات اور تحقیقات نے کئی ناممکنات کو ممکن کر دکھایا ہے۔ پرانے نظریات دم توڑ رہے ہیں اور ہر عمل کو سائنسی بنیادوں پر پرکھا اور رواج دیا جا رہا ہے۔ اسی تناظر میں کزن میرج کو بھی مضر تصور کیا جاتا ہے۔ اس موضوع پر کچھ عرصہ سے دو مختلف قسم کے نظریات پرورش پا رہے ہیں۔ ایک نظریہ کزن میرج کے مخالفین کا ہے اور دوسرا اس کے حامیوں پر مشتمل ہے۔ کزن میرج کے مخالفین سائنسی منطق سے ثابت کرتے ہیں کہ یہ اگلی نسل میں کئی جینیاتی مسائل اور بیماریوں کی منتقلی کا سبب بنتی ہے جبکہ حامی طبقہ مذہبی دلائل سے قریبی رشتوں میں شادی کو بہتر اور تقریباً لازمی سمجھتا ہے۔ میں نے دونوں قسم کے نظریات کا بغور مطالعہ کیا تو مجھے دونوں میں کچھ باتیں درست اور کچھ غلط نظر آئیں۔ دراصل یہ مخالفت یا حمایت کی بات نہیں بلکہ دونوں طبقات کے اپنے اپنے ایجنڈے ہیں جن پر وہ ساری دنیا کو چلانا چاہتے ہیں۔ کزن میرج کے مخالفین کا ایجنڈا نسبتاً زیادہ قابل اصلاح ہے البتہ حامیوں کو بھی شریعت اس پر مکمل عمل درآمد کا نہیں کہتی۔ مشاہدہ بتاتا ہے کہ نہ تو کزن میرج یعنی خونی رشتوں میں شادی کے مخالفین کا اصل مسئلہ بیماریوں کی روک تھام ہے اور نہ اس کے حامی مکمل مذہبی روح کو اجاگر کرتے ہیں۔ مغربی دنیا اور اس کے حامی خیالات پر مشتمل طبقہ کچھ حقائق کا سہارا لے کر ہمارے مضبوط خاندانی نظام کو توڑنے کے درپے ہے اور مشرقی روایات پسند طبقہ مذہب کا سہارا لیکر اپنی بہت سی آسانیوں کے لیے اس کو برقرار رکھنے کی جدوجہد کا حصہ بنے ہوئے ہے۔ مغرب یعنی یہودیت و عیسائیت اور ان کے حامیوں یعنی بدھ مت و ہندومت وغیرہ میں کزن کو سگے بھائی بہن جیسا تصور کیا جاتا ہے اس لیے ان میں کزن میرج ممنوع ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا اصل مسئلہ بیماریوں کی روک تھام سے زیادہ اپنے مذہبی عقائد و نظریات سے جڑا ہے۔ دوسری طرف اسلام وہ واحد بڑا مذہب ہے کہ جس میں کزن میرج کی اجازت ہے۔ البتہ یہ بات ذہن میں ضرور رکھنی چاہیے کہ اجازت کا مطلب "لازم" قطعاً نہیں ہے۔ اس لیے مسلمانوں میں شادیاں قریب، دور اور غیروں سب میں کی جاتی ہیں۔ آپس میں شادیوں سے اگر کسی جوڑے میں نسل در نسل چلنے والی بیماریاں منتقل ہونے کا خدشہ موجود ہو یا دل نہ چاہے تو زرا دور کے رشتوں اور غیروں میں بھی شادی کی اجازت ہے۔ میری نظر میں یہ کوئی اتنا بڑا ایشو نہیں کہ جس کی بنیاد پر اک طوفان کھڑا کیا جائے اور دیگر حل نکالنے کی بجائے اک مضبوط خاندانی نظام کو توڑنے کی سازش رچائی جائے۔ اگر دونوں جانب متوازن سوچ رکھ کر نظریات تشکیل دیے جائیں تو اس میں ساری انسانیت کا بھلا ہے۔ اگر آپس کی شادیوں سے صحت کے مسائل لازمی پیدا ہوتے ہیں تو پھر ہم جنس پرستی سے پیدا ہونے والی بیماریوں اور پیچیدگیوں سے صرف نظر کرنا کھلا ترین تضاد ہے۔ میں نے مغربی یا ان کے ہم خیال میڈیا میں ہم جنس پرستی کی کبھی اس قدر مخالفت نہیں دیکھی جتنی کزن میرج کی ہوتی ہے۔ ہم جنس پرستی اور فحاشی کے اڈوں میں تو انسان جنس بن جاتا ہے۔ وہاں ایڈز لگ جاتی ہے مگر اس کے سدباب سے زیادہ کزن میرج پر پابندی کی سوچ ناانصافی اور ظلم کے سوا کچھ بھی نہیں۔ اگر بیماریوں کی روک تھام مقصد ہوتا تو مغربی ممالک کا میڈیا، تنظیمیں اور صحت کے ادارے ہم جنس پرستی اور فحاشی کے اڈوں کے خلاف بھی ایسی ہی تحریکیں چلاتے۔ میرا خیال ہے کہ مغرب اور اس کے حامی خونی رشتوں میں شادی سے متعلقہ خدشات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں ورنہ سائنسی ترقی کے باعث کزن میرج تو پہلے سے کہیں زیادہ محفوظ ہو چکی ہے۔ بیشک کزن میرج سے کسی خاندانی بیماری یا جینیاتی مسئلے کے آگے منتقل ہونے کا چانس ضرور ہوتا ہے لیکن اس کا صرف اور صرف 4 سے 5 فیصد امکان ہے اور اس کو بھی بروقت ٹیسٹوں اور ادویات سے ختم یا کم کیا جاسکتا ہے۔ اگر خاندان میں نسلوں سے کوئی بیماری چلی آتی ہو اور ادویات سے درست علاج نہ ہونے کا شبہ ہو تو غیر کزن میں بھی شادی کی قطعاً ممانعت نہیں ہے۔ اگر کزن میرج سے خاندانی بیماریوں کی صرف 5 فیصد منتقلی کو دیکھیں تو دوسری جانب اس پر پابندی سے شادیوں کی تعداد میں کمی بھی کئی نفسیاتی بیماریوں اور گناہوں کا سبب بنتی ہے۔ دنیا میں ایسے نفسیاتی عوارض کا شکار لوگ کل آبادی کا 13 فیصد ہیں جو 5 فیصد سے زیادہ بڑی تعداد ہے۔ غیروں میں شادی خاندانی بیماری کو آگے بڑھانے میں رکاوٹ کا سبب ضرور بنتی ہے لیکن اس طرح دوسرے خاندان سے بھی کئی بیماریاں منتقل ہونے کا امکان ضرور موجود رہتا ہوگا۔ یہ بات میں اپنے زاتی مشاہدے اور تجربے کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں۔ میرے اپنے خاندان میں ایسی مثالیں موجود ہیں جن میں نسل در نسل کزن میرج کا کوئی نقصان نظر نہیں آ رہا اور کہیں کزن سے باہر شادی کے باوجود اولاد ذہنی یا جسمانی معذور پیدا ہوئی۔ اس سلسلے میں میرے ایک جاننے والے جن کے خاندان میں عموماً کزن میرج کا رواج ہے نے اپنے خاندان کے 350 گھروں کا ڈیٹا اکٹھا کیا تو یہ نتیجہ سامنے آیا کہ 10 گھروں کے بچے جن کی شادیاں غیر کزنز یا فیملی سے باہر تھیں کے بچے ڈس ایبل تھے اور 10 گھروں میں اولاد ہی نہ تھی۔ اس کے مقابلے میں قریبی رشتوں میں شادی شدہ گھر کسی بھی ایسے مسئلے میں مبتلا نہ تھے۔ میری مندرجہ بالا مثالوں کا مقصد قطعاً سائنسی نظریات کی مخالفت یا روایتی نظریات کی حمایت نہیں۔ صرف یہ کہنا مقصود ہے کہ حرف آخر کوئی بات نہیں۔ دونوں جانب اگر چند مضرات ہیں تو نوافع بھی موجود ہیں۔ البتہ کزن میرج یا دیگر قریبی رشتوں میں شادی سے جو مضبوط خاندانی نظام رواج پاتا ہے وہ اپنے اندر زیادہ نفع و سکون رکھتا ہے۔ قرآن باقاعدہ وہ رشتے گنواتا ہے کہ جہاں شادی کی جاسکتی ہے۔ اگر کزن میرج مضر ہوتی تو اللہ تعالیٰ قرآن میں کبھی ان رشتوں کے نام لے کر حلال نہ قرار دیتا بلکہ منع کرتا۔ اسلام نے جو رشتے حلال قرار دیے ان سے شادی میں نقصان کا سوال ہی پیدا نہیں ہوسکتا۔ البتہ یاد رہے کہ اسلام نے کزن میں شادی کو لازم بھی نہیں قرار دیا۔ اسلام میں پسندیدہ عمل نکاح ہے خواہ وہ کزن سے ہو یا غیر کزن سے۔ البتہ اس کے لیے کفو یعنی لڑکے لڑکی کا نسب، مال، شرافت، دین داری اور کسب و معاشرت وغیرہ میں اچھے جوڑ یا برابری کا حکم ہے تاکہ میاں بیوی میں باہم خوشگوار تعلقات قائم رہیں۔ اس لیے دونوں نظریات کے حامی اس بات کو مدنظر رکھ کر پرسکون و آسان شادیوں کو رواج دیں تو زیادہ بہتر نتائج نکل سکتے ہیں۔ اگر اسلامی تاریخ کا مشاہدہ کریں تو حضور پاکؐ نے اپنی پھوپھی زاد حضرت زینب سے شادی کی۔ حضرت فاطمہ کی شادی مبارک بھی کزن میرج کی عمدہ مثال ہے۔ اسی طرح نبی پاکؐ کی دیگر ازواج مطہرات کا غیر کزن ہونا اور صحابہ اکرام و بعد میں آنے والی شخصیات میں دونوں قسم کی شادیوں کا رواج ہونا ثابت کرتا ہے کہ اسلام نکاح میں کزن یا غیر کزن کی کوئی پابندی نہیں لگاتا البتہ خاندان میں شادی کے کئی سماجی فائدے ہیں جو غیروں میں حاصل نہیں ہوسکتے۔ مثلاً آپس میں شادیوں کی ایک بڑی وجہ اور نفع ایک دوسرے کی مالی و سماجی حیثیت سے واقفیت اور قریبی رشتوں کی بنیاد پر اک دوسرے کی ڈھال بن جانا ہے۔ غیروں میں شادی میں کم واقفیت کی بنیاد پر مستقبل میں پیچیدگیاں پیدا ہونے کا امکان رہتا ہے۔ نفع نقصان دونوں طرف موجود ہیں لیکن اس سلسلے میں کسی دانشور کا مندرجہ ذیل قول زیادہ موزوں نظر آتا ہے: "ان دیکھی حور سے دیکھی ہوئی چڑیل بہتر ہوتی ہے۔" کبھی کبھار یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ صرف کزن میرج پر ہی زور دینے والے طبقے میں قرابت داری بڑھانے کے بجائے مقصد وراثتی زمین پر قابض رہنا ہوتا ہے۔ اسی طرح غیر کزن پر زور دینے والے بھی دولت یا یورپ کی ویزے کی بنیاد پر غیر کزن میں شادیاں رچاتے نظر آتے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ شادی کا مقصد سودا نہیں بلکہ پیار کا پودا ہونا چاہیے۔ اگر کسی کو کزن پسند ہو تو والدین کو رکاوٹ نہیں ڈالنی چاہیے اور نہ ہی غیر کزن میں پسند کو ناپسند کرنا چاہیے۔ مقصد سودا ہو تو دونوں طریقے غلط ہیں اور خواہش نیک ہو تو دونوں بہتر ہیں البتہ قریب کے رشتوں میں شادی کے دونوں جانب بہت سے سکھ اور سکون ہیں۔ یعنی جوڑ مناسب ہو، تسلسل سے کوئی بیماری خاندان میں نہ چلی آ رہی ہو اور بچوں کو اعتراض نہ ہو تو باہر کے بجائے اپنوں میں شادی زیادہ بہتر ہے۔

حرام گوشت کی فروخت پر سخت قانون سازی کی جائے

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

ہم اکثر اخبارات میں پڑھتے ہیں کہ فلاں شہر یا گاؤں میں کھیتوں میں چھپ کر گدھا ذبح کرتے ہوئے دو یا تین افراد گدھے سمیت پکڑے گئے۔ لوگوں نے فوراً پولیس کو اطلاع دے دی جس نے موقع پر پہنچ کر ان افراد کو حراست میں لے کر مقدمہ درج کر لیا۔ گرفتار شدہ ملزموں کے بیان کے مطابق وہ گزشتہ کئی ماہ سے لاہور کے مختلف علاقوں کے بڑے بڑے ریسٹورنٹس کو گدھے کا گوشت سپلائی کر رہے تھے۔ لاہور کے ہوٹلوں کو گدھے کا گوشت سپلائی کرنے والے یہ واحد ملزمان نہیں ہوتے۔ یہ دھندہ گزشتہ کئی سال سے جاری ہے۔ اس گھناؤنے فعل کا ارتکاب کرنے والے کئی مرتبہ پکڑے گئے ہیں مگر یہ مکروہ دھندا کم ہونے کی بجائے بڑھتا ہی چلا جا رہا ہے۔ گدھے کے گوشت کے علاوہ مردہ مرغیوں کا گوشت فروخت کرنے کا کاروبار بھی عروج پر ہے۔ گرمی کے موسم میں تو یہ کام بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ برائلر مرغی بہت نازک مزاج ہوتی ہے۔ موسم کی سختی اس سے برداشت نہیں ہوتی۔ خاص طور پر گرمی کا موسم تو اس کے لیے بڑا ہی شدید ہوتا ہے۔ بہت سی مرغیاں پولٹری فارم میں گرمی کی حدت سے مر جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ جب مرغیاں سپلائی کی جاتی ہیں۔ تو سپلائی والی گاڑی میں سینکڑوں مرغیاں لدی ہوتی ہیں جس کی وجہ سے شدید حبس ہو جاتا ہے اور بہت سی مرغیاں سپلائی کے دوران بھی مر جاتی ہیں۔ شدید گرمی میں بھی یہی حال ہوتا ہے۔ مرغیاں موسم کی سختی برداشت نہ کرتے ہوئے مر جاتی ہیں۔ ان مرغیوں کو ضائع نہیں کیا جاتا بلکہ زندہ مرغیوں کے ساتھ ہی یہ مرغیاں بھی ہوٹلوں، ریسٹورنٹس، بیکریوں اور برگر شوارما بنانے والوں کو کم قیمت پر فروخت کر دی جاتی ہیں۔ پولٹری فارمز والے بڑے نقصان سے بچ جاتے ہیں جبکہ فاسٹ فوڈ اور دیگر پراڈکٹ بنانے والے سستا گوشت حاصل کر کے اپنے منافع کا مارجن بڑھا لیتے ہیں۔ رہے گاہک تو ان کی فکر کس کو ہے۔ گاہکوں کی فکر وہ کرے جسے اپنی آخرت کی فکر ہو۔ دنیاوی منافع کی خاطر دینی نقصان کر کے گھاٹے کا سودا کرنے والے موت کو بھی بھولے ہوئے ہیں اور دینی تعلیمات سے بھی بے بہرہ ہیں۔ آپ نے ایسا ہوتے بھی دیکھا ہوگا کہ مرغی کا گوشت خریدنے جائیں تو گندے اور خون آلود میلے کپڑوں میں ملبوس گوشت بیچنے والا آپ کو نظر آئے گا جس کے منہ میں پان ہوگا۔ پان کی سرخی رال کی صورت میں اس کی باچھوں سے بہہ رہی ہوگی یا پھر اس نے منہ میں نسوار رکھی ہوگی۔ بات کرتے وقت اس نسوار کی بدبو کے بھبکے گاہک کے صبر کا امتحان لے رہے ہوتے ہیں۔ وہ گاہک سے باتیں کرتے کرتے مرغی کے گلے پر چھری پھیر دیتا ہے۔ نہ اسے تکبیر پڑھنا یاد رہتا ہے اور نہ ہی گاہک کا دھیان اس طرف جاتا ہے۔ گوشت خریدتے وقت گاہک کو اس طرف خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ لوگوں کو مردار گوشت کھلانے میں قصائی حضرات بھی کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔ یہ لوگ مردہ بھینس، گائے، بچھڑا اور بکرا وغیرہ فوراً خرید لیتے ہیں۔ گوشت پر ویٹرنری ڈاکٹر کی مہریں لگانا ان کے لیے کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ اکثر کے پاس تو اپنی مہریں موجود ہوتی ہیں۔ مہر نہ بھی ہو تو صحت مند گوشت کے ساتھ ٹکڑوں کی صورت میں گاہکوں کو مردہ گوشت بھی فروخت کر دیا جاتا ہے۔ مردہ جانور یا گدھے کا گوشت فروخت کرنے کے پیچھے لالچ کے علاوہ جذبہ مسابقت بھی شامل ہے۔ راتوں رات امیر بننے کے چکر میں یہ لوگ اپنی آخرت کی فکر سے بے نیاز ہو چکے ہیں۔ نہ کسی کو اللہ کا ڈر ہے اور نہ ہی قانون کا خوف ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ جرائم پیشہ لوگوں کو خدا سے زیادہ قانون اور پولیس کا ڈر ہوتا ہے۔ سخت سزا کا خوف جرم کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہوتا ہے۔ میں نے نوجوان وکیل ملک بلال سے رابطہ کر کے مردہ اور گدھے کا گوشت فروخت کرنیوالوں کے لیے سزا کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ یہ قابل ضمانت جرم ہے۔ اس جرم کے مرتکب فرد کی فوراً ہی ضمانت ہو جاتی ہے۔ اگر ضمانت قبل از گرفتاری کروالی جائے تو وہ ضمانت، پکی ضمانت میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد کیس چلتا ہے اور جرم ثابت ہونے پر اس کی سزا چھ ماہ قید ہے۔ ملک بلال ایڈووکیٹ نے مزید بتایا کہ اگر ایک مرتبہ کا سزا یافتہ شخص دوبارہ اسی جرم کا ارتکاب کرے اور جرم ثابت ہو جائے تو اسے دو سال قید کی سزا ہوگی۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ لوگ جب پکڑے جاتے ہیں تو عدالت سے ضمانت پر رہا ہو کر واپس آ جاتے ہیں۔ اور اپنا مکروہ دھندہ دوبارہ شروع کر دیتے ہیں۔ ان کو سزا ہوتے اور جیل جاتے کبھی نہیں دیکھا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں کے خلاف سرکار کی طرف سے پرچہ درج ہوتا ہے۔ کبھی مدعی پولیس ہوتی ہے تو کبھی ویٹرنری ڈاکٹر مدعی ہوتا ہے۔ ایسے مقدمات میں گواہ پولیس اپنی مرضی کے رکھتی ہے جو کبھی عدالت میں گواہی کے لیے پیش نہیں ہوتے۔ نتیجے کے طور پر ملزم بے گناہ ثابت ہو کر بری ہو جاتے ہیں۔ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے۔ اسلامی ملک میں مردہ اور حرام جانوروں کے گوشت کی فروخت دھڑلے سے جاری ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ لوگوں کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کرنے والے اس مکروہ دھندے کی روک تھام کے لیے سخت سزا دینے والی قانون سازی کی جائے۔ اسے ناقابل ضمانت جرم قرار دیا جائے۔ ملزمان کے خلاف بھرتی کے گواہ نہیں ہونے چاہییں بلکہ ایسے مضبوط گواہ ہوں جنہیں اپروچ نہ کیا جا سکے اور وہ اپنی قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے عدالت میں پیش ہوں۔ جرم ثابت ہونے پر کم از کم سزا پانچ سال قید اور پانچ لاکھ جرمانہ مقرر کی جائے۔ مردہ گوشت خریدنے والے ریسٹورنٹس، بیکری مالکان اور فاسٹ فوڈ شاپس کے مالکان کو بھی یہی سزا دیتے ہوئے ان کا کاروباری لائسنس منسوخ کیا جائے۔ تاکہ یہ لوگ عوام کو حرام گوشت اور اس سے بنی ہوئی پراڈکٹس فروخت کرنے سے پہلے ہزار مرتبہ سوچیں۔ ہم اکثر اخبارات میں پڑھتے ہیں کہ فلاں شہر یا گاؤں میں کھیتوں میں چھپ کر گدھا ذبح کرتے ہوئے دو یا تین افراد گدھے سمیت پکڑے گئے۔ لوگوں نے فوراً پولیس کو اطلاع دے دی جس نے موقع پر پہنچ کر ان افراد کو حراست میں لے کر مقدمہ درج کر لیا۔ گرفتار شدہ ملزموں کے بیان کے مطابق وہ گزشتہ کئی ماہ سے لاہور کے مختلف علاقوں کے بڑے بڑے ریسٹورنٹس کو گدھے کا گوشت سپلائی کر رہے تھے۔ لاہور کے ہوٹلوں کو گدھے کا گوشت سپلائی کرنے والے یہ واحد ملزمان نہیں ہوتے۔ یہ دھندہ گزشتہ کئی سال سے جاری ہے۔ اس گھناؤنے فعل کا ارتکاب کرنے والے کئی مرتبہ پکڑے گئے ہیں مگر یہ مکروہ دھندا کم ہونے کی بجائے بڑھتا ہی چلا جا رہا ہے۔ گدھے کے گوشت کے علاوہ مردہ مرغیوں کا گوشت فروخت کرنے کا کاروبار بھی عروج پر ہے۔ گرمی کے موسم میں تو یہ کام بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ برائلر مرغی بہت نازک مزاج ہوتی ہے۔ موسم کی سختی اس سے برداشت نہیں ہوتی۔ خاص طور پر گرمی کا موسم تو اس کے لیے بڑا ہی شدید ہوتا ہے۔ بہت سی مرغیاں پولٹری فارم میں گرمی کی حدت سے مر جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ جب مرغیاں سپلائی کی جاتی ہیں۔ تو سپلائی والی گاڑی میں سینکڑوں مرغیاں لدی ہوتی ہیں جس کی وجہ سے شدید حبس ہو جاتا ہے اور بہت سی مرغیاں سپلائی کے دوران بھی مر جاتی ہیں۔ شدید گرمی میں بھی یہی حال ہوتا ہے۔ مرغیاں موسم کی سختی برداشت نہ کرتے ہوئے مر جاتی ہیں۔ ان مرغیوں کو ضائع نہیں کیا جاتا بلکہ زندہ مرغیوں کے ساتھ ہی یہ مرغیاں بھی ہوٹلوں، ریسٹورنٹس، بیکریوں اور برگر شوارما بنانے والوں کو کم قیمت پر فروخت کر دی جاتی ہیں۔ پولٹری فارمز والے بڑے نقصان سے بچ جاتے ہیں جبکہ فاسٹ فوڈ اور دیگر پراڈکٹ بنانے والے سستا گوشت حاصل کر کے اپنے منافع کا مارجن بڑھا لیتے ہیں۔ رہے گاہک تو ان کی فکر کس کو ہے۔ گاہکوں کی فکر وہ کرے جسے اپنی آخرت کی فکر ہو۔ دنیاوی منافع کی خاطر دینی نقصان کر کے گھاٹے کا سودا کرنے والے موت کو بھی بھولے ہوئے ہیں اور دینی تعلیمات سے بھی بے بہرہ ہیں۔ آپ نے ایسا ہوتے بھی دیکھا ہوگا کہ مرغی کا گوشت خریدنے جائیں تو گندے اور خون آلود میلے کپڑوں میں ملبوس گوشت بیچنے والا آپ کو نظر آئے گا جس کے منہ میں پان ہوگا۔ پان کی سرخی رال کی صورت میں اس کی باچھوں سے بہہ رہی ہوگی یا پھر اس نے منہ میں نسوار رکھی ہوگی۔ بات کرتے وقت اس نسوار کی بدبو کے بھبکے گاہک کے صبر کا امتحان لے رہے ہوتے ہیں۔ وہ گاہک سے باتیں کرتے کرتے مرغی کے گلے پر چھری پھیر دیتا ہے۔ نہ اسے تکبیر پڑھنا یاد رہتا ہے اور نہ ہی گاہک کا دھیان اس طرف جاتا ہے۔ گوشت خریدتے وقت گاہک کو اس طرف خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ لوگوں کو مردار گوشت کھلانے میں قصائی حضرات بھی کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔ یہ لوگ مردہ بھینس، گائے، بچھڑا اور بکرا وغیرہ فوراً خرید لیتے ہیں۔ گوشت پر ویٹرنری ڈاکٹر کی مہریں لگانا ان کے لیے کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ اکثر کے پاس تو اپنی مہریں موجود ہوتی ہیں۔ مہر نہ بھی ہو تو صحت مند گوشت کے ساتھ ٹکڑوں کی صورت میں گاہکوں کو مردہ گوشت بھی فروخت کر دیا جاتا ہے۔ مردہ جانور یا گدھے کا گوشت فروخت کرنے کے پیچھے لالچ کے علاوہ جذبہ مسابقت بھی شامل ہے۔ راتوں رات امیر بننے کے چکر میں یہ لوگ اپنی آخرت کی فکر سے بے نیاز ہو چکے ہیں۔ نہ کسی کو اللہ کا ڈر ہے اور نہ ہی قانون کا خوف ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ جرائم پیشہ لوگوں کو خدا سے زیادہ قانون اور پولیس کا ڈر ہوتا ہے۔ سخت سزا کا خوف جرم کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہوتا ہے۔ میں نے نوجوان وکیل ملک بلال سے رابطہ کر کے مردہ اور گدھے کا گوشت فروخت کرنیوالوں کے لیے سزا کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ یہ قابل ضمانت جرم ہے۔ اس جرم کے مرتکب فرد کی فوراً ہی ضمانت ہو جاتی ہے۔ اگر ضمانت قبل از گرفتاری کروالی جائے تو وہ ضمانت، پکی ضمانت میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد کیس چلتا ہے اور جرم ثابت ہونے پر اس کی سزا چھ ماہ قید ہے۔ ملک بلال ایڈووکیٹ نے مزید بتایا کہ اگر ایک مرتبہ کا سزا یافتہ شخص دوبارہ اسی جرم کا ارتکاب کرے اور جرم ثابت ہو جائے تو اسے دو سال قید کی سزا ہوگی۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ لوگ جب پکڑے جاتے ہیں تو عدالت سے ضمانت پر رہا ہو کر واپس آ جاتے ہیں۔ اور اپنا مکروہ دھندہ دوبارہ شروع کر دیتے ہیں۔ ان کو سزا ہوتے اور جیل جاتے کبھی نہیں دیکھا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں کے خلاف سرکار کی طرف سے پرچہ درج ہوتا ہے۔ کبھی مدعی پولیس ہوتی ہے تو کبھی ویٹرنری ڈاکٹر مدعی ہوتا ہے۔

جہیز ممانعت بل پورے پاکستان کیلئے

بلا امتیاز
امتیاز علی شاکر
imtiazali470@gmail.com

معاشی مشکلات اور معاشرتی نمود و نمائش کے ساتھ جہیز کے بڑھتے رجحانات کے سبب پاکستان میں کروڑوں بچیاں شادی کے انتظار میں بوڑھی ہو رہی ہیں، گزشتہ سال اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ میں پاکستان میں 35 سال سے بڑی عمر کی غیر شادی شدہ خواتین کی تعداد ایک کروڑ سے زائد بتائی گئی تھی جبکہ حقیقت میں یہ تعداد کہیں زیادہ ہے۔ جہیز اور نمائش ہمارے معاشرے کے لیے سنگین مسائل بن چکے ہیں، اجتماعی طور پر ان کے خلاف شعور بیداری، اسلامی تعلیمات پر عمل، سادگی کے ساتھ نکاح، صاحب ثروت خاندانوں کو عدم نمائش کا پابند بنانے کے ساتھ جہیز کیخلاف سخت قانون سازی کی جائے تو ان مسائل کا آسان اور پائیدار حل ممکن ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی قومی اسمبلی میں رکن شرمیلا فاروقی نے قومی اسمبلی میں جہیز کی ممانعت کا بل پیش کیا ہے جس کا نام اسلام آباد دار الحکومتی علاقہ جہیز کی ممانعت کا بل 2025ء بتایا گیا ہے، بل کے متن میں جہیز لینا، جہیز کے لین دین میں کسی قسم کی معاونت، حوصلہ افزائی یا اس کیلئے معاہدہ کرنا جرم قرار دیا گیا ہے، جہیز کی ممانعت کا بل قائمہ کمیٹی کو مزید غور کیلئے بھیج دیا گیا جسے قائمہ کمیٹی کی منظوری کے بعد ایوان میں پیش کیا جائے گا، بل کا اطلاق اسلام آباد کی حدود میں ہوگا۔ نفاذ پر کم از کم 5 سال قید بمعہ کم از کم اڑھائی لاکھ یا پھر جہیز کی مالیت کے برابر جرمانہ کا مستوجب ہوگا، بل کے مطابق جہیز سے مراد شادی کے سلسلے میں دلہن کو اس کے والدین کی جانب سے بالواسطہ یا براہ راست کسی رقم یا کسی دیگر املاک کا انتقال ہے ،وہ جائیداد شامل نہیں جو وراثت اور جانشینی سے متعلق قوانین کے دلہن پر قابل اطلاق ہونے کے باعث اسے وراثت کے طور پر دی جائے، بل کے نفاذ کی صورت میں کوئی شخص جہیز کے لینے دینے میں مدد کرتا ہے یا لیتا ہے یا اس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے یا اس کیلئے کوئی معاہدہ کرتا ہے تو وہ کم از کم پانچ سال قید بمع جرمانہ جو کم از کم اڑھائی لاکھ یا پھر جہیز کی مالیت کے برابر ہوسکتا ہے۔ دولہا اور دلہن کو دیئے گئے تحائف پر اس قانون کا اطلاق نہیں ہوگا، واسطہ یا بالواسطہ جہیز کا مطالبہ کرنے پر کم سے کم دو سال کی سزا کم سے کم اڑھائی لاکھ روپے کا جرمانہ عائد ہوگا، عدالت مخصوص وجوہات پر سزا ایک سال سے کم کر کے آٹھ ماہ تک سنا سکتی ہے، جہیز کے حوالے سے اشتہارات پر بھی پابندی عائد ہوگی، کوئی رشتے کے لیے جائیداد یا کسی کاروبار کی پیش کش کرتا ہے تو وہ سزا کا مستحق ہوگا، سزا کی مدت دو سال جبکہ ایک لاکھ روپے جرمانہ بھی ہوسکتا ہے، ایکٹ کے تحت یہ جرائم ناقابل ضمانت، ناقابل راضی نامہ ہوں گے۔ جہیز کے لین دین کیخلاف بل قابل تحسین ہے پر بل کا اطلاق صرف اسلام آباد کی حدود تک محدود رکھنے کی بجائے پورے پاکستان میں نافذ کیا جانا چاہیے، امید کرتے ہیں کہ ایوان جہیز ممانعت بل صرف اسلام آباد کی حد تک نہیں بلکہ پورے پاکستان کیلئے منظور کرے گا، اس بل کے ذریعے جہیز ممانعت کے ساتھ نمائش کیخلاف سخت قانون سازی اور نکاح کی تقریب کو سادہ ترین بنانے پر بھی زور دیا جانا چاہیے۔ یہ تو ہم سب جانتے ہیں کہ والدین کی طرف سے بیٹی کے نکاح کے موقع پر دیئے جانے والے تحائف کو جہیز کہا جاتا ہے، والدین اپنی حیثیت کے مطابق اپنی خوشی سے جو بھی تحفہ دینا چاہیں اس میں نہ تو کوئی ممانعت ہونی چاہیے اور نہ ہی یہ برائی ہے، جہیز برائی تب بنتا ہے جب امیر خاندان اپنی بیٹی کے جہیز کے سامان کی نمائش کر کے غریب کی بیٹی کے نکاح کو مشکل بنا دیتے ہیں، جب لڑکے والے بیٹی کے والدین سے جہیز کا مطالبہ کرتے ہیں، مطالبہ چاہے ایک روپے مالیت کا ہو یا ایک ارب روپے مالیت کی چیز یا نقد رقم کا ہو انتہائی گھٹیا اور بے شرمی کا مظاہرہ سمجھا جانا چاہیے اور جہیز کا مطالبہ کرنے والوں کیخلاف سخت ترین قانون سازی کی جانی چاہیے جس پر سختی کے ساتھ عمل درآمد بھی کیا جانا چاہیے، جہیز کی ممانعت کیلئے حکومتی اقدامات کے ساتھ عوامی سطح پر آگاہی کی بھی ضرورت ہے۔ مسلم معاشرے میں نکاح ایک مقدس رشتہ ہے جسے اسلام نہایت سادگی اور آسانی کے ساتھ انجام دینے کا درس دیتا ہے، نکاح کا بنیادی مقصد دو انسانوں کے درمیان محبت، سکون، اور ہم آہنگی پیدا کرنا ہے، دین اسلام میں سب سے بابرکت نکاح اسے قرار دیا گیا ہے جس کے اخراجات انتہائی قلیل رکھے جائیں، دین اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں کم خرچ اور انتہائی سادگی کے ساتھ انجام پانے والے نکاح کو پسندیدہ اور بابرکت قرار دیا گیا ہے، نبی کریم ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ اور حضرت علیؓ کی سادگی سے شادی عظیم مثال ہے، حضرت فاطمہؓ اور حضرت علیؓ کے نکاح سے پہلے نئے جوڑے کی ضروریات زندگی کا سامان حضرت علیؓ کی زرہ بیچ کر خریدا گیا جو کہ نہایت ہی مختصر اشیاء پر مشتمل تھا۔ اسلامی تعلیمات کا عملی نمونہ اس سے بہتر اور کیا ہوسکتا ہے؟ افسوس صد افسوس کہ مسلم معاشرے نے نکاح جیسی انتہائی اہم تقریب کو بھی دنیاوی نمائش کا نمونہ بنا دیا ہے، قرآن و حدیث میں واضح حکم دیا گیا ہے کہ لڑکے اور لڑکی کے بالغ ہوتے ہی انہیں سادگی سے نکاح کے بندھن میں باندھ دیا جائے تاکہ وہ حلال رشتے میں بندھ کر پاکیزہ اور صحت مند زندگی گزار سکیں اور گناہوں سے بچے رہیں، دین اسلام نے جس رشتے کی بنیاد پاکیزگی رکھی تھی مسلمانوں نے جہیز اور دیگر رسم و رواج کا پابند بنا کر اس قدر پیچیدہ بنا دیا ہے کہ اکثر غریب خاندانوں کی بچیوں کو جہیز کی چیزیں پوری کرنے کی غرض سے جسم فروشی جیسی اذیت سے گزرنا پڑتا ہے، کیا ایسے معاشرے کو اسلامی معاشرہ کہلانے کا حق حاصل ہونا چاہیے جہاں جہیز کا سامان پورا کرتے کرتے نکاح کی عمر گزرنے کے ساتھ پاک دامنی بھی کہیں ماضی میں گم ہو جائے، جہاں جہیز نہ لانے یا کم لانے پر بیٹیوں پر تشدد کے واقعات عام ہوں، بہو، بیٹیوں کو زندہ جلا دیا جائے؟ رکن قومی اسمبلی محترمہ شرمیلا فاروقی کی جانب سے پیش کیا جانے والا جہیز ممانعت بل انتہائی اہم اور سنجیدہ معاملے کی طرف توجہ دلانے کیلئے کافی ہے جسکی جتنی حوصلہ افزائی کی جائے کم ہے!

چوتھے ستون کے بغیر کارکردگی صفر ہی رہے گی

نقارہ حق
عابد حسین مغل
abidmughalpk@gmail.com

اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطاء کردہ عہدے اور اقتدار کی طاقت کے حصول کے بعد انسان کو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے اور خدا تعالیٰ کے دیئے کے اختیار کو امانت سمجھ کر انسانیت کی بھلائی کے لیے استعمال کرنا چاہئے۔ کبھی بھی اس عارضی عہدے اور اقتدار کے نشے میں اپنے آپ کو خدا نہ سمجھنے لگ جائیں۔ پاکستان میں اس کی کئی ایک مثالیں دی جاسکتی ہیں لیکن اگر وہ نہیں رہ سکے تو یہ سمجھ جائیں کہ کل آپ بھی نہیں ہوں گے۔ آئین کو طاقت سے کچل کر اقتدار میں آنے والا پرویز مشرف آج کہاں ہے۔ وہ تو دور کی بات ہے ابھی کل کی ہی بات کر لیتے ہیں کہ عمران خان کا دور اقتدار تھا تو وہ طاقت کے اس نشے میں کس انداز میں گفتگو کرتا تھا شعبہ صحافت اور صحافیوں کے ساتھ سب سے بڑا ظلم انہی کے دور میں ہوا انہوں نے میڈیا کو کمزور کرنے کے لیے مختلف طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے صحافیوں کو بے روزگار کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جو ہو سکتا تھا کیا اس کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں کیونکہ میرے شعبہ کا ہر فرد اس سے آگاہ ہے، آج کل پنجاب کی راجکماری مریم نواز جنوری کو یوتھ کے لیے منا رہی ہے وہ ہر یونیورسٹی میں جا رہی ہیں اور باقی بھی کئی فلاحی منصوبہ جات کے افتتاح کر رہی ہیں جس سے پنجاب میں رکا ہوا ترقی کا عمل دوبارہ شروع ہونے کی امید تو ہے جو کہ ایک گھٹن زدہ ماحول میں ٹھنڈی ہوا کا جھونکا محسوس ہوتا ہے۔ وہ ہر جگہ جا کر طالبات کے ساتھ بڑی شفقت سے پیش آتی ہیں وہ ایک الگ کہانی ہے کہ ان کا دورہ مقامی ضلع کو کروڑوں روپے کا ٹیکہ لگا جاتا ہے ہر دورے پر کروڑوں روپے کرپشن کی نظر ہو جاتے ہیں۔ راجکماری کے استقبال کے لیے آئے مقامی اراکین اسمبلی بے بسی کی تصویر بنے نظر آتے ہیں یہ سارے کام وقت کی ضرورت بھی ہیں اور اقتدار میں آنے والے ہر سیاست دان کا حق بھی ہیں اسی طرح اس ملک میں ہوتا رہا ہے شاید ہماری زندگی میں یہ ہی ہوتا رہے گا۔ جس بات نے مجھے سوچنے پر مجبور کیا ہے وہ یہ ہے کہ اگر راجکماری صاحبہ پنجاب کی نوجوان نسل اور پنجاب کی ترقی کے لیے یہ سارے منصوبہ جات شروع کر رہی ہیں تو ان کو ایک عام آدمی سیاسی کارکنوں اور صحافیوں سے چھپانے کی ضرورت کیا پیش آ رہی ہے ابھی تک انہوں نے جتنے بھی دورے کیے ہیں کسی میں بھی مقامی سیاسی کارکنوں اور صحافیوں کو پروگرام میں شامل نہیں ہونے دیا بلکہ صحافیوں کو پروگرامز میں شامل ہونے سے طاقت کے زور پر روکا گیا ہے۔ اگر پروگرام میں صحافی نہیں ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ دال میں کچھ تو کالا ضرور ہے، جو کام فری میں ہو سکتا ہے اس کے لیے قوم کے کروڑوں خرچ کرنے کی ضرورت کیا ہے اصل میں اگر صحافی آئیں گے تو حقیقت کو کسی صورت ان کی نظروں سے اوجھل نہیں کیا جاسکے گا وہ آپ کی کمی بیشی کو لازمی عوام کے سامنے لائیں گے۔ عمران خان کے دور میں صحافیوں کے ساتھ ہونے والی ایسی زیادتیوں پر مریم نواز صاحبہ اکثر گفتگو بھی کرتی تھیں اور احتجاج کرتی بھی کئی بار نظر آئیں لیکن اقتدار میں آکر خود بھی اسی راستے پر چل پڑی ہیں اور پہلے سے سخت رویہ کے ساتھ علاقائی صحافیوں کو مکمل نظر انداز کر رہی ہیں۔ ہر موقع پر علاقائی صحافیوں کو نظر انداز کرنا حکومت کا طرز عمل بن چکا ہے مقامی ضلعی انتظامیہ کا فرمان ہے کہ وزیر اعلیٰ کی سیکیورٹی ٹیم ہی انتظامات کر رہی ہے اس وجہ سے انہوں نے ہی صحافیوں کے داخلے پر پابندی لگائی ہے، اصل میں ان سیاست دانوں کو یہ ہی بات تو آج تک سمجھ نہیں آئی ہے کہ ان کے نوٹس میں حقائق نہ تو انتظامیہ نے لانے ہوتے ہیں نا ہی آپ کے ارکان اسمبلی نے اصل حقائق بیان کرنے ہوتے ہیں ہر کسی کے اپنے مفاد ہوتے ہیں وہ کریں بھی کس لیے کیونکہ یہ ان کی ذمہ داری میں شامل نہیں ہے، جن کی ذمہ داری ہے آپ ان سے اقتدار کے نشے میں ملاقات تک کرنا پسند نہیں کرتے جس وجہ سے آپ سے ایسی غلطیاں کروائی جاتی ہیں جن کا راستہ ہمیشہ آپ کو جیل تک لے جاتا ہے، مقامی صحافی ہی ہمیشہ اصل حقیقت کھول کر آپ کے سامنے رکھتے ہیں، آپ کے مشیر اس لیے سیاسی کارکنوں اور صحافیوں کو ایسے پروگرامز میں شامل نہیں ہونے دیتے کہ ان کی دونمبری آپ کے سامنے نہ آجائے۔ مریم بی بی آپ نے ہر جگہ صحافیوں کو پروگراموں میں نہ بلا کر اپنا ہی نقصان کیا ہے جس کا اندازہ آپ کو بعد میں ہوگا جب آپ کے ہاتھ میں طاقت نہیں ہوگی پتہ نہیں آپ حقیقت سے کیوں دور رہ کر کام کرنا چاہتی ہیں یاد رکھیں کہ آپ کے دائیں اور بائیں جو جنت نظر آتی ہے یہ آپ سے پہلے ہر حکمران کو ایسے ہی چند دن نظر آتی رہی ہے، اتنی محنت کے باوجود ریاست کے چوتھے ستون (صحافت) کے بغیر آپ کی کارکردگی ہمیشہ صفر ہی رہے گی۔

اپنے ملک کی قدر کریں

حرف تخلیق
خالد غورغشتی

یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی کہ لوگ پل بھر میں کیسے اپنے ماضی کو بھول جاتے ہیں؟ کیسے سوشل میڈیا ٹرینڈ میں مبتلا کر کے انھیں اپنے مقصد کے لیے اُلو بنایا جاتا ہے۔ اس کی ایک مثال ٹیسلا اور سپیس ایکس کے مالک ایلون ماسک کی ہے۔ جس نے حالیہ الیکشن میں نہ صرف ٹرمپ کی مکمل حمایت کی بلکہ اس نے ایکس سمیت سوشل میڈیا پر ٹرمپ کے حق میں ایک زبردست مہم کی، جس کے نتائج سامنے ہیں۔ شنید ہے کہ وہ کابینہ کا حصہ ہوں گے۔ ماسک جو کہ دنیا کا امیر ترین شخص ہے، تقریباً 425 ارب ڈالرز سے زائد کا مالک ہے۔ اگر ایسا ہو گیا تو مستقبل میں ٹرمپ کابینہ کسی بھی ملک کے انتخابی نتائج پر بذریعہ سوشل میڈیا مزید اثر انداز ہو سکے گی۔ مملکتِ خداداد پاکستان جب سے معرضِ وجود میں آیا تو کچھ ہی عرصے بعد یہ عوامی جہد وجہد سے ترقی کی راہ پر جانب گامزن ہو گیا۔ کہتے ہیں، قابل افراد کے ہاتھوں میں جب قوم کی تقدیر سونپی جائے تو پھر ملک راتوں رات ترقی کی راہوں پر گامزن ہو جاتا ہے۔ ستر فی صد زرعی رقبے پر مشتمل عوام کے پاس اگرچہ کئی بنیادی سہولیات کی کمی تھی لیکن لوگ جفاکش اور ملنسار ہونے کے باعث لوٹ مار اور چوری ڈکیتی کم تھی۔ ادارے، کارخانے اور کاروبار بہتر تھے۔ کہیں سفری پابندیاں نہ تھی حتی کہ یورپی ویزوں کی لاٹریاں نکلتی اور کئی لوگ یہاں سے ہجرت پر آمادہ نہ تھے۔ پی آئی اے کی دنیا مثالیں دیتی اور کارخانے خوب شب و روز اپنے عروج پر تھے۔ فرقہ واریت، سیاسی انتشار اور صوبائی عصبیت کی عوام کو دور دور تک خبر نہ تھی۔ پردے کا زبردست انتظام ہوتا۔ جمعہ اور عیدین کو مساجد کھچا کھچ بھری ہوئی ہوتیں۔ عوام کے پاس کئی بنیادی وسائل نہ ہونے کے باوجود وہ قدرتی طور پر خوش حال تھے۔ شاید اس کے پیچھے ایک وجہ ہریالی تھی۔ کسی بھی گاؤں میں جگہ جگہ درختوں کے جھنڈ، زرعی رقبہ پر کاشت اور ہر گھر میں درختوں کی بہتات تھی۔ جیسے ہی کثیر لوگ یورپی ممالک جانا شروع ہوئے اور کچھ عرصہ بعد انٹرنیٹ عام ہونے لگا، اب آہستہ آہستہ ایک دوسرے سے وہ اُکتانے لگے۔ محبتوں کی جگہ نفرتوں کی شمع روشن ہونے لگی۔ وہ لوگ جو کبھی محنت کے بل بوتے پر زندگی جینے کے آرزومند تھے، اب رات دیر تک جاگ کر انٹرنیٹ پر بسر کرنے پر مجبور ہو گئے۔ جب وہ دیر سے جاگتے تو اب وہ محنت سے جی چرانے لگے۔ فصلیں اُگانے کی بجائے زمینیں ٹھیکے پر دی جانے لگی۔ اب لوگ کام سے جی چرانے لگے۔ مال اموال بیچ کر بیرون ملک منتقل ہونے لگے۔ انھیں اس بات سے کوئی سروکار نہ تھا کہ ہمارا ملک کس نہج سے گزر رہا ہے۔ یہ بے روزگار لوگ یورپی پیسے سے امیر کبیر تو ہو گئے لیکن پیسوں کی یلغار نے ان سے رشتوں کا تقدس چھین کر رکھ دیا۔ وہ والدین کو بوجھ سمجھ کر اولڈ ہاؤس یا اپنے ملک بھیجنے پر مجبور ہو گئے۔ کچھ کو جب اپنی نسلوں کے ایمان کے لالے پڑے تو وہ ان کے دین و ایمان کو بچانے کے لیے پاکستان سے شادیاں کروانے لگے۔ اب کیا تھا ساری عمر کی جمع پونجی اکٹھی کر کے سامان باندھا اور پاکستان تشریف لے آئے۔ بچوں کو پاکستان میں شادیاں کروائیں۔ ایک ایک شادی پہ دس دس کروڑ نمائش، فیشن رسومات اور کھانوں پر لگا دیا۔ اس کا مزید نقصان یہ ہوا کہ یہاں کے باقی ماندہ لوگ بھی ان رسومات کی بھینٹ چڑھنے لگے۔ اس طرح وہ بے بس ہو کر رہ گئے۔ یہ جو ہم ہر وقت ریاستی تشدد کا رونا روتے رہتے ہیں نا، کبھی اپنے گریبان میں بھی جھانک کر دیکھیں۔ ہم زندگی یورپ کی اور موت مدینے کی چاہتے ہیں۔ ہم مہنگی سبزیاں، پھل اور اناج کا رونا روتے ہیں تو اکثر چیزیں ہم نے خود نہ اُگا کر مہنگی کی ہیں۔ ہم نے زرعی رقبے کو چند سکوں کی خاطر ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے سپرد کر کے اور پختہ مکانات سے سجا کر بنجر کر دیں۔ ہم نے کارخانوں اور تعلیمی اداروں کے ساتھ تعاون نہ کر کے اولادوں کو بیرون ملک پڑھنے اور روزگار کے لیے بھیج کر اپنے آپ سے دشمنی کی۔ ضرورت کی حد تک یہ سب باتیں ٹھیک تھی مگر جب ہم نے اس کو مجبوری بنا دیا تو محتاج بن کر بلکہ بھکاری بن کر رہ گئے۔ اپنے ملک کی اشیا اور اداروں کی قدر کرو، دنیا تمھاری قدر کرے گی۔ پیوستہ رہنا ہے، شجر سے اور امید رکھنا ہے۔ ہر شب غم کی سحر ضرور ہوتی ہے۔ جہاں بھی رہے ملک وقوم اور مذہب کے ساتھ وفادار رہیے۔ مملکتِ خداداد پاکستان جب سے معرضِ وجود میں آیا تو کچھ ہی عرصے بعد یہ عوامی جہد وجہد سے ترقی کی راہ پر جانب گامزن ہو گیا۔ کہتے ہیں، قابل افراد کے ہاتھوں میں جب قوم کی تقدیر سونپی جائے تو پھر ملک راتوں رات ترقی کی راہوں پر گامزن ہو جاتا ہے۔ ستر فی صد زرعی رقبے پر مشتمل عوام کے پاس اگرچہ کئی بنیادی سہولیات کی کمی تھی لیکن لوگ جفاکش اور ملنسار ہونے کے باعث لوٹ مار اور چوری ڈکیتی کم تھی۔ ادارے، کارخانے اور کاروبار بہتر تھے۔ کہیں سفری پابندیاں نہ تھی حتی کہ یورپی ویزوں کی لاٹریاں نکلتی اور کئی لوگ یہاں سے ہجرت پر آمادہ نہ تھے۔ پی آئی اے کی دنیا مثالیں دیتی اور کارخانے خوب شب و روز اپنے عروج پر تھے۔ فرقہ واریت، سیاسی انتشار اور صوبائی عصبیت کی عوام کو دور دور تک خبر نہ تھی۔ پردے کا زبردست انتظام ہوتا۔ جمعہ اور عیدین کو مساجد کھچا کھچ بھری ہوئی ہوتیں۔ عوام کے پاس کئی بنیادی وسائل نہ ہونے کے باوجود وہ قدرتی طور پر خوش حال تھے۔ شاید اس کے پیچھے ایک وجہ ہریالی تھی۔ کسی بھی گاؤں میں جگہ جگہ درختوں کے جھنڈ، زرعی رقبہ پر کاشت اور ہر گھر میں درختوں کی بہتات تھی۔ جیسے ہی کثیر لوگ یورپی ممالک جانا شروع ہوئے اور کچھ عرصہ بعد انٹرنیٹ عام ہونے لگا، اب آہستہ آہستہ ایک دوسرے سے وہ اُکتانے لگے۔ محبتوں کی جگہ نفرتوں کی شمع روشن ہونے لگی۔ وہ لوگ جو کبھی محنت کے بل بوتے پر زندگی جینے کے آرزومند تھے، اب رات دیر تک جاگ کر انٹرنیٹ پر بسر کرنے پر مجبور ہو گئے۔ جب وہ دیر سے جاگتے تو اب وہ محنت سے جی چرانے لگے۔ فصلیں اُگانے کی بجائے زمینیں ٹھیکے پر دی جانے لگی۔ اب لوگ کام سے جی چرانے لگے۔ مال اموال بیچ کر بیرون ملک منتقل ہونے لگے۔ انھیں اس بات سے کوئی سروکار نہ تھا کہ ہمارا ملک کس نہج سے گزر رہا ہے۔ یہ بے روزگار لوگ یورپی پیسے سے امیر کبیر تو ہو گئے لیکن پیسوں کی یلغار نے ان سے رشتوں کا تقدس چھین کر رکھ دیا۔ وہ والدین کو بوجھ سمجھ کر اولڈ ہاؤس یا اپنے ملک بھیجنے پر مجبور ہو گئے۔ کچھ کو جب اپنی نسلوں کے ایمان کے لالے پڑے تو وہ ان کے دین و ایمان کو بچانے کے لیے پاکستان سے شادیاں کروانے لگے۔ اب کیا تھا ساری عمر کی جمع پونجی اکٹھی کر کے سامان باندھا اور پاکستان تشریف لے آئے۔ بچوں کو پاکستان میں شادیاں کروائیں۔ ایک ایک شادی پہ دس کروڑ نمائش، فیشن رسومات اور کھانوں پر لگا دیا۔

مذاکرات ہی مسائل کا حل ہیں!!

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

ملک میں سیاسی بحران اپنے عروج پر ہے، اس کے حل کیلئے مذاکرات انتہائی خوش آئند اور پوری قوم کے دل کی آواز ہیں، لیکن یہ مذاکرات جتنی نیم دلی کے ساتھ کیے جا رہے ہیں اور اس مذاکراتی عمل میں جتنی غیر سنجیدگی دکھائی جا رہی ہے، اس میں سے کوئی مثبت نتیجہ نکلتا نظر نہیں آ رہا ہے، ایک طرف تحریک انصاف کا بریگیڈ دشنام کی بندوق تانے فائر کر رہا ہے تو دوسری جانب حکومت کے وزراء بھی کوئی رعایت نہیں کر رہے ہیں، ایک دوسرے سے بڑھ کر بیانات داغ رہے ہیں، اس پوزیشن میں مذاکرات سے کوئی مثبت نتیجہ کیسے نکل سکتا ہے؟ اگر دیکھا جائے تو مذاکرات کامیاب بنانے کیلئے ماحول سازگار بنانا پڑتا ہے، ایک دوسرے پر الزامات لگانے سے رکنا پڑتا ہے، اپنی ضد اور انا کو ختم کرنا پڑتا ہے تو ہی مذاکرات کامیاب ہوتے ہیں، اگر دونوں ہی فریق ایک دوسرے کو لتاڑ نے میں ہی لگے رہے گے تو پھر مذاکرات کی کامیابی کا کوئی روشن امکان کیسے نظر آ سکتا ہے، تاہم اس کے باوجود مذاکرات ہو رہے ہیں اور اس کے تیسرے راؤنڈ میں تحریک انصاف کی جانب سے تین صفحات پر مشتمل سات نکاتی تحریری مطالبات حکومتی کمیٹی کے حوالے کرنے اور ملاقات کے بعد جاری اعلامیہ میں مذاکرات کی پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرنے سے کوئی مثبت نتیجہ برآمد ہونے کی امید تو ظاہر ہوئی تھی، مگر اس کے کچھ ہی دیر بعد فریقین کی ایک دوسرے کے خلاف جارحانہ پریس کانفرنسوں سے اندازہ لگانا مشکل نہیں رہا ہے کہ فریقین میں سب اچھا نہیں چل رہا ہے۔ اگرچہ حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے ترجمان سینیٹر عرفان صدیقی کا کہنا ہے کہ اپوزیشن کے مطالبے پر حکومت کمیشن بنانے سے انکار یا اقرار نہیں کر رہی ہے، وزیراعظم نے مذاکراتی عمل کا جائزہ لینے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے؛ جو کہ مطالبات کی قانونی شکل کا جائزہ لے گی اور اس حوالے سے آئندہ چند روز میں جواب دے دیا جائے گا، مگر فریقین کی پریس کانفرنس کے جارحانہ انداز سے مذاکرات کے مستقبل کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے، اگرچہ مذاکراتی عمل کے آغاز کے وقت باور کرانے کی کوشش کی ضرور کی گئی تھی کہ حکومت اور اپوزیشن میں کشیدگی کی شدید کیفیت میں فوری طور پر سب کچھ ٹھیک ہونے کی توقع نہیں کی جا سکتی؛ آپس کے تضادات ختم ہونے میں کچھ وقت تو لگے گا، اس لیے مذاکرات میں لچک کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور مخالفانہ بیان بازی کو لگام دینا چاہیے، لیکن ایسا نہیں کیا گیا، ایک دوسرے کے خلاف بیانیہ جاری رکھا گیا، اس سے تو ایسا ہی لگتا ہے کہ سیاسی حریفوں نے اپنے معاملات آپس میں نہ سلجھانے کا تہیہ کر رکھا ہے اور شاید اب بھی کسی تیسرے فریق کی ہی جانب دیکھا جا رہا ہے۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ تحریک انصاف قیادت کی بڑے وعصے بعد عسکری حکام سے ملاقات ضرور ہوئی ہے، لیکن تحریک انصاف قیادت کی جانب سے گزشتہ روز عسکری حکام سے ہوئی ملاقات کو غلط مفہوم پہنانے سے بھی فریقین میں غلط فہمی پیدا ہوئی ہیں، اس بارے سیکیورٹی ذرائع نے فوری تصحیح کر دی ہے کہ اس بات چیت کو سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کیا جا رہا ہے، سیاسی معاملات پر سیاستدانوں کو ہی آپس میں ہی بات چیت کرنی چاہیے اور غیر سیاسی قوتوں سیاسی معاملات میں شامل نہیں کرنا چاہئے، اس سے ایک بار پھر ثابت ہوگیا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات سے جو توقع کی جا رہی تھی کہ سیاسی جماعتیں اپنے حالات اور تاریخ سے سبق سیکھ کر اپنا طرز عمل تبدیل کرنے کے قابل ہو چکی ہیں' وہ امیدیں بالکل غلط تھیں، سیاسی فریقین بدستور اسی سطح پر ہیں کہ جہاں پہلے تھے، وہ اب بھی سہارے ڈھونڈ رہے ہیں، اشار کے منتظر ہیں اور اشاروں پر ہی چلنا چاہتے ہیں۔ ہمارے اہل سیاست نے اپنے ماضی سے کچھ سیکھا ہے نہ ہی کچھ سیکھنا چاہتے ہیں، ہماری سیاسی قیادت اس ادراک سے اب تک عاری ہے کہ ان کے پاس آپس میں مذاکرات کے سوا کوئی دوسرا آپشن نہیں ہے، مذاکرات ہی واحد حل ہیں، اس کے بغیر چلا جاسکتا ہے نہ ہی آگے بڑھا جاسکتا ہے، اہل سیاست کو اپنے سیاسی معاملات اپنے سیاسی انداز میں مل بیٹھ کر ہی حل کرنا ہوں گے، پاکستان کی مستقبل کی تاریخ میں لڑانے والوں کا نہیں، مل بیٹھ کر صلح کروانے والوں کا ہی نام سنہری حروف میں لکھا جائے گا۔

انسانیت کی خدمت کا جذبہ۔۔۔ابتداء ویلفیئر فاؤنڈیشن

وطن کی بات
محمد ندیم بھٹی
figure786@hotmail.com

ابتداء ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان کی ایک قابل ذکر تنظیم ہے جو اپنی مستقل مزاجی اور سخاوت کے ساتھ مستحق افراد کی دن رات خدمت کے لیے مشہور ہے۔ ان کی کوششیں نہ صرف قابل ستائش ہیں بلکہ ان لوگوں کے لیے بھی ایک تحریک ہیں جو معاشرے میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں۔ ابتداء ویلفیئر فاؤنڈیشن کو جو چیز نمایاں کرتی ہے وہ ان کا اعلیٰ معیار کا کھانا فراہم کرنے کا عزم ہے تاکہ کوئی بھی بھوکا نہ رہے۔ انہوں نے لوگوں کو دن رات کھانا کھلانے کا بیڑا اٹھایا ہے، جو ایک بہت بڑا کام ہے، وہ اسے نہایت مہارت اور خوش اسلوبی سے انجام دے رہے ہیں۔ ان کے کام کا سب سے متاثر کن پہلو کھانے کے معیار اور تنوع ہے۔ کئی تنظیمیں صرف بنیادی کھانوں تک محدود رہتی ہیں، لیکن ابتداء ویلفیئر فاؤنڈیشن مٹن، دمبہ، مچھلی، پھل اور دیگر غذائیت سے بھرپور اشیاء فراہم کر کے دوسروں سے بڑھ کر دکھائی دیتی ہے۔ ان کا یہ رویہ اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ وہ خدمت کے جذبے کے ساتھ لوگوں کی عزت اور وقار کا بھی خیال رکھتے ہیں۔ ان کا ماننا ہے کہ ہر انسان، چاہے اس کے حالات کچھ بھی ہوں، اچھے کھانے کا حق رکھتا ہے۔ اس تنظیم کی کارکردگی میں تسلسل اور معیار ان کی ٹیم کے نمایاں لیڈر ابرار علی خان کی لگن اور ان کی ٹیم عطیہ دینے والوں کی مدد کی بدولت ممکن ہے۔ دن رات لوگوں کو کھانا کھلانا ایک منصوبہ بندی، وسائل اور خدمت کے جذبے کا متقاضی کام ہے۔ ان کے کچن ہمیشہ متحرک رہتے ہیں، اور رضا کار بلا تھکان کھانے تیار کرنے اور تقسیم کرنے میں مصروف رہتے ہیں۔ ابتداء ویلفیئر فاؤنڈیشن نہ صرف لوگوں کو کھانا فراہم کرتی ہے بلکہ یہ بھی یقینی بناتی ہے کہ کھانا اعلیٰ معیار کا ہو، حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق تیار ہو، اور عزت و احترام کے ساتھ پیش کیا جائے۔ یہ تنظیم کسی بھی قسم کی تفریق روا نہیں رکھتی۔ چاہے وہ بچہ ہو، بزرگ ہو، یا کسی بھی طبقے سے تعلق رکھنے والا ہو، سب کے ساتھ یکساں رویہ اختیار کیا جاتا ہے۔ یہ شمولیت احساس کمیونٹی اور بھائی چارے کو فروغ دیتی ہے۔ اس فاؤنڈیشن کے کام کا اثر ان لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹوں اور دل سے نکلی ہوئی دعاؤں میں نمایاں نظر آتا ہے۔ ان کے لیے یہ کھانے زندگی کا سہارا ہیں، جو صرف جسمانی ضروریات ہی نہیں بلکہ امید اور سکون بھی فراہم کرتے ہیں۔ ان کی یہ خدمات لوگوں کو زندگی کے دوسرے پہلوؤں جیسے تعلیم، کام اور خاندان پر توجہ دینے کے قابل بناتی ہیں۔ میرے خیال میں ابرار علی خان صاحب کے ساتھ ساتھ اس کار خیر میں اگر عطیہ دینے والوں کا تعاون کا ذکر نہ کیا جائے تو زیادتی تصور ہوگی جو اس سلسلے کی کلیدی حیثیت بھی رکھتے ہیں۔ ان کے عطیات تنظیم کو اعلیٰ معیار کے اجزاء خریدنے، سہولیات کو برقرار رکھنے، اور دائرہ کار کو وسعت دینے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ عطیہ دینے والوں کے اعتماد اور تنظیم کی شفافیت کا مظہر ہے۔ ان کی خدمات دوسروں کو مختلف طریقوں سے تعاون کرنے کی ترغیب بھی دیتی ہیں۔ بہت سے لوگ اپنے وقت اور صلاحیتوں کے ذریعے ان کی مدد کرتے ہیں، چاہے وہ کھانا پکانے، پیش کرنے، یا لاجسٹکس اور فنڈ ریزنگ میں شامل ہوں۔



محبؔ مرزا نے اہلیہ ثنا سعید کی تعریفوں کے پل باندھ دیئے

دونوں 2021 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے اور حال ہی میں اپنی شادی کی تیسری سالگرہ منائی

کراچی (کلچرل ڈیسک)مشہور پاکستانی اداکار محبؔ مرزا نے حال ہی میں یوٹیوب شو "نادان میزبان" میں اپنی اہلیہ اور اداکارہ ثنا سعید کی تعریف کرتے ہوئے ان کی عاجزی اور کام سے لگن کو سراہا۔ محب اور ثنا 2021 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے اور حال ہی میں اپنی شادی کی تیسری سالگرہ منائی۔ محب نے اپنی اہلیہ کو "انتہائی پرامن اور زمین سے جڑی ہوئی شخصیت " قرار دیا اور کہا، "ان میں کوئی غرور نہیں ہے۔ "ثنا کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر بات کرتے ہوئے محب نے کہا، " کچھ اداکار کسی بھی صورتحال میں خود کو ایڈجسٹ کرسکتے ہیں۔ وہ اپنی پوزیشن، کیمرے کا زاویہ اور منظر کو سمجھتے ہیں اور بہترین کارکردگی پیش کرتے ہیں۔ "محب نے مزید کہا، "ثنا پاکستان کی بہترین تھیٹر پرفارمرز میں سے ایک ہیں۔ " انہوں نے انکشاف کیا کہ ثنا نے ایک ایسے ڈرامے میں کام کیا جس میں 42 کردار تھے۔ محب کے مطابق، ثنا ہر پراجیکٹ کی تفصیلات جاننے کی خواہشمند ہیں تا کہ وہ اپنے کردار کے ساتھ انصاف کرسکیں۔ ثنا کی سنجیدگی اور سوالات کے بارے میں محب نے وضاحت کی، "مجھے نہیں لگتا کہ وہ کسی کو پریشان کرنا چاہتی ہیں، بلکہ وہ کام کی گہرائی کو سمجھنے کی کوشش کرتی ہیں۔ "انہوں نے اپنے مشترکہ ڈرامے "دیدن " کی مثال دیتے ہوئے بتایا کہ ثنا نے مختلف لہجوں اور ماحول کو سمجھنے کے لیے کافی سوالات کیے۔ اپنی ذاتی زندگی کے بارے میں بات کرتے ہوئے محب نے کہا کہ ثنا ایک متوازن اور پرسکون شخصیت کی مالک ہیں۔ "آپ اس جیسی متوازن شخصیت نہیں دیکھیں گے۔ "انہوں نے خوشی سے کہا۔ یادرہے کہ محب اور ثنا نے پہلے ایک انٹرویو میں اپنی شادی کا اعلان کیا تھا اور حال ہی میں انہوں نے اپنے بین الاقوامی سفر کی تصاویر بھی سوشل میڈیا پر شیئر کیں۔

یاسر حسین نے اپنی موت کی جھوٹی خبر دینے والے یوٹیوبر کو بددعا دیدی

کراچی (کلچرل ڈیسک)مشہور اداکار اور ہدایتکار یاسر حسین نے اپنی موت کی جھوٹی خبر دینے والے یوٹیوبر کو کرارا جواب دیا ہے۔ یاسر نے حال ہی میں اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر ایک یوٹیوب تھمب نیل شیئر کیا، جس پر لکھا تھا، "اقرا عزیز کے شوہر اچانک انتقال کر گئے"۔ اس خبر پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے یاسر نے اسٹوری میں لکھا، "یہ خبر جس نے بھی لگائی ہے، اسے اگلی خبر اپنی والدہ کے بیوہ ہونے کی بھی لگانی چاہیے۔ " اداکار نے اپنی اسٹوری میں ایک فنی ایموجی بھی شامل کیا۔ واضح رہے کہ یاسر حسین اور اقرا عزیز شوبز انڈسٹری کی مشہور جوڑی ہیں، جو 2019 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے۔ دونوں کا ایک بیٹا بھی ہے، اور ان کی ازدواجی زندگی شوبز حلقوں میں کافی مقبول ہے۔

عاطف اسلم کا کئی برسوں سے موسیقی نہ سننے کا حیران کن انکشاف

اپنے بلاگ میں عاطف نے اپنی موسیقی سے جڑی یادیں اور اس کے ساتھ بدلتے ہوئے تعلقات پر روشنی ڈالی

کراچی (کلچرل ڈیسک)مشہور پاکستانی گلوکار عاطف اسلم نے حال ہی میں ایک انوکھا انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے کئی سالوں سے موسیقی نہیں سنی۔ اپنے مشہور بلاگ ویکم تو مائے بارڈرلیس ورلڈ میں، عاطف نے اپنی موسیقی سے جڑی یادیں اور اس کے ساتھ بدلتے ہوئے تعلقات پر روشنی ڈالی۔ عاطف نے اپنی کہانی سناتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے گائیکی کا شوق بچپن میں دریافت کیا تھا۔ ایک دن انہوں نے اپنے خالی گھر کی بالائی منزل میں گانا شروع کیا اور جب پہلی بار ایک اونچے سر پر پہنچے تو وہ خود حیران اور خوفزدہ ہوگئے۔ انہوں نے کہا، "جب میں نے سر لگایا تو مجھے لگا کہ یہ کیا ہوگیا؟ میں فوراً دروازے بند کرکے نیچے آ گیا۔ " مگر یہ خوف ان کے جذبے کو روک نہ سکا اور انہوں نے خاموشی سے اپنی گائیکی کو بہتر بنانے کا سفر جاری رکھا۔ عاطف نے مزید کہا کہ موسیقی ان کی زندگی کا اہم حصہ رہی ہے اور وہ اس کے بغیر زندگی کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ لیکن حیرت انگیز طور پر انہوں نے کئی سالوں سے موسیقی نہیں سنی۔ اب دوبارہ سننا شروع کیا ہے اور اس میں خوشی محسوس کر رہے ہیں۔ عاطف کا کہنا تھا کہ یہ پروگرام مقابلے کے بجائے تعاون اور اتحاد پر مبنی ہوگا۔ انہوں نے کہا "یہ ایک ایسا پلیٹ فارم ہوگا جہاں لوگ محبت کے ساتھ موسیقی کے لیے کام کریں گے، "لاہور میں منعقدہ افتتاحی تقریب میں شوبز کی نمایاں شخصیات جیسے کہ گلوکار ساحر علی بگا، بلال سعید، اداکار حمزہ علی عباسی، صبا قمر، ماڈل عماد عرفانی، اور میزبان انوشے اشرف نے شرکت کی۔ اس تقریب میں فلم ساز بلال لاشاری، عمیرہ حکمت، اور گلوکارہ شائے گل نے بھی پروگرام کی حمایت کی۔

مومل شیخ نے شوبز میں سب سے قریبی دوست کا نام بتادیا

اداکارہ نے اپنے والدین کی علیحدگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ کبھی اپنے والد سے شکوہ نہیں کرتی

کراچی (کلچرل ڈیسک) شوبز کی دنیا میں طویل المدتی دوستی کا تصور کم ہی ملتا ہے لیکن اداکارہ مومل شیخ کے مطابق ان کی بہترین دوست اور کوئی نہیں بلکہ ماہرہ خان ہیں۔ حال ہی میں احمد علی بٹ کے پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے مومل نے انکشاف کیا، "ماہرہ میری سب سے قریبی دوست ہیں۔ ہم اکثر ساتھ وقت گزارتے ہیں، چاہے ہم اپنی تصاویر اور سیلفیز شیئر نہ کریں۔ "مومل نے بتایا کہ وہ تمام ساتھی فنکاروں کے ساتھ اچھی ہم آہنگی رکھتی ہیں، لیکن ماہرہ کے ساتھ ان کا رشتہ خاص ہے۔ "جب بھی ہم ملتے ہیں، ایسا لگتا ہے جیسے ہم برسوں بعد مل رہے ہوں۔ ہم ہمیشہ وہیں سے بات شروع کرتے ہیں جہاں چھوڑی تھی۔ "ماہرہ اور مومل کی دوستی ان کے کیریئر سے بالکل الگ ہے۔ مومل نے وضاحت کی، "یہ دوستی انڈسٹری سے ہٹ کر ہے۔ ہمارے مشترکہ دوست بھی ہیں، اور ہم سب اکٹھے گھومتے ہیں۔ "مومل شیخ نے گزشتہ برس اپنے خاندان کو " کپورز آف پاکستان " کہنے کے حوالے سے وضاحت دی۔ مومل نے کہا، "میں نے کبھی ایسا نہیں کہا۔ مجھ سے ایک سوال کیا گیا اور میں نے جواب دیا۔ مسئلہ یہ ہے کہ لوگ کلپس اور ریلز دیکھ کر غلط نتائج اخذ کر لیتے ہیں۔ "مومل شیخ، جو معروف اداکار جاوید شیخ کی بیٹی ہیں، نے انکشاف کیا کہ ان کے والد نے کبھی ان کے کیریئر کے لیے سفارش نہیں کی۔ انہوں نے مذاقاً کہا، "بابا، اب تو کرلیں کال"! مومل نے اپنے والدین کی علیحدگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ کبھی اپنے والد سے شکوہ نہیں کرتی اور "یہ آزمائشیں اللہ کی طرف سے آتی ہیں۔

رجب بٹ نے نئی کار خریدلی، قیمت آپ کے ہوش اڑا دے گی

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی یوٹیوبر رجب بٹ اپنی شادی پر دولت کی نمود و نمائش کے بعد مہنگی ترین کار خریدنے کے بعد ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئے ہیں۔ یوٹیوبر نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر نئی کار کی خریداری کی ویڈیو شیئر کی ہے، لیکن اس کار کی خاص بات اس کی قیمت ہے جس نے مداحوں کو حیران کردیا ہے۔ رجب بٹ کی جانب سے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر شیئر کی جانے والی ویڈیو میں انھوں ایک گاڑی کے شوروم میں داخل ہوتے دیکھا جاسکتا ہے، جہاں وہ کار کی خریداری کی دستاویزات پر دستخط کرکے اس کی رونمائی کرتے ہیں۔ رجب بٹ نے سوشل میڈیا پر اپنی نئی گاڑی کے ساتھ ویڈیوز اور وی لاگ بھی شیئر کیا ہے۔ اس کار کی قیمت کے علاوہ یہ بھی دعویٰ کیا جارہا ہے کہ یہ کار پاکستان میں ابھی تک صرف رجب بٹ کو دی گئی ہے۔ وی لاگ میں کار کمپنی کا عملہ یہ باتیں کرتے سنا گیا کہ اس گاڑی کو پاکستان میں سب سے پہلے رجب بٹ کو ڈیلیور کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا اور یہ گاڑی سب سے پہلے انھیں ہی دی جارہی ہے۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد اس قیمتی اور مہنگی ترین گاڑی کی قیمت نے بھی سب کو حیران کردیا ہے۔ رجب بٹ کی اس نئی گاڑی کی قیمت سے متعلق سوشل میڈیا پر دعویٰ کیا جارہا ہے کہ اس کی قیمت 10.7 ملین ہے جبکہ کچھ صارفین کا دعویٰ ہے کہ اس گاڑی کی قیمت 17 ملین ہے۔

انگلینڈ کے لیجنڈ بلے باز نے پی ایس ایل کی خاطر ریٹائرمنٹ لے لی

جیمز ونس کا اپنے فیصلے کا دفاع، ون ڈے کرکٹ چھوڑنے کا فیصلہ بہت سوچ کر کیا، گفتگو



لندن (اسپورٹس ڈیسک) انگلینڈ کی کرکٹ ٹیم کے بلے باز جیمز ونس نے پاکستان سپر لیگ 10 کی خاطر فرسٹ کلاس کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔ جیمز کے اچانک اس فیصلے پر سب حیران ہیں اور ان کو تنقید کا نشانہ بھی بنا رہے ہیں۔ 33 سالہ انگلش بیٹر پی ایس ایل 10 میں کراچی کنگز کی نمائندگی کریں گے۔ جیمز نے واضح کیا کہ وہ دنیا بھر میں ٹی 20 لیگز میں حصہ لیتے رہیں گے۔ انگلش بیٹر نے اپنے فیصلے کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اپنی فیملی اور مستقبل کے حوالے سے سوچ سمجھ کر بہتر فیصلہ کیا ہے۔ ونس نے 216 میچز میں 40.18 کی اوسط سے 13 ہزار 340 رنز بنائے جن میں 30 سنچریاں اور 58 نصف سنچریاں ہیں۔

ڈرافٹ مکمل ہونے کے بعد گلیڈی ایٹرز کو سرفراز کی یاد آ گئی

ہیڈ کوچ شین واٹسن کے چھوڑ جانے کے بعد سابق کپتان کو اہم عہدہ دیئے جانے کا امکان

کوئٹہ (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ کے 10 ویں ایڈیشن میں ڈرافٹنگ کا عمل مکمل ہونے کے بعد سرفراز احمد کی سابق فرنچائز نے انہیں دوبارہ منتخب کرلیا۔ پاکستان سپر لیگ کی سابق چیمپئن ٹیم کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے سرفراز احمد کو پاکستان سپر لیگ) پی ایس ایل (کے 10 ویں ایڈیشن میں انہیں اپنا ہیڈ کوچ مقرر کرنے کی تیاریاں مکمل کرلی ہیں۔ گلیڈی ایٹرز کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ آسٹریلوی کرکٹ لیجنڈ شین واٹسن کے ہیڈ کوچ کی ذمہ داری سے دستبردار ہونے کے بعد کیا ہے، انہوں نے دیگر پیشہ ورانہ مصروفیات کی وجہ سے اپنی دستیابی سے معذرت کرلی ہے۔ سرفراز احمد نے بطور پلیئر ٹیم کیساتھ 9 سال کا طویل سفر طے کیا ہے، جس میں وہ 8 سال کوئٹہ کی ٹیم کے کپتان رہے جبکہ گزشتہ سیزن میں انکی جگہ افریقی کرکٹر رائلی روسو کو قیادت کے فرائض سونپ دیے گئے تھے۔ سابق کپتان کی قیادت میں گلیڈی ایٹرز نے 2019 میں پہلی پی ایس ایل چیمپئن بننے کا اعزاز بھی حاصل کیا، سرفراز بطور کپتان 86 میچز میں 1525 رنز بنائے۔ ڈرافٹنگ کے آغاز سے قبل گلیڈی ایٹرز نے سرفراز کو اسکواڈ سے ریلیز کردیا تھا اور وہ 9 سال بعد پہلی بار ڈرافٹ کا حصہ بنے تھے تاہم کسی فرنچائز نے انہیں پک نہیں کیا۔

QUETTA
GLADIATORS
شانِ پاکستان

پاکستان اور ویسٹ کے درمیان ٹیسٹ سیریز کیلئے میچ آفیشلز کا اعلان

دونوں ٹیسٹ 17 سے 29 جنوری تک ملتان میں کھیلے جائیں گے، رنجن مدوگالے آئی سی سی میچ ریفری ہوں گے

کراچی(اسپورٹس ڈیسک) پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان دوٹیسٹ میچوں کی سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پہلے ٹیسٹ میں آسٹریلیا کے راڈنی ٹکر اور انگلینڈ کے رچرڈ کیٹلبر و آن فیلڈ امپائرز ہونگے۔ آسٹریلیا کے پال رائفل تھرڈ امپائر اور فیصل آفریدی فورتھ امپائر ہونگے۔ دوسرے ٹیسٹ میں پال رائفل اور راڈنی ٹکر آن فیلڈ امپائر ہونگے۔ رچرڈ کیٹلبر و تھرڈ امپائر اور راشد ریاض قمر فورتھ امپائر کی ذمہ داری نبھائیں گے۔ سری لنکا کے رنجن مدوگالے آئی سی سی میچ ریفری ہوں گے۔ دونوں ٹیسٹ 17 سے 29 جنوری تک ملتان میں کھیلے جائیں گے۔

کئی ماہ سے نہ کھیلنے والے فخر زمان پر قسمت مہربان ہوگئی

آئی سی سی رینکنگ میں ون ڈے انٹرنیشنل میں بابر اعظم کی حکمرانی برقرار ہے

لاہور(میاں شہروز سے) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے نئی رینکنگ جاری کردی جس میں فخر زمان نے سائیڈ لائن ہونے کے باوجود ایک درجہ ترقی کرلی ہے۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری ٹیسٹ رینکنگ کے مطابق کئی ماہ سے ایکشن میں نظر نہ آنے کے باوجود فخر زمان 623 پوائنٹس کے ساتھ ایک درجہ ترقی کر کے 17 ویں نمبر پر پہنچ گئے۔ ٹیسٹ رینکنگ میں امام الحق، محمد رضوان اور صائم ایوب نے اپنی پوزیشنز برقرار رکھی اور بالترتیب 20، 22 23 ویں نمبر پر رہے۔ ایک روزہ میچ کی بات کی جائے تو رینکنگ میں بابر اعظم بدستور پہلے نمبر پر ہیں، جبکہ دوسرے اور تیسرے نمبر پر روہت شرما ، شبھمن گل براجمان ہیں۔ ون ڈے بولنگ رینکنگ میں حارث رف 585 پوائنٹس کے ساتھ 18 ویں نمبر پر آ ئے جبکہ نسیم شاہ ترقی کے بعد 50 ویں، وسیم جونیئر دو درجے ترقی کے بعد 59 ویں پوزیشن پر آ گئے۔ محمد نواز 72 ویں نمبر پر بدستور موجود ہیں۔ شاہین آفریدی ایک درجہ تنزلی کے بعد تیسرے سے چوتھے نمبر پر پہنچ گئے جبکہ ان کی جگہ سری لنکا کے مہیش تھیکشانا نے لے لیا۔ افغانستان کے راشد خان اور بھارت کے کلدیپ یادوو بدستور پہلی اور دوسری پوزیشن پر ہیں۔ ٹی ٹوئنٹی میں بابر اعظم 6 درجہ ترقی کے بعد اپنے ساتھی اور وکٹ کیپر محمد رضوان کے ساتھ ٹاپ 10 میں شامل ہوگئے جبکہ صائم ایوب کی 57 ویں پوزیشن برقرار رہی۔ رینکنگ میں آسٹریلیا کے ٹراوس ہیڈ پہلے، انگلینڈ کے فل سالٹ دوسرے جبکہ بھارت کے تلک ورما تیسرے نمبر پر رہے۔ ٹی 20 رینکنگ میں شاہین آفریدی ترقی کے بعد 21 ویں نمبر پر جگہ بنانے میں کامیاب رہے جبکہ حارث رف اور عباس آفریدی تنزلی کے بعد 29، 44 نمبر پر آ گئے۔

ویمن کرکٹ کی تاریخ کے 5 بڑے اہداف سامنے آ گئے

لاہور(میاں شہروز سے) آپ نے مردوں کے انٹرنیشنل ون ڈے کرکٹ مقابلوں میں بڑے اہداف دیکھیں ہوں گے مگر آج ہم ویمنز ون ڈے میچز کے پانچ بڑے ریکارڈز آپ کے سامنے رکھیں گے، دلچسپ بات یہ ہے کہ ان پانچ میں سے چار ریکارڈ نیوزی لینڈ کے پاس ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ویمن کرکٹ کی تاریخ میں بننے والے پانچ بڑے اہداف میں سے تین کو مخالف ٹیم نے حاصل کیا اور دو میں حریف ٹیم کو شکست ہوئی۔ بھارتی کرکٹ ٹیم نے 4 جنوری 2025 کو آئرلینڈ کے خلاف میچ میں 370 رنز کا بڑا ہندسہ اسکور بورڈ پر سجایا اور یکطرفہ مقابلے کے بعد میچ جیت لیا۔ یہ میچ سرشترا کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا تھا۔ نیوزی لینڈ بمقابلہ آئرلینڈ کا مقابلہ 2018 میں ہوا، جس میں نیوزی لینڈ کی ویمن ٹیم نے سیریز کے دوسرے میچ میں آئرلینڈ کو جیت کیلیے 418 رنز کا ہدف دیا تھا۔ نیوزی لینڈ کی ہی ویمن ٹیم نے 2018 میں آئرلینڈ کے خلاف 50 اوورز میں تین وکٹوں کے نقصان پر 440 رنز کا بڑا ہندسہ اسکور بورڈ کی زینت بنایا۔ نیوزی لینڈ نے پاکستان کے خلاف جنوری 1997 میں کھیلے گئے میچ میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر 455 رنز کا ہندسہ اسکور بورڈ پر سجایا۔ اور یکطرفہ مقابلے کے بعد میچ جیت لیا تھا۔ پانچواں ریکارڈ بھی نیوزی لینڈ کی ٹیم کو حاصل ہے، جس نے 2018 میں 491 رنز آئرلینڈ کے خلاف بنائے۔ اس میچ میں کپتان سوزی نے 94 گیندوں پر 151 رنز کی شاندار اننگز کھیلی تھی۔

اظہر محمود کی واپسی، ٹیسٹ اوپنر صائم ایوب لندن میں اکیلے رہیں گے

لندن (این این آئی) ٹیسٹ اوپنر صائم ایوب لندن میں اکیلے رہینگے، اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود لندن سے ملتان پہنچ رہے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود کو صائم ایوب کیساتھ لندن بھیجا تھا تاہم وہ اب ویسٹ انڈیز کے خلاف ملتان میں جمعے سے شروع ہونیوالے ٹیسٹ سے قبل پاکستان پہنچ جائیں گے۔ دوسری جانب ٹیسٹ اوپنر صائم ایوب کی لندن میں معائنہ رپورٹس رواں ہفتہ متوقع ہیں، رپورٹس کی روشنی میں آئندہ کا لائحہ عمل طے ہوگا۔

gettyimages
Credit: Eurasia Sport Images

برازیل کے شہر ریوڈی جنیرو میں ہونیوالے فٹبال میچ میں کھلاڑی فتح کا جشن مناتے ہوئے

خوشدل شاہ نے چار گیندوں پر چار چھکے جڑ دیئے، ویڈیو جاری

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش پریمیئر لیگ میں رنگپور رائیڈر کی نمائندگی کرنے والے خوشدل شاہ نے اسپنر ناسوم احمد کی چار گیندوں پر چار چھکے لگائے۔ خوشدل نے دو چھکے مڈآن اور دو ڈ وکٹ کی جانب لگائے۔ آل راؤنڈر نے 35 گیندوں پر 73 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، ان کی اننگز میں چار چوکے اور چھ چھکے شامل تھے۔ رنگپور رائیڈرز نے خوشدل شاہ کی برق رفتار اننگز کی بدولت 5 وکٹوں پر 186 رنز بنائے ہدف کے تعاقب میں کھلنا ٹائیگر کی ٹیم 9 وکٹ پر 178 رنز بنا سکی۔

ویسٹ انڈیز کیخلاف ٹیسٹ سیریز، بابر اعظم، عمران خان کا ریکارڈ اپنے نام کرسکیں گے؟

ملتان (این این آئی) قومی ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر بابراعظم ویسٹ انڈیز کیخلاف ٹیسٹ سیریز میں سابق کپتان عمران خان کا ریکارڈ اپنے نام کر سکتے ہیں۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ہوم سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ جمعہ سے شروع ہوگا، اس میچ میں قومی ٹیم کے سابق کپتان بابراعظم کے پاس لیجنڈری عمران خان کا ریکارڈ توڑنے کا موقع ہے۔ عمران خان بین الاقوامی کرکٹ میں ویسٹ انڈیز کے خلاف پاکستان کے پانچویں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی ہیں، عمران خان بین الاقوامی کرکٹ میں ویسٹ انڈیز کے خلاف پاکستان کے پانچویں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی ہیں انکے کالی آندھی کیخلاف 1 ہزار 977 رنز ہیں جبکہ بابراعظم نے ویسٹ انڈیز کیخلاف 1 ہزار 676 رنز بنا رکھے ہیں، انہیں لیجنڈ کرکٹر کو پیچھے چھوڑنے کیلئے محض 301 رنز درکار ہیں۔ اگر بابراعظم 302 رنز بنانے میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو وہ عمران خان کے ویسٹ انڈیز کیخلاف پانچویں سب سے زیادہ رنز بنانے والوں کی فہرست میں ٹاپ 5 میں آجائیں گے۔ واضح رہے کہ ویسٹ انڈیز کے خلاف دوٹیسٹ میچوں کی سیریز ورلڈ ٹیسٹ چیمپیئن شپ 2023-25 سائیکل میں پاکستان کی آخری سیریز ہے۔

چیمپیئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب 16 یا 17 فروری کو ہونے کا امکان

افتتاحی تقریب میں تمام ٹیمیں اور ان کے کپتان شرکت کریں گے، کپتان پریس کانفرنس بھی کریں گے

لاہور (این این آئی) آئی سی سی چیمپیئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب 16 یا 17 فروری کو پاکستان میں کرائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق افتتاحی تقریب میں تمام ٹیمیں اور ان کے کپتان شرکت کریں گے، تقریب میں تمام آٹھ ٹیموں کے کپتان پریس کانفرنس بھی کریں گے۔ افتتاحی تقریب کا وینیو تا حال فائنل نہیں ہوا ہے، پاکستان کرکٹ بورڈ نے ابتدائی پلان سے متعلق آئی سی سی کو آگاہ کردیا ہے، آئی سی سی پلان پر نظرثانی کے بعد حتمی فیصلہ کرے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ تمام ٹیموں اور ان کے کپتانوں کے ویزے جاری کروائے گا، کمرشل پارٹنرز، آئی سی سی آفیشلز اور میڈیا کے ویزوں کے اجرا میں بھی پی سی بی مدد کرے گا۔ گزشتہ ہفتے بھی پی سی بی نے آئی سی سی آفیشلز کے ویزوں کا بندوبست کروایا تھا، چیمپیئنز ٹرافی کا آغاز 19 فروری سے ہوگا۔

چھوڑ چلے، عثمان قادر کرکٹ کے بہتر مستقبل کیلئے آسٹریلیا چلے گئے

عثمان قادر نے نیوساؤتھ ویلز میں رہائش اختیار کرلی، سڈنی میں ہاکسبری کلب کی جانب سے کھیلیں گے

کراچی (این این آئی)اسپن بولر عثمان قادر کرکٹ کے بہتر مستقبل کے لیے آسٹریلیا چلے گئے۔ انٹرنیشنل کرکٹر عثمان قادر نے نیوساؤتھ ویلز میں رہائش اختیار کرلی ہے جہاں وہ سڈنی میں ہاکسبری کلب کی جانب سے کھیل رہے ہیں۔ عثمان قادر نے گزشتہ برس اکتوبر میں مایوس ہوکر پاکستان کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی، وہ اپنے مرحوم والد عبدالقادر کی خواہش پر آسٹریلیا چھوڑ کر پاکستان آئے تھے۔ پاکستان کے سابق کرکٹر مرحوم عبدالقادر اپنے بیٹے عثمان قادر کو پاکستان کی جانب سے کھیلتا دیکھنا چاہتے تھے۔ عثمان قادر نے ایک ون ڈے اور 25 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ عثمان قادر نے ساؤتھ آسٹریلیا کی نمائندگی کی، اس کے علاوہ وہ پرتھ اور ایڈیلیڈ کی جانب سے بگ بیش لیگ بھی کھیل چکے ہیں، انہیں آسٹریلیا کی پرائم منسٹر الیون کی جانب سے بھی کھیلنے کا اعزاز ملا۔

ویسٹ انڈیز کے خلاف ہوم سیریز 0-2 سے جیتنا چاہتے ہیں، شان مسعود

جنوبی افریقہ میں سینچورین کا پہلا ٹیسٹ جیت کے قریب پہنچ کر ہارنے کا بیحد افسوس ہے، انٹرویو

ملتان (این این آئی) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ ویسٹ انڈیز کے خلاف آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ دوٹیسٹ میچز پر مشتمل سیریز 0-2 سے جیتنے کے خواہش مند ہیں۔ ایک انٹرویو میں 10 ٹیسٹ میچوں میں ٹیم پاکستان کی قیادت کرنے والے بائیں ہاتھ کے بیٹر کا کہنا تھا کہ جنوبی افریقہ میں سینچورین کا پہلا ٹیسٹ جیت کے قریب پہنچ کر ہارنے کا بیحد افسوس ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لیکن اس طرح ہمارے ساتھ پہلی بار نہیں ہوا۔ آسٹریلیا اور بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ میچز میں ہماری ٹیم بہترین پوزیشن سے میچ ہار چکی ہے۔ کیپ ٹاؤن ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں بابر اعظم کیساتھ پہلی وکٹ پر 205 رنز کی شراکت کے سوال پر کپتان کا کہنا تھا کہ مڈل آرڈر اگر مزاحمت کرتا، تو ہم جنوبی افریقہ کو فتح کیلئے بڑا ہدف دے سکتے تھے۔ شان مسعود بولے کہ ہمیشہ آگے کی طرف دیکھنا چاہیے، اب ہم ہوم گراونڈ پر ویسٹ انڈیز کے مقابلے پر اسپنرز کیساتھ حکمت عملی کیساتھ میدان میں اتریں گے۔ انگلینڈ کے خلاف جیت پر گفتگو کرتے ہوئے کپتان نے کہا کہ ملتان میں ایک بار پھر ہم اسپنرز پر انحصار کریں گے۔

عبدالرحمان پاکستان کرکٹ ٹیم کے نئے اسپن بولنگ کوچ بن گئے

ملتان (این این آئی) شان مسعود کی قیادت میں ان دنوں پاکستان کرکٹ ٹیم ملتان میں موجود ہے، جہاں ٹیم پاکستان آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کے 2 ٹیسٹ میچوں کا پہلا ٹیسٹ 17 جنوری سے شروع کرنے جارہی ہے۔ قومی سلیکشن کمیٹی نے ویسٹ انڈیز کے خلاف 15 رکنی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے، جس میں 3 اسپنرز نعمان علی، ابرار احمد اور ساجد خان کو شامل کیا گیا ہے۔ اب پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی ٹیم کیلئے ٹیسٹ اسپنر عبدالرحمان کی خدمات بطور اسپن بولنگ کوچ حاصل کرلی ہیں۔ بائیں ہاتھ کے ٹیسٹ اسپنر عبدالرحمان جنہوں نے پاکستان کے لیے 2006 سے 2014 تک ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی 20 میچز میں 140 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے ملتان میں پاکستان ٹیم کو جوائن کرلیا ہے۔

CNSG
华体集团
CHINA NATIONAL SPORTS GR
gettyimages
Credit: Lintao Zhang - International Skating Union

بیجنگ: مینز 500 میٹر سکیٹنگ مقابلے میں سن لانگ لیڈ کرتے ہوئے

اداکارہ ڈایانا کا فیشن میگزین کے لئے فوٹو شوٹ کے دوران ایک انداز

بنگلادیش نے کنگنا رناوت کی فلم پر پابندی لگادی

ڈھاکہ (این این آئی) بھارت اور بنگلہ دیش کے خراب تعلقات کی وجہ سے بالی ووڈ اداکارہ کنگنا رناوت کی فلم ایمرجنسی پر بنگلہ دیش میں پابندی لگادی گئی۔ واضح رہے کہ کنگنا کی ڈائریکشن میں بننے والی یہ فلم جمعہ 17 جنوری کو ریلیز ہوگی، فلم کی کہانی بھی انہوں نے ہی لکھی ہے۔ یہ فلم 1975 میں سیاسی صورتحال کے باعث اس وقت کی وزیراعظم اندرا گاندھی کی جانب سے ملک میں لگائی جانے والی ایمرجنسی کے تناظر میں بنائی گئی ہے اور کنگنا نے اندرا گاندھی کا کردار ادا کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پابندی کی وجہ فلم کا مواد نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان جاری سیاسی کشیدگی ہے۔ تاہم اس فلم میں بھارتی فوج اور اندرا گاندھی کے کردار کو اجاگر کرنے کے ساتھ شیخ مجیب الرحمان کی مدد کی بھی تصویر کشی کی گئی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل پشپا 2 اور بھول بھلیاں 3 بھی بنگلہ دیش میں پابندی کی وجہ سے دکھائی نہیں جاسکی ہیں۔

کترینہ نے فلمی سین کیلئے عمران خان 20 تھپڑ مارے

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی خوبرو اداکارہ کترینہ کیف نے انڈسٹری کے ورسٹائل اداکاروں میں شامل عمران خان کو 20 تھپڑ مارنے کا انکشاف کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو کے دوران کترینہ کیف نے فلم میرے برادر کی دلہن کے سیٹ کا ایک یادگار واقعہ بتایا۔ کترینہ نے کہا کہ اس فلم کی شوٹنگ کے دوران مجھے عمران کو ایک خاص مقام پر تھپڑ مارنا تھا، آغاز میں وہ مایوس ہوگئیں کیوں کہ وہ سین کو اچھی طریقے سے نہیں نبھا پا رہی تھیں جس پر عمران نے مشورہ دیا کہ وہ سین کو حقیقی بنانے کیلئے انہیں حقیقت میں اصلی تھپڑ ماریں۔ اداکارہ نے کہا کہ اس سین کیلئے کئی ری ٹیک کیے گئے اور یوں میں نے عمران کو تقریباً 15 یا 16 تھپڑ ہی مارے تھے کہ عمران التجا کرنے لگے کہ میں مزید تھپڑ نہیں کھا سکتا لیکن اس وقت تک فلم کیلئے ایک بہترین سین شوٹ کیا جاچکا تھا۔

غدر 2 پر امیشا پٹیل کے تازہ انکشاف نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچادیا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی مشہور اداکارہ امیشا پٹیل نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں ''غدر 2'' کے اسکرپٹ میں ہونے والی تبدیلیوں کے حوالے سے حیران کن انکشافات کیے ہیں۔ امیشا پٹیل نے فلم میں اپنے کردار سکینہ کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اسکرپٹ میں ایک اہم موڑ کی یقین دہانی کروائی گئی تھی۔ اداکارہ نے انکشاف کیا کہ انہوں نے فلم اس لیے کی تھی کیونکہ انہیں بتایا گیا تھا کہ وہ ولن کو ماریں گی، یہ منظر ایک بیٹی کے والد کے انتقام کی عکاسی کرتا اور ان کے کردار کی اہمیت بڑھاتا۔ امیشا پٹیل نے یہ بھی بتایا کہ فلم کے اسکرپٹ میں تبدیلی کے بارے میں انہیں ایک سال تک اطلاع نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا مجھے کسی نے نہیں بتایا کہ اسکرپٹ بدل چکا ہے۔ میں نے یونٹ کے اراکین سے سنا کہ کلائمیکس کا شوٹ مکمل ہوچکا ہے۔



لندن: اداکارہ مونیکا باربارو فلم کی پریمیئر تقریب میں شریک ہیں

عامر خان نے میرے شو سے متاثر ہوکر اپنا شو بنایا، حنا خواجہ بیات

ممبئی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ حنا خواجہ بیات نے دعوی کیا ہی کہ بالی وڈ اسٹار عامر خان نے ان کے شو سے متاثر ہوکر اپنا شو بنایا۔ حنا بیات حال ہی میں نجی شو میں شریک ہوئیں جس دوران انہوں نے دلچسپ موضوعات سمیت اپنے کیریئر پر بھی بات کی۔ اداکارہ نے اگرچہ اپنے کیریئر کا آغاز بطور میزبان کیا لیکن انہوں نے بطور پہلی شخصیت معاشرے کے حقیقی مسائل کو اسکرین پر پیش کیا تھا۔ حنا بیات نے اپنے شو الجھن سلجھن اور جیو حنا کے ساتھ سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے جس زمانے میں اس شو کا آغاز کیا اس وقت کوئی بھی شخص نفسیاتی مسائل پر بات نہیں کرتا تھا، اس شو کیلئے ہمارا مقصد بغیر لوگوں کی تشہیر کیے بغیر مسائل کو سامنے لانا تھا۔

اداکارہ شنایا کپور کی جانب سے انسٹاگرام پر شیئر کی گئی تصویر

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سرمایہ کاری بورڈ میں وڈیولنک اجلاس

انرجی اور الیکٹرک ڈسکلرز سیکٹر میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بات چیت، چین کے سرمایہ کار گروپ کا الیکٹرک ڈسکلرز اور انرجی سیکٹر میں سرمایہ کاری میں اظہار دلچسپی

لاہور(کامرس رپورٹر)صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے کمیٹی روم میں وڈیولنک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پنجاب میں انرجی اور الیکٹرک ڈسکلرز سیکٹر میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بات چیت کی گئی۔ انرجی سیکٹر سے وابستہ چین کی سرمایہ کار کمپنیوں کے سی ای اوز اور حکام نے وڈیولنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ چین کے سرمایہ کار گروپ نے الیکٹرک ڈسکلرز، ای وی چارجنگ اسٹیشنز اور انرجی سیکٹر میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز میں مقامی اور بیرونی سرمایہ کاروں کے لئے بہترین مواقع موجود ہیں۔ پنجاب کو سرمایہ کاری کا مرکز بنا دیا، اب یہاں سرمایہ کاری کا بہترین وقت ہے۔ سازگار ماحول کے باعث چین اور دیگر غیر ملکی کمپنیاں پنجاب میں سرمایہ کاری کر رہی ہیں۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ سولر انرجی اور الیکٹرک ڈسکلرز کا فروغ حکومت کا فوکس ہے۔ سولر پینلز اور لیتھیم بیٹریوں کی پنجاب میں مینوفیکچرنگ کے حوالے سے چین کی کمپنیوں سے معاہدے ہو چکے ہیں۔ چین کا گروپ سولر انرجی، سمال ہائیڈل پاور پراجیکٹس اور الیکٹرک ڈسکلرز سیکٹر میں سرمایہ کاری کر سکتا ہے۔ پنجاب حکومت صنعتی یونٹس لگانے کے لئے ہر ممکن سہولت اور زمین فراہم کرے گی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت نے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس کو سولر انرجی پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ انڈسٹریل اسٹیٹس کی سولر انرجی پر منتقلی سے انڈسٹری کو بجلی سستی ملے گی۔ اراکین وفد نے کہا کہ ہمارا گروپ پنجاب میں انرجی، ای چارجنگ اسٹیشنز اور ہائیڈل پاور میں سرمایہ کاری کرنے کا خواہاں ہے۔ پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر عمران ہاشمی اور دیگر متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔

ملک بھر کی طرح اوکاڑہ میں بھی جماعت اسلامی نے حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کی خوشی میں یوم تشکر منایا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ملک بھر کی طرح اوکاڑہ میں بھی جماعت اسلامی نے حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کی خوشی میں یوم تشکر منایا جس کے شرکاء نے فلسطین سے اظہار یکجہتی کیا۔ اوکاڑہ پریس کلب کے سامنے ایک اجتماع ہوا جس میں ضلعی عہدیداران اور پارٹی کارکنوں نے شرکت کی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی اوکاڑہ چوہدری رضوان احمد نے کہا کہ فلسطینیوں کی عظیم قربانیوں سے غزہ میں جنگ بندی ممکن ہوئی ہے۔ انہوں نے اسرائیل کی ناکامی پر روشنی ڈالی اور اس بات پر زور دیا کہ مسلمانوں کے عزم کو توڑا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کا اتحاد اسرائیل کے لیے سب سے بڑا چیلنج ہے۔ انہوں نے مزید یقین دلایا کہ جماعت اسلامی فلسطینی عوام کی حمایت جاری رکھے گی کیونکہ ان کے ساتھ ان کا رشتہ ایمان میں سے ہے۔ اجتماع کے دوران شیخ سلمان اظہر نے اپنے عزم کا اعادہ کیا کہ اسرائیل کو نیست و نابود کر دیا جائے گا اور آزادی فلسطینی عوام کا حق ہے۔ شیخ فاروق نے امت مسلمہ کے اندر اتحاد و یکجہتی کی ضرورت پر زور دیا۔ جماعت اسلامی کے مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ ایمان مسلمانوں کی سب سے بڑی طاقت ہے اور جماعت اسلامی ہمیشہ فلسطین کے لیے آواز بلند کرتی رہے گی۔ اجتماع کے شرکاء نے پارٹی کے جھنڈے اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر فلسطین کے ساتھ اظہار یکجہتی کے نعرے درج تھے۔ فضا اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اٹھی، فضا کو جوش وخروش سے بھر دیا۔

اسرائیل نے حماس کے سامنے جھک کر معاہدہ کیا: ناصر محمود کلیر

وزیرآباد (نامہ نگار) ضلعی امیر جماعت اسلامی وزیرآباد ناصر محمود کلیر نے کہا ہے کہ اسرائیل نے حماس کے سامنے جھک کر معاہدہ کیا ہے غزہ و فلسطین کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی باتیں کرنے والوں اسرائیلی حکمرانوں کو منہ کی کھانا پڑی انہوں نے کہا کہ مظلوم فلسطینی اور غزہ کے عوام و حماس کے مجاہدین کی دلیری اور ثابت قدمی پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں وہ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم کی جانب سے جنگ بندی معاہدے پر اظہار تشکر کے موقع پر خطاب کر رہے تھے اس موقع پر صابر حسین بٹ، حافظ فرحان منیر، جاوید محمود مغل، عمران منیر بٹ، زمان حیدر چیمہ، محمد اکرم خان، محمد رفیق نعیم، مرزا غلام مصطفی، سیف اللہ، رضوان ساجد، سلیم کلیر، اقبال چیمہ و دیگر بھی موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمان کی کال پر جمعہ اظہار تشکر منایا گیا

چونیاں ایس ای لیسکو قصور اصغر سکھیرا کی خصوصی ہدایت پر چونیاں ایسٹ کے علاقوں میں گرینڈ آپریشن،

قصور (بیورو چیف) چونیاں ایس ای لیسکو قصور اصغر سکھیرا کی خصوصی ہدایت پر چونیاں ایسٹ کے علاقوں میں گرینڈ آپریشن، عادی بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بڑی کاروائی، ایس ڈی او عبیدالرحمن۔ چونیاں ایس ای لیسکو قصور اصغر سکھیرا کی خصوصی ہدایت پر چونیاں ایسٹ کے علاقوں میں گرینڈ آپریشن، ایس ڈی او عبدالرحمن نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا ہے کے چونیاں لاکھوں روپے واپڈا نادہندگان اور عادی بجلی چوروں کے کیخلاف بڑی کارروائی کی گئی ہے اور لمبے خالصہ، چاہڑکے، دوبلی اور ملحقہ دیہاتوں میں بجلی نادہندگان اور عادی بجلی چوروں کے کیخلاف بڑی کارروائی کی گئی۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ دوران اپریشن مختلف علاقوں سے ٹرانسفارمر اور ایل ٹی تاریں بھی اتار لی گئیں لیسکو ایسٹ چونیاں میں واپڈا نادہندگان کی بجلی منقطع کی گئی

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن "ستھرا پنجاب" پروگرام کے تحت ضلع بھر میں صفائی مہم جاری

قصور (بیورو چیف) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن "ستھرا پنجاب" پروگرام کے تحت ضلع بھر میں صفائی مہم جاری، ضلعی افسران ایل ڈبلیو ایم سی کیطرف سے زیرو ویسٹ اور صفائی ستھرائی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کیلئے فیلڈ میں متحرک۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن "ستھرا پنجاب" پروگرام کے تحت ضلع بھر میں صفائی مہم جاری، ضلعی افسران ایل ڈبلیو ایم سی کیطرف سے زیرو ویسٹ اور صفائی ستھرائی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کیلئے فیلڈ میں متحرک۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر قصور کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنرز قصور عطیہ عنایت مدنی، چونیاں طلحہ انور، پتوکی ڈاکٹر مکرم سلطان اور کوٹ رادھاکشن ڈاکٹر محمد انس سعید اپنی اپنی تحصیلوں میں مختلف علاقوں کا دورہ کر کے ایل ڈبلیو ایم سی کی طرف سے جاری صفائی ستھرائی، زیرو ویسٹ سرگرمیوں اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لے رہے ہیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنرز کا کہنا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلع بھر میں وزیر اعلیٰ پنجاب کا ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیابی سے عملی جامہ پہنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاہم عوامی فلاح و بہبود کے اس مشن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ کا عمل جاری ہے۔

یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں ہونہار سکالرشپ کی آٹھویں تقریب منعقد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں ہونہار سکالرشپ کی آٹھویں تقریب منعقد ہوئی وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اوکاڑہ ڈویژن میں سی ایم ہونہار سکالرشپ لانچ کیا وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے طلبہ کو چیک دے کر اوکاڑہ میں ہونہار سکالرشپ سکیم کا آغاز کیا اور طلبہ کیلئے نئے لیپ ٹاپ کی رونمائی بھی کی رونمائی کے دوران طلبہ کا لیپ ٹاپ سکیم کے تحت کور آئی سیون، 13 جنریشن دیکھ کر پرجوش نعرے بھی لگاتے رہے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی یونیورسٹی آف اوکاڑہ آمد پر طلبہ کا جوش وخروش نظر آیا طلبہ نے نشستوں پر کھڑے ہو کر استقبال کیا۔ موبائل کی ٹارچ روشن کیں اور پرجوش طریقہ سے سلام کا جواب بھی دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تلاوت قرآن مجید اور نعت رسول مقبول کی سعادت حاصل کرنے والے طلبہ کا نشست سے اٹھ کر استقبال کیا وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف طالبات کے درمیان بھی گئی

ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں نے الہ آباد سے لاپتہ ہونیوالے

15 سالہ رضوان کو والدین کے حوالے کردیا

قصور (بیورو چیف) ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں نے الہ آباد سے لاپتہ ہونیوالے 15 سالہ رضوان کو والدین کے حوالے کردیا، ایس ایچ او الہ آباد اور انکی ٹیم کو شاباش۔ ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں نے الہ آباد سے لاپتہ ہونیوالے 15 سالہ رضوان کو والدین کے حوالے کردیا ایس ایچ او الہ آباد اور انکی ٹیم 06 جنوری کو کوٹ میوانیاں الہ آباد کے رہائشی راشد منہاس نے اپنے 15 سالہ بیٹے رضوان کے لاپتہ ہونے پر اغوا کا مقدمہ درج کروایا، ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں نے نوٹس لیتے ہوئے SHO شیخ اعجاز احمد پر مشتمل سپیشل ٹیم تشکیل دی اور بچے کی تلاش شروع کر دی، پولیس ٹیم نے علاقے میں سرچ آپریشن کیے، مساجد اور قریبی دیہات میں اعلانات کروائے گئے اور بچے کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل کی

خدمت کے لئے ہم خود حاضر ہو کر مسائل کو حل کریں گے

وزیرآباد (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر عام لوگوں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر انکی دہلیز پر پہنچ کر حل کیے جائینگے اور عوام الناس کو مشکلات کے حل کے لئے گوجرانوالہ دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں اور انکی خدمت کے لئے ہم خود حاضر ہو کر مسائل کو حل کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار ڈی آئی جی گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے پولیس خدمت مرکز وزیرآباد کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سی پی او گوجرانوالہ ایاز سلیم، ایم پی اے پی پی 36 عدنان افضل چٹھہ کر رہے دوسری جانب ایس ایس پی رضوان، ایس پی شاہد نواز، ڈی ایس پی ہاشم گجر، اے ایس پی حسن رضا، انچارج پولیس خدمت مرکز سب انسپکٹر مرتضیٰ بٹ، اے ایس آئی محمد یاسین، عثمان بٹ، عہک، منفاء کمپیوٹر آپریٹرز سمیت مختلف محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ طیب حفیظ چیمہ نے کہا کہ پولیس عوام کی خادم ہے، پولیس ہر چیلنج سے نبرد آزما ہونے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے

ڈسٹرکٹ وزیرآباد جی ٹی روڈ اللہ والا چوک میں پرزمامال راہوالی کی طرف سے قائم کیے گئے

تھانوں کی اپ گریڈیشن اور انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے پنجاب پولیس مثالی اقدام کر رہی ہے

وزیرآباد (بیورو چیف) ڈسٹرکٹ وزیرآباد جی ٹی روڈ اللہ والا چوک میں پرزمامال راہوالی کی طرف سے قائم کیے گئے پولیس خدمت مرکز کی عمارت کا شاندار افتتاح آر پی او گوجرانوالہ پولیس طیب حفیظ چیمہ سی پی او گوجرانوالہ پولیس محمد ایاز سلیم چیئرمین پرزمامال چوہدری شاہنواز سندھو ایم پی اے حلقہ پی پی 36 چوہدری عدنان افضل چٹھہ نے اپنے دست مبارک سے کیا۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر ایس پی رضوان طارق، ایس پی شاہد نواز وڑائچ، اے ایس پی حسن بلال، ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے چوہدری ہاشم گجر، ایس ایچ او تھانہ سٹی وزیرآباد محمد اورنگزیب، ایس ایچ او تھانہ صدر وزیرآباد گوہر عباس بھٹی، ایس ایچ او تھانہ سوہدرہ مختار احمد باجوہ، چوہدری امجد سندھو، عاشق علی چوہان، چوہدری سرفراز ورک کے علاوہ دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے کہا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات انکی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے پنجاب پولیس ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے تھانوں کی اپ گریڈیشن اور انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے پنجاب پولیس مثالی اقدام کر رہی ہے۔ پولیس شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اور انکے حقوق کے تحفظ کے لیے کوشاں ہے جرائم پیشہ عناصر معاشرے کا ناسور ہیں

غیرملکی سرمایہ کار 'سونے کی کان' میں سرمایہ کاری کریں، چیئرمین پی بی آئی ٹی

پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کا شعبہ سونے کی کان سے کم نہیں، بہترین ماحول اور سہولت کاری فراہم کی جائیگی

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کا شعبہ سرمایہ کاروں کیلئے سونے کی کان سے کم نہیں، غیر ملکی سرمایہ کاروں کو چاہیے کہ اس میں سرمایہ کاری کریں۔ ان خیالات کا اظہار پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری وتجارت کے چیئرمین محمد مقتدیٰ اشرف نے پاکستان میں جنوبی کوریا کے سفیر پارک کیجون سے خصوصی ملاقات کے دوران کیا۔ چیئرمین پی بی آئی ٹی نے اس موقع پر غیر ملکی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کے شعبے میں میسر مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے پنجاب میں سرمایہ کاروں کو کاروبار کیلئے بہترین ماحول کی فراہمی اور ہر طرح سے سہولت کاری کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس اعلیٰ سطحی ملاقات کے دوران باہمی معاشی تعاون اور تجارت میں اضافے کا موضوع گفتگو کا محور رہا۔ جنوبی کوریا کے سفیر پارک کیجون نے آئی ٹی، شعبہ صحت اور گاڑیوں کی پیداوار کے سیکٹرز کی اہمیت سمیت وفود کے تبادلے، شراکت داری میں اضافے اور باہمی تعاون کے ساتھ اقتصادی ترقی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ بات چیت کے دوران موجودہ چیلنجوں پر قابو پانے اور سرمایہ کاری کے عمل کو ہموار کرنے کی حکمت عملیوں پر بھی غور کیا گیا، تاکہ جنوبی کوریا کی کمپنیوں کو پاکستان کی متحرک مارکیٹ کے منظر نامے میں بلاتعطل ترقی مل سکے

معروف تاجر الحرم کمیشن شاپ غلہ منڈی عارفوالا والے حاجی محمد ارشد جاوید کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) عارفوالا کے سینئر صحافی اور معروف تاجر الحرم کمیشن شاپ غلہ منڈی عارفوالا والے حاجی محمد ارشد جاوید کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر صدر پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ چوہدری حاجی محمد اعجاز، صدر پاکستان میڈیا پریس کلب عارفوالا حاجی راؤ محمد کامران خاں، سینئر صحافی حاجی محمد ایوب، سید محمد ریاض شاہ، سمیت دیگر دوست احباب نے پھولوں کی مالائیں پہنا کر مبارکبادی اور اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

تحصیل انتظامیہ اینٹی انکروچمنٹ کے سلسلہ میں آپریشن

عارف والہ (راو ندیم تحصیل رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر میر رومان خلیل کی نگرانی میں تحصیل انتظامیہ اینٹی انکروچمنٹ کے سلسلہ میں متحرک ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر میر رومان خلیل کی نگرانی میں انکروچمنٹ کے حوالے سے آپریشن کیا گیا تھانہ بازار میں آپریشن کے دوران دوکانوں سے باہر پڑا سامان ٹریکٹر ٹرالی میں ڈال کر میونسپل کمیٹی پہنچا دیا گیا اس آپریشن میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی افضل زاہد انکروچمنٹ آفیسر حسنین اعجاز اور ان کی ٹیم ایس ایچ او تھانہ سٹی چوہدری ہاشم ان کے ہمراہ پنجاب پولیس کے اہلکار ایلیٹ فورس۔ ٹریفک پولیس کے جوانوں نے حصہ لیا اسسٹنٹ کمشنر میر رومان خلیل نے کہا حکومت پنجاب کے احکامات پر تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری رہے گا

ڈسٹرکٹ بابا بلھے شاہ اسپتال میں ڈیوٹی کے دوران ٹک ٹاک بنانے کا جنون بڑھنے لگا

قصور (بیورو چیف) ڈسٹرکٹ بابا بلھے شاہ اسپتال میں ڈیوٹی کے دوران ٹک ٹاک بنانے کا جنون بڑھنے لگا، ڈسپنسر کی ڈاکٹر یونیفارم میں سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل۔ ڈسٹرکٹ بابا بلھے شاہ اسپتال میں ڈیوٹی کے دوران ٹک ٹاک بنانے کا جنون بڑھنے لگا۔ میڈیکل اسٹور پر تعینات ندیم اسلم ڈسپنسر دوران ڈیوٹی ٹک ٹاک بنانے لگا۔ ڈسپنسر کی ڈاکٹر یونیفارم میں قیمتی گاڑیوں کے ساتھ ہسپتال کے اندر سے بنائی گئی ویڈیوز سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل۔ ندیم اسلم ڈسپنسر کی مریضوں کے پرائیویٹ کمروں میں بھی ٹک ٹاک وائرل۔ دوران ڈیوٹی موبائل فون و ٹاک ٹاک بنانے پر پابندی کے باوجود مذکورہ ڈسپنسر دھڑلے سے ویڈیوز بنانے لگا۔ شہریوں اور ہسپتال میں موجود مریضوں کا محکمہ ہیلتھ اور قانون کی خلاف پر کاروائی کا مطالبہ۔

ظفروال تھانہ لیسر کلاں کے SHO واصف منیر کو فائرنگ سے زخمی کرنے والا ملزم گرفتار

گاڑی سے اترتے ہوئے ملزم کا پاؤں پھسلنے سے ملزم کا پاؤں زخمی ہو گیا

VATION OF
hidmat Markaz
azirabad
urated by
AFEEZ CHEEMA, PSP
Police Officer,
ujranwala.
D AYYAZ SALEEM, PSP
olice Officer,
ujranwala
پولیس خدمت مرکز

ظفروال (زاہد چوہدری سے) گذشتہ دنوں تھانہ لیسر کلاں کے نواحی گاؤں چک دولہ میں فائرنگ کا واقع پیش آیا تھا اور اس دوران عبدالل ? ولد چوہدری منظور احمد کی فائرنگ سے SHO تھانہ لیسر کلاں واصف منیر فائر لگنے سے زخمی ہو گئے تھے پولیس تھانہ لیسر کلاں اور تھانہ ظفروال نے مشترکہ کاروائی کے دوران ملزم عبدالل ? کو گرفتار کر لیا۔ پولیس اسلحہ کی ریکوری کے لیے ملزم کو لیکر اس کے گاؤں چک دولہ لے کر جا رہی تھی کہ گاڑی سے اترتے ہوئے ملزم کا پاؤں پھسلنے سے ملزم کا پاؤں زخمی ہو گیا جس پر پولیس نے ملزم کو فوری طور پر THQ ہسپتال پہنچایا اور ضروری طبی امداد کے بعد THQ کے عملہ نے ملزم کو DHQ نارووال ریفر کر دیا جہاں ملزم زیر علاج ہے

شہید ذوالفقار علی بھٹو کبھی کسی آمر کے سامنے نہیں جھکے: ساجد علی گوندل

وزیرآباد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی سپین کے صدر ساجد علی گوندل نے کہا ہے کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کبھی کسی آمر کے سامنے نہیں جھکے، شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملکی ترقی کی سالمیت کے لئے جو اقدامات کیے تھے آج بھی یاد کیے جاتے ہیں، ذوالفقار بھٹو نے ملک میں جمہوری اقدامات کے فروغ اور بالادستی کیلئے جان قربان کی، ذوالفقار علی بھٹو جیسا لیڈر صدیوں کے بعد پیدا ہوتا ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں عوام کی خاطر شہید محترمہ بے نظیر بھٹو شہید ذوالفقار بھٹو نے اپنی جانیں قربان کیں، ہماری جماعت کا مقصد اور منشور پاکستان کی خوشحالی اور عوام کو بنیادی حقوق کی فراہمی ہے، ہماری جماعت معاشرے کے ہر فرد کی ایک مضبوط آواز بن چکی ہے، ملک میں عدم استحکام پیدا کرنیوالے اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، عوام اب بلاول بھٹو کو اپنا وزیراعظم دیکھنا چاہتے ہیں کیونکہ پاکستان پیپلز پارٹی غریب و مزدور کی پارٹی ہے، یہ واحد جماعت ہے جس نے ہمیشہ غریب مزدور کسان کا ساتھ دیا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی زیر قیادت پیپلز پارٹی ملک میں رواداری اور امن کی سیاست کو فروغ دے رہی ہے۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

قانون کی بالادستی کیلئے وکلاء کا عملی کردار لازم ہے۔ بیرسٹر فہد وریاہ

وکلاء برادری انصاف کی فراہمی کیلئے مجتہد ہوں۔ امتیاز علی وریاہ

سیالکوٹ (بیورو چیف) کلائنٹس کیلئے قانون و انصاف کا عملاً حصول وریاہ ایسوسی ایٹس کا وطیرہ ہے اور اس کیلئے یورپ مڈل ایسٹ و پاکستان میں وریاہ ایسوسی ایٹس ہمہ وقت جہد مسلسل کرتے ہیں۔ کوئی بھی وکیل ہو ہمیشہ اپنی قابلیت، محنت و قانون کی کتب بینی اور ججز آرڈرز کی بھرپور سٹڈی کرنے سے ہی ترقی کہ منزل طے کرتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار انٹرنیشنل لاء آفیئرز کنسلٹنٹ بیرسٹر فہد علی وریاہ نے وریاہ لاء چیمبرز انٹرنیشنل سے جاری اپنے میڈیا بیان دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء نے قیام پاکستان سے لیکر آج تک ہمیشہ رول آف لاء کیلئے جدوجہد کرتے پاکستان کے استحکام کیلئے ہراول دستے کا کردار عملاً ادا کیا ہے۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح ایڈووکیٹ کا فرمان ہے کہ وکیل کی وکیل قابلیت و اہلیت کی بنیاد پر کامیابی کے زینے جلدی عبور کرتا ہے۔ بھرپور محنت و جہد مسلسل کامیابی کی ضمانت ہے

رکن پریس کلب کے گھر پولیس گردی کیخلاف احتجاج

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) رکن پریس کلب احسان اللہ قادری کے گھر پولیس گردی اور جھوٹے مقدمہ کے اندراج اور نامعلوم مقامی پر منتقل کیے جانے کے خلاف اراکین پریس کلب نے صدر پریس کلب چودھری جاوید اسد کی قیادت میں احتجاج کیا۔ اس موقع پر جنرل سیکرٹری پریس کلب کاشف احسان تارڑ، سینئر نائب صدر حافظ عبدالقدیر چودھری جوائنٹ سیکرٹری حاجی شاہد اقبال تاہرا سمیت صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے صدر پریس کلب چودھری جاوید اسد نے کہا کہ پولیس کی پریس کلب کے رکن احسان اللہ قادری کے ساتھ غنڈہ گردی کے خلاف اراکین پریس کلب کا پولیس کیخلاف احتجاج کیا۔ مظاہرین نے "ظلم کے یہ ضابطے ہم نہیں مانتے" اور "زندہ ہے صحافی زندہ ہے" کے نعرے لگا کر پولیس کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور پولیس تقریبات کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ صدر پریس کلب چودھری جاوید اسد کا کہنا تھا کہ احسان اللہ قادری پر جھوٹا مقدمہ درج کر کے اور ان کے گھر کی چادر چاردیواری کا تقدس پامال کر کے پولیس نے آزادی صحافت کا گلا دبانے کی کوشش کی ہے

شاہکوٹ سٹی پریس کلب کے نومنتخب عہدے داروں کے لیے ظہرانے کا اہتمام کیا

کھڑیانوالہ (نمائندہ قوت) کھڑیانوالہ کے نواحی چک 90 ر۔ب چٹی میں کاشف محمود چوہدری جنرل سیکرٹری نے اپنے ڈیرہ پر شاہکوٹ سٹی پریس کلب کے نومنتخب عہدے داروں کے لیے ظہرانے کا اہتمام کیا۔ صدر نعیم قادری، چیئرمین عمر سجاد، سینئر صحافی صابر علوی، فرحان ارشد بھٹی، ندیم اشرف، خضر بھٹی، عبدالرزاق گجھی، لیاقت بھٹی سمیت دیگر صحافی برادری شریک تھی۔ صحافی برادری کو دیئے کے ظہرانے میں علاقہ کی سماجی و سیاسی شخصیات میاں نعیم 93 چٹی، حاجی امین سابق چیئرمین 90 چٹی، رانا زاہد دوساجھ پروٹوکول آفیسر، صحافی شبیر قادری 97 جوئیہ جنرل سیکرٹری پریس کلب کھڑیانوالہ سمیت دیگر ساتھیوں نے بھی بھرپور شرکت کی۔ شرکاء کی جانب سے جنرل سیکرٹری کاشف محمود چوہدری سمیت تمام نومنتخب عہدے داروں کو مبارکباد پیش کی۔ اور نیک تمناؤں کا بھی اظہار کیا۔

زمیندار کو حبس بے جا میں رکھنے اور خالی کاغذ پر انگوٹھے لگوانے پر پانچ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) زمیندار کو حبس بے جا میں رکھنے اور خالی کاغذ پر انگوٹھے لگوانے پر پانچ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج موضع اگو چک کا مشتاق اپنی بھتیجی کے بیٹے کے عقیقہ میں فیملی کے ہمراہ آرہے تھے کہ اگو چک جھال پر انہیں کار سوار چار نامعلوم ملزمان نے روک لیا اور اس کو گاڑی سے اتار کر اپنے ساتھ زبردستی گاڑی میں بیٹھا لیا اور اس کی آنکھوں اور ہاتھوں کو چادر سے باندھ کر خالی اشٹام پیپر اور سادہ کاغذ پر انگوٹھا جات بھی لگوا لیے اور اس کو بھگت پور چھوڑ کر فرار ہو گئے اس نے پولیس کو درخواست دی کہ ملزمان نے یہ سارا وقوعہ اس کے بھانجے وقاص کے کہنے پر کیا ہے

دو مسلح ڈاکوؤں نے دوکاندار سے نقدی چھین لی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مسلح ڈاکوؤں نے دوکاندار سے نقدی چھین لی جبکہ رکشہ چوری ڈسکہ کا جان اپنی موبائل شاپ پر موجود تھا کہ اسی دوران دو مسلح ڈاکو دوکان میں گھس آئے اور آتے ہی اس کو اسلحہ کی نوک پر یرغمال بنا کر نقدی 47 ہزار روپے چھین کر فرار ہو گئے جبکہ ڈسکہ کا آصف اپنا رکشہ گھر کے باہر کھڑا کر کے گیا جس کو نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ڈی پی او عبداللہ احمد نے نماز جمعہ کے موقع پر جامعہ مسجد موتی چنیوٹ میں کھلی کچہری لگائی اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ سٹی اور دیگر افسران بھی موجود تھے ڈی پی او عبداللہ احمد نے شہریوں کے مسائل سنے۔ مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی انہوں نے دادرسی یقینی بنا کر فالو اپ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی شرکاء کو پولیس کی جانب سے مہیا کی جانے والی عوام دوست پولیس خدمات، بہتر پبلک سروس ڈیلیوری کے حوالے سے بریفنگ دی ڈی پی او نے شرکاء کو پنجاب پولیس پاکستان ایپ و دیگر ڈیجیٹل پولیس سروسز سے متعلق آگاہی دی ڈی پی او عبداللہ احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسجد میں لوگوں کے مسائل سننا سنت نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہے × مسجد میں کھلی کچہری لگانے کا مقصد آپ کے مسائل آپ کے پاس آکر سننا اور ان کو حل کرنا ہے شہری معاشرتی و اخلاقی برائیوں × اور جرائم پیشہ عناصر سے متعلق اطلاع دے سکتے ہیں تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں شہری کسی بھی مسئلے × پریشانی یا جرائم پیشہ عناصر سے متعلق اطلاع 0323-7543444 پر دے سکتے ہیں

ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کا تھانہ کینٹ و نیکا پورہ رنگپورہ کے وزٹ

دوران وزٹ ریکارڈ، بلڈنگ، صفائی اور تھانہ کا کرائم چیک کیا

سیالکوٹ (بیورو چیف) ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے تعیناتی کے فوری بعد سیالکوٹ سٹی تھانہ رنگپورہ اور تھانہ نیکا پورہ کا وزٹ کیا۔ دوران وزٹ تھانہ جات کا ریکارڈ، بلڈنگ، صفائی اور تھانہ کا کرائم چیک کیا۔ اور تھانہ کے ریکارڈ کی تکمیل کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔ تھانہ جات کے وزٹ کے دوران ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد نے کہا کہ سیالکوٹ پولیس کے تمام تھانہ جات صفائی کا نظام موثر رکھیں۔ کرائم ریٹ کم کرنے کے دیئے گئے میکنزم کو فالو کرتے ہوئے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اس میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ کسی بھی تھانہ کی حدود میں قبضہ و نقص امن کا سبب بننے والے قانون شکن عناصر کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت فوری کاروائی کی جائے۔ ہر تھانہ کے ایس ایچ او اپنی حدود کے اندر کرایہ داری ریکارڈ کیساتھ گشت بڑھاتے ہوئے پولیس کا موثر کردار ادا کریں۔ منشیات فروشی کی لعنت کو ختم کرنے کیلئے بھرپور عملی کاروائیاں یقینی بنائی جائے۔

منڈیالہ تیگہ تحصیل کاموکی ضلع گوجرانوالہ کا پرامن تجارتی مرکز ہونے کی وجہ سے علاقے بھر میں نمایاں مقام رکھتا ہے

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) منڈیالہ تیگہ تحصیل کاموکی ضلع گوجرانوالہ کا پرامن تجارتی مرکز ہونے کی وجہ سے علاقے بھر میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ لیکن عرصہ تین سال سے منڈیالہ تیگہ میں سٹریٹ کرائم اور راہزنی کی وارداتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے۔ ان بڑھتے ہوئے جرائم کی وجہ سے منڈیالہ تیگہ کا سکون برباد ہو کر رہ گیا ہے۔ دن دیہاڑے تاجروں سے نقدی چھیننا، موبائل چھیننا، موٹر سائیکل چھیننا، گھروں میں چوری وغیرہ کی وارداتیں معمول بن چکا ہے۔ مین بازار کی تاجر برادری نہایت پریشان ہے۔ ان جرائم میں اضافہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان ہے۔ منڈیالہ تیگہ میں روز بروز چوروں و لٹیروں کا راج بڑھتا جا رہا ہے۔ آج صبح 7 بجے 15 جنوری 2025ء کو مین بازار منڈیالہ تیگہ میں انتہائی افسوناک واقعہ یہ پیش آیا

پریس کلب حبیب آباد کے سالانہ انتخابات سال 2025 مکمل

صدر امجد علی چوہدری جبکہ جنرل سیکرٹری چوہدری اویس منتخب

سیالکوٹ (بیورو چیف) تفصیلات کے مطابق پریس کلب حبیب آباد کی سالانہ باڈی سال 2025 تشکیل دے دی گئی جس میں بانی حافظ شفاقت زرگر، سرپرست اعلی اسلم قادری، چیئرمین زوہیب رزاق، سینئر وائس چیئرمین، حافظ محمد اقبال، وائس چیئرمین راؤ نوید قادر، سیٹھ خادم حسین، نعمان مقصود، صدر امجد علی چوہدری، سینئر نائب صدر وسیم شہزاد، نائب صدر حافظ عمران، مبشر فرید، مہر اللہ دتہ، محمد شفیق، جنرل سیکرٹری چوہدری اویس لاڈلہ، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری غلام محی الدین، جوائنٹ سیکرٹری رانا احمد، وقاص زرگر، رضوان طارق، محمد عمران، نعمان خالق، سیکرٹری اطلاعات ونشریات شہزاد اسلم اور شہزاد تنویر منتخب ہو گئے نومنتخب عہدیداران کو مرکزی تحصیل پریس کلب چونیاں کے صحافیوں، ملک محمد احمد غازی، رانا محمد الیاس خاں، رانا مومن علی صابر، رانا شاہد علی، نوید انجم بھٹی، اشرف قادری، میاں شفیق احمد، ملک شریف ارشد، سمیت عوامی سماجی حلقوں وکلاء اور تاجر برادری نے مبارک باد پیش کی اور یہ امید ظاہر کی کہ پریس کلب حبیب آباد کے تمام صحافی اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ظالم کیخلاف اور مظلوم کے حق میں آواز بلند کرتے رہیں گے اور عوام مسائل کو اجاگر کرنے میں اپنی پوری صلاحیت صرف کریں گے *

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کے مختلف سکولوں کے دورے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے آؤٹ سورس ہونے والے مختلف سکولوں کے دورے کئے۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولوں میں طلباء و طالبات کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولیات، سٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے وزیر اعلیٰ کے تعلیمی فروغ ویژن کے تحت سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے پیف کو آؤٹ سورس ہونے والے ضلع کے مختلف سکولوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کھکیلی کھٹرانی اور دیگر علاقوں کے سکولوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کلاس رومز میں جا کر طلباء وطالبات سے انکے نصاب، ڈیلی سکول ورک بارے فیڈ بیک لیتے ہوئے تعلیم و تربیت بارے سوالات بھی کئے۔

شہر اور مضافات میں بارش نہ ہونے اور شدید دھند کے باعث خشک سردی، بچوں سمیت شہری مختلف بیماریوں میں مبتلا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) شہر اور مضافات میں بارش نہ ہونے اور شدید دھند کے باعث خشک سردی، بچوں سمیت شہری مختلف بیماریوں میں مبتلا۔ شہر اور نواحی علاقوں میں بارش نہ ہونے اور شدید دھند کے باعث خشک سردی پڑ رہی ہے۔ جس کی وجہ سے خشک کھانسی اور سانس میں دشواری کے مریضوں میں اضافہ ہو رہا ہے، بچوں میں نمونیا، سینے میں انفیکشن کی شکایات بھی بڑھ گئی ہیں۔ جس کی وجہ سے نجی سمیت سرکاری ہسپتالوں میں موسمی بیماریوں کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو گیا ہے سرکاری ہسپتالوں میں باقی مریضوں کی تعداد کے لحاظ سے موسمی بیماریوں میں مبتلا افراد کی تعداد 20 فیصد زیادہ ہے اور بچوں میں نمونیا کا مرض 30 فیصد جبکہ بڑوں میں نمونیا، نزلہ، زکام، بخار، گلے کے امراض، سانس سمیت جلدی امراض 15 سے 40 فیصد ہے جبکہ خشک سالی اور سردی میں اضافے کے سبب مریضوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہو رہا ہے

محکمہ اوقاف کی اسٹیٹ لینڈ پر ناجائز قابضین اور ناجائز تعمیرات کی روک تھام و آپریشن بارے اجلاس

ننکانہ صاحب: (رانا اسامہ) محکمہ اوقاف کی اسٹیٹ لینڈ پر ناجائز قابضین اور ناجائز تعمیرات کی روک تھام و آپریشن بارے اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو اور سیکرٹری اوقاف فرید اقبال نے اجلاس کی صدارت کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شہرینہ غلام مرتضی جونیجو، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، ایڈمنسٹریٹر اوقاف، پولیس، میونسپل اداروں کے افسران سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی اجلاس میں موجود تھے۔ متعلقہ افسران نے ڈی سی ننکانہ اور سیکرٹری اوقاف کو ناجائز تعمیرات بارے تفصیلی بریفنگ دی۔

پی ٹی آئی کے سابق ٹکٹ ہولڈر نے مبینہ طور پر محنت کش کی آراضی پر قبضہ کرلیا

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ سے) پی ٹی آئی کے سابق ٹکٹ ہولڈر نے مبینہ طور پر محنت کش کی آراضی پر قبضہ کرلیا، متاثرین کا شدید احتجاج اعلیٰ حکام سے انصاف اور تحفظ کا مطالبہ تھانہ قبولہ کے علاقہ چک باماں رتھ کے رہائشی متاثرین عالم شیر رتھ و دیگر نے احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ تحریک انصاف کے سابق ٹکٹ ہولڈر امیر حمزہ رتھ نے ہماری آراضی پر قبضہ کرلیا اور فصل بھی کاٹ لی ہے، ہم اراضی کے مالک اور قابض ہیں تمام تر کاغذات دستاویزات ہمارے پاس ہیں، ہم نے پولیس 15 پر کال بھی کی ہے متعلقہ پولیس کو متعدد بار تحریری درخواست بھی دی مگر تھانہ قبولہ پولیس اور پٹواری بااثر افراد کے ساتھ مبینہ طور پر ساز باز ہے

پولیو کا خاتمہ ہماری قومی ذمہ داری ہے: ڈپٹی کمشنر

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا ہے کہ پولیو کا خاتمہ ہماری قومی ذمہ داری ہے، اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا لیکن والدین اور سول سوسائٹی کا تعاون حاصل کیے بغیر اس مہم کی کامیابی ناممکن ہے۔ وہ یہاں منٹگمری ہال میں فروری کے آغاز میں ہونے والی پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر نقوی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد طاہر کے علاوہ دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے بھی شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد طاہر نے پولیو مہم کی تیاریوں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے اجلاس کو بتایا کہ اگلے ماہ کے پہلے ہفتے سے شروع ہونے والی اس خصوصی مہم میں ضلع بھر کے 5 لاکھ 32 ہزار 772 بچوں کو ویکسین پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کیلئے 2 ہزار 86 موبائل ٹیمیں 131 فکس جبکہ 90 ٹرانزٹ ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں جس سے ضلع بھر میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کی سو فیصد ویکسینیشن کو یقینی بنایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے مہم کے موثر نفاذ کے لیے حکمت عملی کو حتمی شکل دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے

غزہ میں جنگ بندی پر جماعت اسلامی کا جمعہ کے روز ضلع بھر میں یوم تشکر

عارف والا (کرائم رپورٹر امیر احمد خان سے) زہ میں جنگ بندی پر جماعت اسلامی کا جمعہ کے روز ضلع بھر میں یوم تشکر پاکپتن اور عارف والا میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی ہدایت پر غزہ کے مسلمانوں کی اسرائیل کے ساتھ جنگ بندی پر یوم تشکر منایا گیا جماعت اسلامی کے زیر اہتمام بلال مسجد سے نماز جمعہ کے بعد ضلعی امیر رانا محمد معروف کی قیادت میں اظہار تشکر ریلی نکالی گئی ریلی سے رانا محمد معروف، راؤ ضیاء الرحمن اور آصف ندیم گریوال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی ظلم و بربریت کے خلاف نہتے مسلمانوں کو بے دردی سے شہادت اور امت مسلمہ سمیت ہمارے حکمرانوں کی بے حسی قوم کے سامنے ہے اسکے باوجود حماس کے مجاہدین کے ہاتھوں مجبور ہو کر انکی شرائط پر بالآخر حماس اسرائیل جنگ بندی پر راضی ہو گیا

سوشل میڈیا کا مثبت استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے: کمشنر ساہیوال

اسے صرف تفریحی مقاصد کے لئے ہی مختص نہیں رکھا جانا چاہیے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا کا مثبت استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے اور اسے صرف تفریحی مقاصد کے لئے ہی مختص نہیں رکھا جانا چاہیے۔ نوجوان نسل کی سوچ کو بہتری اور اصلاحی بنانے اور انہیں معاشرے میں رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کا سبب بننے میں سوشل میڈیا کے ذریعے انہیں رہنمائی فراہم کی جانی چاہیے۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں ساہیوال آرٹس کونسل کی جانب سے صوبہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار نوجوانوں میں ٹک ٹاک بنانے کے ہونے والے مقابلوں کے سلسلے میں تیاری اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اس اچھوتے مقابلے کا خیال ڈائریکٹر ڈاکٹر سید ریاض ہمدانی نے پیش کیا جبکہ تکنیکی معاونت باڑانی انسٹیٹیوٹ آف سائنسز ساہیوال مہیا کرے گی۔ اجلاس میں دونوں اداروں کے سربراہان ڈاکٹر سید ریاض ہمدانی اور میاں محمد ساجد نے ایک میمورنڈم آف انڈرسٹینڈنگ پر بھی دستخط کیے۔ ان مقابلوں میں 13 سے 30 سال تک کے سٹوڈنٹس اور نوجوان حصہ لیں گے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

میڈیا پر لڑا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پانچ پانچ کیرٹ کی انگوٹھیاں لی گئیں، زمان پارک میں 25 کروڑ کا گھر بنایا گیا، قوم کو 80 ارب روپے کا ٹیکہ ذاتی فائدے کیلئے لگایا گیا، یہ معاملہ جائیداد کی قرقی کی طرف جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کو مذاکرات جاری رکھنے چاہئیں، یہ تاثر بالکل نہیں جانا چاہیے کہ ایک فرد واحد کو کرپشن کیس پر سزا ملی تو مذاکرات نہیں کریں گے، مذاکرات کا مینڈیٹ کبھی بھی ڈیل یا این آر او دینا نہیں تھا، اس وقت ملکی حالات بہتری کی طرف جا رہے ہیں۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ہر چیز کو سیاست سے جوڑنا غیر مناسب ہے، یہ کریمنل کیس تھا، ملکوں کے نظام آئین، ضابطے اور قانون کے تحت چلتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بند لفافے میں ایک دستاویز لائی گئی، شہزاد اکبر صاحب نے کہا یہ ایک خفیہ معاہدہ ہے، کہا گیا یہ معاہدہ کریں گے تو 190 ملین پاؤنڈ حکومت پاکستان کو منتقل کر دی جائے گی، یہ جانتے ہوئے اپروول لی گئی کہ یہ رقم حکومت پاکستان کو نہیں آ رہی۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ نیشنل کرائم ایجنسی کو بتایا گیا یہ سپریم کورٹ کا اکاؤنٹ ہے۔ رہنما مسلم لیگ ن طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ سزا کے بعد این آر او کا تاثر ختم ہو گیا، یہ کوشش کر رہے تھے کہ مذاکرات کی آڑ میں این آر او مل جائے، بانی پی ٹی آئی نے بشریٰ بی بی کو فرنٹ مین بنایا تھا، آخر کار ان کا اصل چہرہ سامنے آ گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے معاشی مسائل، دہشتگردی پر ضرور مذاکرات ہونے چاہئیں، مسائل کے حل کیلئے بالکل بات چیت ہونی چاہیے۔ قبل ازیں راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں قائم احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے 190 ملین پاؤنڈ کے ریفرنس میں بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کو مجرم قرار دیتے ہوئے 14 سال اور ان کی اہلیہ مجرمہ بشریٰ بی بی کو 7 سال قید کی سزا سنائی، جس کے بعد بشریٰ بی بی کو کمرہ عدالت سے گرفتار کر لیا گیا۔ احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے عمران خان پر 10 لاکھ اور بشریٰ بی بی پر 5 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا، جرمانے کی عدم ادائیگی پر عمران خان کو مزید 6 ماہ جب کہ مجرمہ بشریٰ بی بی کو 3 ماہ کی قید کی سزا بھگتنا ہوگی۔ علاوہ ازیں احتساب عدالت نے القادر یونیورسٹی کو بھی سرکاری تحویل میں لینے کا حکم جاری کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

گیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق ای او ون۔ مقامی طور پر تیار کردہ جدید سیٹلائٹ ہے جسے وسیع مقاصد کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے، اس میں ماحولیاتی نگرانی، زراعت، دفاع اور دیگر امور کی نگرانی کی صلاحیت موجود ہے۔ سپارکو نے سیٹلائٹ لانچ کو پاکستان کے خلائی سفر میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔

بقیہ بقیہ جات 3

نے کیس کی سماعت کی، بنچ میں جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس سید حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس شاہد بلال حسن شامل تھے جبکہ وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث نے آج بھی دلائل جاری رکھے۔ دوران سماعت دلائل دیتے ہوئے وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ آرمی ایکٹ اور رولز میں فیئر ٹرائل کا مکمل پروسیجر فراہم کیا گیا ہے

بقیہ بقیہ جات 4

نے مختلف مقامات پر جشن منایا۔ صوبائی دارالحکومت میں لیگی ایم پی اے میاں عمران جاوید اور بی بی وڈیری کی جانب سے باگڑیاں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ اس موقع پر پارٹی کے کارکنوں نے بانی پی ٹی آئی کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ جشن منانے کے موقع پر میاں عمران جاوید نے کارکنان کے ساتھ مل کر گھڑی چور کے نعرے لگائے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی کرپشن کی حقیقت عوام کے سامنے آ چکی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

جو سازش کر رہا ہے عمران خان پہلے سب کو ڈاکو اور ڈکیت کہتا تھا اب جیل میں سزا بھگت رہا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی تباہی کی وجہ ان کا دہرا معیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کہتا تھا کہ کسی کو نہیں چھوڑوں گا۔ آج وہ سب سے کہہ رہے ہیں کہ مجھے چھوڑ دیں باقی مجھے کچھ نہیں چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اس ملک کے اندر ایک سازشی ٹولہ ہے جو ملکی مفاد کے خلاف سازش کر رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

طلبہ کے لئے جلد لیپ ٹاپ لیکر آنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑے سکالرشپ کا نام خود ہونہار سکالرشپ رکھا۔ اوکاڑہ خوبصورت شہر ہے، نواز شریف اور میرے دل کے بہت قریب ہے۔ اوکاڑہ میں ہونہار طلبہ کو دیکھ کر ہونے والی خوشی الفاظ میں بیان نہیں کر سکتی۔ بچوں سے دل کی باتیں کرنے آئی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر رانا سکندر حیات نے بچوں کے دل میں جگہ بنا لی ہے۔ بچوں کو سکالرشپ دینے خود آئی ہوں نہ آتی تو ملنے سے محروم رہ جاتی۔ جنوری کا مہینہ دفتر نہیں بیٹھی بلکہ بچوں سے ملنے شہر شہر گئی۔ بچے کہتے ہیں کہ سنا تھا کہ ریاست ماں جیسی ہوتی ہے، مریم نواز شریف کی صورت مجسم ماں کو دیکھا۔ اپنے بچوں سے زیادہ اپنے طلبہ کے لئے سوچتی اور کام کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ سے رشتہ میری زندگی کا قیمتی سرمایہ ہے۔ 10 سے 11 ماہ میں بچوں سے ملنے والا پیار بہت بڑا اثاثہ ہے۔ جو بچے لیپ ٹاپ خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے انہیں لیپ ٹاپ دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ خود آ کر بچوں کو لیپ ٹاپ دوں گی۔ بچوں کو کالج آمد و رفت کے لئے ایک لاکھ ای بائیکس بھی دیں گے۔ سب کے مالی وسائل یکساں نہیں ہوتے، کمی ہو سکتی ہے لیکن اب سکالرشپ دیکر بوجھ اٹھائیں گے۔ والدین بچوں کی تعلیم کی فکر نہ کریں، اب ریاست خرچ اٹھائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کرسی پر بیٹھے لوگوں کا عوام سے براہ راست رابطہ ہونا چاہیے۔ میرٹ پر ہونہار طالبعلموں کو بلا تفریق سکالرشپ مل رہے ہیں۔ بچوں کو ہونہار سکالرشپ دیکر اللہ تعالیٰ کے سامنے سرخرو ہوں۔ ہونہار سکالرشپ خوابوں کی تعبیر کا آغاز ہے۔ اب کم آمدن رکھنے والے بچے بھی لمز، نسٹ اور فارسٹ میں جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ اپنی 100 فیصد توجہ اپنے کیریئر بنانے میں مرکوز کریں۔ طلبہ محنت کریں میں ان کے خواب پورے کرنے کے لئے وسائل مہیا کروں گی۔ ہونہار سکالرشپ احسان نہیں محنت کا صلہ اور قابلیت کا اعتراف ہے۔ وسائل کی کمی کی وجہ سے بچوں کا تعلیم سے محروم ہونا بہت بڑا نقصان ہے، شہر شہر جا کر ازالہ کرنا چاہتی ہوں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیکنڈ اور تھرڈ ایئر کے طلبہ کو بھی ہونہار سکالرشپ ملے گا۔ اگلے سال 50 ہزار طلبہ کو ہونہار سکالرشپ دیں گے۔ پنجاب میں کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ میرے بازو، میری طاقت، ہمت اور حوصلہ ہیں۔ عوام کی خدمت اور صوبے کی ترقی کے لئے طلبہ کو سٹیک ہولڈر بنانا چاہتی ہوں۔ طلبہ کا جذبہ میرا حوصلہ اور میری امید ہے۔ ہمارے طلبہ محنتی ہیں اور عقل و دانش بھی رکھتے ہیں، ملک کے مستقبل کے معمار بھی ہیں۔ سب کو دھرتی ماں کے ساتھ وفاداری نبھانا ہوگی۔ نواز شریف نے کہا کہ بچوں نے تمہیں بہت پیار دیا، ان کے لئے جتنا بھی کام کرو کم ہے۔ یہ کون ہیں جو ہم میں ہی رہ کر ہمارے گھر جلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماں کی طرح ہر بچے کو اپنی ذمہ داری محسوس کرتی ہوں۔ ملک کو نفرت نہیں اتحاد، انتشار نہیں امن اور فساد نہیں ترقی چاہیے۔ سپین جاتے ہوئے کشتی الٹنے سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر بہت دکھ ہوا۔ جہاں جائیں ملک کی عزت کا خیال کریں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ بھی ہو جائے ماں، بہن اور بیٹی کے احترام میں فرق نہیں آنا چاہیے۔ بچوں کے ہاتھ میں کیل والے ڈنڈے نہیں لیپ ٹاپ دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 7

آئی سمجھوتہ کریں گے، وہ اصول پر قائم رہے، وہ مقابلہ کرنا جانتے ہیں، عمران خان نے 27 سال سے پاکستان میں انصاف کے نام پر سیاسی جماعت بنا کر تحریک چلائی، آج اسی کو انصاف نہیں ملا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عوام سے کہتا ہوں کہ مایوسی گناہ ہے، مایوس نہ ہونا، ہم بہت جلد ہائیکورٹ میں اپیل کریں گے، دنیا کو بتانا چاہتے ہیں کہ عمران خان نے کوئی جرم یا گناہ نہیں کیا۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر و رہنما تحریک انصاف عمر ایوب نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈز کیس کے فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، فیصلے کو اعلیٰ عدالتوں میں چیلنج کریں گے۔ پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی قیادت کو جمع کر کے مشاورت کے ساتھ فیصلے کریں گے۔ عمر ایوب کا کہنا تھا کہ سوال تو نواز شریف کے بیٹے حسن نواز سے پوچھنا چاہیے کہ تم نے جس پیسے سے لندن میں ون ہائیڈ پارک کی عمارت خریدی وہ پیسہ کس طرح باہر لیکر گئے اور آگے پھر عمارت بیچی، اس رقم کا تم نے کیا کیا؟ آج وہ دندناتے پھر رہے ہیں۔ دوسری جانب سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ آج ایک سیاہ دن ہے، اس فیصلے کی پرزور مذمت کرتے ہیں، اس دیس میں قانون ہے نہ آئین کی بالادستی ہے، القادر ٹرسٹ سے حکومت کو ایک دھیلے کا نقصان نہیں ہوا، بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کو کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ جو اس ملک کو لوٹتے رہے وہ آج معزز بنے بیٹھے ہیں، اس ملک میں چور باہر پھر رہے ہیں جبکہ معصوم لوگ جیل میں ہیں، ہمارا لیڈر اور ہم ثابت قدم ہیں، ہم اس فیصلے کو دوسری عدالتوں میں لیکر جائیں گے۔ شبلی فراز نے مزید کہا کہ ماضی میں توشہ خانہ اور عدت کیسز کو بھی عدالتوں نے باہر پھینکا، بانی پی ٹی آئی اور کارکنان پر بنائے تمام کیسز سیاسی ہیں، صبح ضرور ہوگی ہم ثابت قدم ہیں، ہم آئین و قانون کی حکمرانی چاہتے ہیں۔ تحریک انصاف کے سینئر رہنما شبلی فراز نے کہا کہ فیصلے کی پرزور مذمت کرتے ہیں، ہمارا لیڈر ثابت قدم ہے، ملک کو لوٹنے والے باہر اور مخلص جیل میں ہیں، بانی اور بشریٰ بی بی کو القادر یونیورسٹی بنانے کی سزا دی گئی، کیس میں بانی پی ٹی آئی کو کوئی فائدہ ہوا نہ بشریٰ بی بی کو کوئی فوائد ملے۔ پی ٹی آئی کے رہنما صاحبزادہ حامد رضا نے کہا کہ آج کے فیصلے سے عدلیہ نے اپنا نام بدنام کیا ہے، اس کیس سے 100 گنا حساس سائفر کیس تھا، اس میں ان کی پراسیکیوشن کا عدالتوں میں کیا ہوا؟ یہ لوگ بانی پی ٹی آئی کا مقابلہ نہیں کر سکتے، اس لیے ایسا کر رہے ہیں، یہ کیس اور یہ سزا ہائی کورٹ میں 3 سے 4 سماعتوں کی مار ہے، یہ سزا اور فیصلہ بڑی عدالت سے اڑ جائے گا۔ سابق اسپیکر قومی اسمبلی اور پی ٹی آئی کے رہنما اسد قیصر نے کہا کہ آج سے ہم تمام سیاسی جماعتوں اور لوگوں سے رابطہ کریں گے، شاہد خاقان عباسی سے بھی آج ملاقات کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 8

مذہبی امور کے مطابق سرکاری حج سکیم میں 84 ہزار 620 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں، تعداد مکمل ہونے پر درخواستوں کی وصولی روکنے کا اعلان کیا جائے گا۔ مناسک حج کی لازمی تربیت کا شیڈول پاک حج موبائل ایپ پر جاری کر دیا گیا، 18 جنوری سے حج تربیتی نشستوں کا آغاز کیا جائے گا، تمام عازمین حج کو کم از کم دو سیشنز میں تربیت حاصل کرنا لازمی ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ سمندر پار پاکستانی حج پرواز سے قبل حاجی کیمپ سے تربیت حاصل کریں گے، عازمین حج اپنی نزدیکی تحصیل میں جاری حج تربیت میں شامل ہوں، رہنمائی کے لئے حج ہیلپ لائنز یا متعلقہ حاجی کیمپ سے رابطہ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 9

ملزمان کی حاضری پوری ہونے پر فاضل جج نے محفوظ فیصلہ سنایا۔ احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو 10 لاکھ اور بشریٰ بی بی کو 5 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا، جرمانے کی عدم ادائیگی پر ملزمان کو مزید 6، 6 ماہ کی قید بھگتنا ہوگی۔ عدالت نے القادر ٹرسٹ کی زمین بھی سرکاری تحویل میں لینے کا حکم دے دیا جبکہ جج ناصر جاوید رانا کے سزا سنانے کے بعد بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو کمرہ عدالت سے گرفتار کر لیا گیا۔ اہم کیس کی سماعت سے قبل بانی پی ٹی آئی عمران خان کو جیل سے کمرہ عدالت لایا گیا جبکہ انکی اہلیہ بشریٰ بی بی بھی عدالت پہنچیں، ان سے قبل نیب پراسیکیوشن ٹیم کے قبل 3 ارکان عرفان احمد، سہیل عارف اور اویس ارشد بھی اڈیالہ جیل پہنچے جبکہ وکیل صفائی سلمان اکرم راجا اور بشریٰ بی بی کی بیٹی اور داماد بھی عدالت میں موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 10

دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے 3 ڈرائیورز اور 2 اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے حملے میں ملوث مجرموں کو فوری طور پر قانون کی گرفت میں لانے کا مطالبہ کیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کئی ہفتے گزرنے کے باوجود خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے پارا چنار میں حالات کو معمول پر لانے میں ناکامی پر تشویش کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 11

وکیل نے سکولز بسوں کے حوالے سے مجوزہ رولز پیش کیے جس پر ممبر جوڈیشل کمیشن نے کہا کہ رولز میں مزید نظر ثانی کی جائے۔ سرکاری وکیل نے دوران سماعت موقف اپنایا کہ گلی محلوں میں سکولز کو بسوں سے استثنیٰ دینے پلان ہے، 4 ہزار روپے سے کم فیس والے سکولز کو بھی بسوں سے استثنیٰ دینے جا رہے ہیں، بسوں سے متعلق جو سکول خلاف ورزی کرے گا اس کو 50 ہزار جرمانہ کیا جائے گا۔ دوران سماعت ایل ڈی اے کے وکیل نے لاہور کے ملتان روڈ کا ٹریفک پلان عدالت میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملتان روڈ پر ٹریفک کا باعث بننے والے یوٹرنز کو بند کر دیا ہے، جس پر جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ حکومت ٹریفک کے معاملے پر کافی سنجیدہ نظر آ رہی ہے۔ جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ 5 منٹ ٹریفک جام رہنے سے گاڑیوں کے دھوئیں سے آلودگی بڑھتی ہے، ڈی جی ایل ڈی اے اس حوالے سے کافی کام کر رہے ہیں جو قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ واسا واٹر میٹرز کے حوالے سے کیوں اقدامات نہیں کر رہا؟ فوری طور پر سروس سٹیشنز اور ہوٹلز وغیرہ میں واسا میٹر لگائے۔ اس موقع پر ممبر جوڈیشل کمیشن نے کہا کہ 16 سروس سٹیشنز کا وزٹ کیا جن کا ری سائیکلنگ کا سسٹم آپریشنل نہیں تھا، جس پر جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ جب ان لوگوں کو پانی کا بل آئے گا تب یہ ری سائیکلنگ سسٹم استعمال کریں گے۔ بعد ازاں لاہور ہائی کورٹ کے جج جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک سے متعلق درخواستوں پر مزید سماعت آئندہ ہفتے تک کیلئے ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 12

میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو سزا سنائے جانے کے بعد اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کے وکیل فیصل چوہدری مذکورہ فیصلے کے خلاف ہر فورم پر جانے کا اعلان کیا ہے۔ فیصل چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا کہ 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس میں ایک بھی ثبوت نہیں تھا۔ ہم نے پہلے دن کہا تھا کہ یہ بریت کا کیس ہے۔ ہم اس فیصلے کے خلاف دنیا بھر میں مذمتی قراردادیں پیش کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ نیب ایک آلہ کار بن چکا ہے اور اس کی تحقیقات فراڈ ہیں۔ ہم نیب کے ریفرنس کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ فیصل چوہدری نے مزید کہا کہ آج کے دن بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سیاسی طور پر ٹارگٹ کرنے کی کوشش کی گئی اور عدالتیں شہری بنیادی حقوق کا تحفظ نہیں کر سکیں۔ بشریٰ بی بی کو بانی کی اہلیہ ہونے پر سزا دی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

2022 کے جاری کردہ آفس میمورنڈم میں ترمیم کر دیں جس کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ پیراگراف 1 (1) بی سے پراجیکٹ کے لیے بجٹ کوور اور روپے کی گارنٹی کا تعین ہونا ضروری ہے، کے الفاظ حذف کر دیے گئے ہیں۔ اسی طرح دوسرے پیراگراف 1 (جے) سے یہ عبارت کہ بجٹ تخمینے (BOs/NISs) میں بجٹ مختص ہونا اور متعلقہ دستاویزات کی نقول فراہم کرنا لازم ہے، یہ بھی ختم کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ، ایک نیا پیراگراف (1 ڈی) شامل کیا گیا ہے جس کے مطابق ریوالونگ فنڈ اکاؤنٹ سے کوئی بھی ادائیگی اس وقت تک نہیں کی جائے گی جب تک کہ پراجیکٹ کے لیے بجٹ میں مطلوبہ رقم مختص نہ ہو۔ وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ یہ تبدیلیاں منصوبوں کے فنڈز کی شفافیت اور بہتر مالی نظم و نسق کے لیے کی گئی ہیں، یہ ہدایات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی۔

بقیہ بقیہ جات 14

انسانی سمگلنگ کرنے والے عناصر کا سخت احتساب کیا جائے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کرے تاکہ عوام کو ایسے جان لیوا فیصلوں کی ضرورت ہی نہ پڑے۔ متاثرہ خاندانوں کو لاشوں کی وطن واپسی سمیت درست معلومات فراہم کی جائیں۔ دعا ہے کہ اللہ کریم کشتی حادثہ میں جاں بحق ہونے والے پاکستانیوں کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 15

انفارمیشن سکیورٹی پالیسی کے تحت ڈیٹا گورننس آفس کے قیام کا اعلان کر دیا جو ڈائریکٹوریٹ جنرل آئی ٹی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے ماتحت کام کرے گا۔ ڈیٹا گورننس اور انفارمیشن سکیورٹی پالیسی کے تحت قائم کیے جانیوالے آفس کیلئے پہلا عہدہ چیف ڈیٹا مینجمنٹ اینڈ گورننس کے نام سے قائم کیا گیا ہے جس کا بنیادی مقصد ڈیٹا گورننس پالیسی کے موثر نفاذ کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

دھجیاں اڑائی گئی ہیں، آج کا دن سیاہ دن کے طور پہ یاد رکھا جائے گا۔ عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا کے فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے پی ٹی آئی کے سینئر رہنما نے کہا کہ فیصلے میں حکومت کی بدنیتی بھی عیاں ہیں، فیصلے سے ملک میں جاری سیاسی استحکام کی کوششوں کو دھچکا لگے گا، پوری قوم کو فیصلے سے مایوسی ہوئی ہے۔ انشااللہ اس فیصلے کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اب پی ٹی آئی کو بھی سوچنا ہوگا کہ ملک میں انسانی حقوق اور رول آف لا کے لیے کیا لائحہ عمل اختیار کرنا ہے کیونکہ ایسے ماحول میں ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ القادر ٹرسٹ بنانا اتنا بڑا جرم نہیں تھا جس میں عمران خان کو 14 سال اور بشریٰ بی بی کو سات سال کی سزا دی جا سکے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ فیصلہ تو پارٹی کرے گی مگر میرے خیال میں اب حکومت سے مذاکرات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ بدقسمتی سے توشہ خانہ سے قیمتی گاڑیاں لے جانے والے اور منی لانڈرنگ کر کے باہر جائیدادیں بنانے والے آج آزاد گھوم رہے ہیں اور حکومت میں ہیں جبکہ ملک کا نام روشن کرنے اور اپنا سب کچھ ملک کو دینے اور عوام کی آزادی کی جدوجہد کرنے والے عمران خان کو 14 سال سزا دی جا رہی ہے۔ اس سے پوری دنیا میں پاکستان کی بدنامی اور جگ ہنسائی ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 17

اکاؤنٹ 1 ارب 21 کروڑ ڈالر سرپلس رہا ہے۔ مالی سال 2024 کے ابتدائی چھ ماہ میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 1 ارب 39 کروڑ 70 لاکھ ڈالر تھا، دسمبر 2023 کے مقابلے میں دسمبر 2024 میں ملکی کرنٹ اکاؤنٹ میں 109 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

ہونا تھا وہ ہو نہ سکا ہے، اگر میں یہ کہوں کہ کوئی بہت ہی آئیڈیل ماحول، بہترین طریقے سے چل رہا ہے تو وہ بھی شاید سچ نہیں ہوگا۔ لیکن اگر ہم یہ کہیں کہ کچھ بھی نہیں اور مذاکرات ختم ہونے جا رہے ہیں یا کوئی پیش رفت نہیں ہوئی تو یہ بھی غلط ہوگا۔ اس لیے ہوگا کہ آپ فوری طور پر میکسیمم ذہن میں رکھ کر اس کو نہیں سوچتے کہ سارا کچھ ایسا کیوں نہیں ہو گیا، ساری مشکلات حل ہونے میں تھوڑا سا وقت لگتا ہے۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جس طرح اب ہم نے مطالبات پیش کیے ہیں اور میں یہ نہیں کہوں گا کہ حکومت کی طرف سے یہ رد عمل خلاف توقع نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

احتساب عدالت کی جانب سے 190 ملین پاؤنڈز کیس میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو مجرم قرار دے کر سزا سنا دی گئی۔ عدالتی فیصلے کے مطابق عمران خان کو 14 سال

اور ٹرمپ کے اچھے تعلقات ہیں۔ پیپلز پارٹی کے لیے سب سے مقدم پاکستان کی سلامتی اور وقار ہے۔ پارلیمنٹ ہاس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری سیاسی اور سفارتی اداب سے بخوبی واقف ہیں۔ موجودہ پارلیمنٹیرین میں بلاول بھٹو زرداری ان لوگوں میں شمار کیے جاتے ہیں جنہیں نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سیاسی اور معاشی حالات کا وسیع تجربہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا معاشی اور اقتصادی نظام بہتر کرنے کے لیے وہ تاریخ ساز کردار ادا کر سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

جانے کے بعد انہیں قیدی قرار دے کر قیدی نمبر الاٹ کر دیا گیا ہے۔ احتساب عدالت نے کرپشن ریفرنس میں عمران خان کو 14 سال اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 7 سال قید بامشقت کی سزا سنانے کے ساتھ ان پر جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔ علاوہ ازیں عدالت نے اپنے فیصلے میں القادر ٹرسٹ اور القادر یونیورسٹی کو سرکاری کنٹرول میں لینے کا بھی فیصلہ سنایا۔ عدالتی فیصلے کے بعد بانی پی ٹی آئی کو قیدی قرار دے کر قیدی نمبر الاٹ کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب کمرہ عدالت سے گرفتار کی گئی بشریٰ بی بی کا طبی معائنہ جیل اسپتال کے ڈاکٹر کر رہے ہیں، جس کے بعد ان کا بائیومیٹرک ہوگا۔ جیل ذرائع کے مطابق جیل میں تمام قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد بشریٰ بی بی کو خواتین بیرکس میں منتقل کر دیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بشریٰ بی بی کا ضروری سامان اڈیالہ جیل پہنچا دیا گیا ہے۔ سامان سے بھری ایک گاڑی اڈیالہ جیل پہنچ گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

اعلان کرنے کا اعلان کر دیا۔ وائے ڈی اے کے صوبائی صدر ڈاکٹر شعیب نیازی، چیئرمین ڈاکٹر مدثر اشرفی، ڈاکٹر عثمان گجر، ڈاکٹر اعجاز کھرل، ڈاکٹر حسیب تھنڈ، ڈاکٹر راشد ورک اور ڈاکٹر احمد گجر نے گنگا رام میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ گنگا رام کے ڈاکٹرز کو ہاسٹلز کی سہولت دی جائے، گنگا رام ہسپتال کے لیڈی ڈاکٹرز ہاسٹل کی اپ گریڈیشن کی جائے، سکیورٹی کمپنی ملازمین کو کم از کم اجرت تک نہیں دے رہی، گنگا رام ہسپتال میں چوری کے واقعات بڑھتے جا رہے ہیں، گنگا رام ہسپتال میں ادویات کی کمی اور چوری بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت، تعلیم، تحفظ فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، ہمیں اپنے مطالبات کیلئے احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے۔ ڈاکٹر حسیب تھنڈ نے کہا کہ جے کیٹ امتحان کا آڈٹ ہونا چاہیے۔ گزشتہ برس جے کیٹ پاس کرنے والے ڈاکٹرز کی انڈکشن کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ وائے ڈی اے 20 جنوری کو صبح 8 سے 10 بجے تک او پی ڈی میں ہڑتال کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 26

کہ 190 ملین پاؤنڈ رقم سرکاری خزانے میں جمع نہیں کرائی گئی، برطانوی اخبار نے بانی پی ٹی آئی کی کرپشن عیاں کی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے برطانوی اخبار کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی کیونکہ الزام درست ہے، برطانوی عدالت سے بھی بانی پی ٹی آئی کو کرپشن کی سزا مل جائے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک کو دھوکا دے کر عمران خان نے اقتدار لیا، بانی پی ٹی آئی سرٹیفائیڈ کرپٹ سیاستدان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے عدالت میں کرپشن کیس کو چیلنج کیا اور بری ہوئے، پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا سرکاری ڈاکا ڈالا گیا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ تحریک انصاف ملک کی تاریخ کی سب سے بڑی چوری کا دفاع کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

کی مخالفت کی ہو۔ جمعہ کو 190 ملین پاؤنڈز کیس کا فیصلہ آنے کے بعد سیالکوٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ آج طویل عرصے بعد چلنے والا القادر یونیورسٹی کا فیصلہ سامنے آیا، فیصلے سے ثابت ہوا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ اس میں ملوث نکلا، جس وقت ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے لوگ جیلوں میں تھے اس وقت یہ ڈاکے کی پلاننگ کر رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جو رقم این سی اے نے برطانیہ سے بھیجی وہ اس نے بزنس ٹائیکون کے اکاؤنٹ میں ڈلوا دی، کابینہ کو جب کچھ بتایا ہی نہیں گیا، بس کہہ دیا کہ اپروول ہو گئی ہے، غیر قانونی کام کر کے کوئی کابینہ منظوری نہیں دے سکتی، ریاست میں بیٹھے افراد کے خلاف چوری کے مقدمات چلیں یہ خوشی کی بات نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیس میں سب کچھ واضح ہو گیا ہے، یہ اکاؤنٹ آج ڈیفالٹ میں ہے۔ القادر یونیورسٹی کے نام پر پیسے کھائے گئے ہیں جبکہ اس یونیورسٹی کا وجود تو ہے ہی نہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ساڑھے 400 کنال زمین ہے جس کے ٹرسٹی عمران خان اور انکی اہلیہ ہیں، چار سال ہو گئے اور صرف 400 بچے پڑھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی پر شوکت خانم کے پیسے کھانے کا بھی الزام ہے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ نواز شریف کو جھوٹے مقدمات میں پھنسایا گیا، آج کا فیصلہ مکافات عمل ہے، نواز شریف پر لگے کسی الزام کی سچائی نہیں بتا دیں، نواز شریف نے ملک میں سڑکوں کا جال بچھایا، نواز شریف کی بیٹی بچوں کے ہاتھ میں لیپ ٹاپ دے رہی ہیں۔ لیگی رہنما نے کہا کہ پی ٹی آئی دور میں معیشت کی گاڑی کھائی میں گر رہی تھی، وزیراعظم شہباز شریف نے معیشت کی گرتی گاڑی کو سڑک پر ڈالا ہے، مہنگائی نیچے آ رہی ہے، قرضے کم ہو رہے ہیں، بانی پی ٹی آئی نے خود

ایوب پر درج مقدمات پر عبوری ضمانت کی درخواست کی سماعت کی۔ عدالت نے عمر ایوب کی عبوری ضمانت میں 27 جنوری تک توسیع کر دی۔ عمر ایوب اپنے وکلا بابر اعوان، مرتضیٰ طوری کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ عمر ایوب کے خلاف تھانہ کوہسار میں 3، تھانہ نون میں 2، مارگلہ، آبپارہ، ترنول میں ایک ایک مقدمہ درج ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان کا کہنا تھا کہ آج ہمیں اس نظام پر بہت دکھ ہوا، بانی پی ٹی آئی نے کہا آج جو ہوا تاریخ میں پہلے بھی ہو چکا ہے، عمران خان کو پہلے اسی قسم کی 3 سزائیں ہوئیں جو ہائی کورٹ میں جا کر ختم ہو گئیں۔ انہوں نے کہا کہ جس جج نے سزا سنائی اس پر ترس آ رہا ہے، جج کو شاید اپنی ترقی نظر آ رہی تھی یا ان پر پریشر تھا، یہ یونیورسٹی بانی پی ٹی آئی کا ایک خواب تھا، عمران خان کو یونیورسٹی بنانے پر سزا دی گئی ہے، ہم اس فیصلے کو ہائی کورٹ میں چیلنج کریں گے۔ علیمہ خان کا مزید کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی ہمیں کہہ رہے تھے حوصلہ کریں، عمران خان نے کہا سزا اور جزا ان لوگوں کے ہاتھ میں نہیں۔ رہنما تحریک انصاف بیرسٹر علی ظفر نے اس حوالے سے کہا کہ بشریٰ بی بی کو سزا سنا دی گئی اور عدالت سے گرفتار کر لیا گیا ہے، بشریٰ بی بی کی سزا جلد معطل ہو جائے گی، یہ فیک کیس ہے، ظفر ہمیں اندازہ تھا سزا سنائی جائے گی، عدالتیں مینج کی جا رہی ہیں، لوگ بار بار کہہ رہے تھے کہ فیصلہ آنے والا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس فیصلے پر ہمیں تعجب نہیں صرف افسوس ہوا ہے، عدالتیں کمپرومائز ہو گئی ہیں، ہمارے انصاف کا نظام دفن ہو گیا ہے، یہ کہنا کہ فائدہ بانی پی ٹی آئی کا تھا بالکل بے بنیاد ہے، جرم کہاں ہے وہ ہوا میں ہی ہے، عدالت نے بھی کہا ہے ثابت نہیں ہوتا کہ یہ جرم کے پیسے تھے۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ توشہ خانہ اور عدت کیس میں بھی سزا پہلے دن ہی ختم ہو گئی، اس فیصلے کو چیلنج کرنے کیلئے ہم پیر کو ہائی کورٹ میں ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 32

گورنر پنجاب نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ نوکریاں دیں، کبھی نوکریاں چھینی نہیں، پیپلز پارٹی شہید بھٹو اور شہید بینظیر کے وژن کے مطابق ملازمین کے ساتھ کھڑی ہے، پاسکو کو ختم کرنے سے 3000 ملازمین سمیت کسانوں اور کاشتکاروں کا نقصان ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاسکو کی بنیاد شہید ذوالفقار علی بھٹو نے رکھی تھی، پاسکو نقصان میں بھی نہیں، اپنا ریونیو خود پیدا کرتے ہیں، حکومت کو بھی دیتے ہیں، حکومت نے 3 ہزار 900 کا اعلان کر کے گندم 2 ہزار 600 روپے من کی بھی نہیں لی۔ گورنر پنجاب کا کہنا ہے کہ گندم مارکیٹ میں 22002100 روپے من بکتی رہی، یہی پالیسی رہی تو اگلے سال ملک میں گندم سے متعلق مشکل صورتحال ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 33

پولیس چوکی پر دہشت گردوں کے حملے میں ایک پولیس اہلکار زخمی ہو گیا جبکہ پولیس کی جوابی کارروائی سے حملہ آور فرار ہو گئے، حملے میں دہشت گردوں نے راکٹ لانچرز کا استعمال کیا جس سے چوکی پر نصب تھرمل گن کو بھی نقصان پہنچا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ رات نامعلوم دہشت گردوں نے بنوں کے علاقے تھانہ ہوید کی حدود میں پولیس چوکی پر حملہ کیا، 20 سے 30 دہشت گردوں نے راکٹ لانچر اور دیگر اسلحے سے حملہ کر کے چوکی کو نشانہ بنایا۔ حملے میں ایک پولیس اہلکار زخمی ہو گیا، جس کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ پولیس کی جوابی کارروائی سے حملہ آور فرار ہو گئے۔ دہشت گردوں کی فائرنگ سے پولیس چوکی اور چوکی پر نصب تھرمل گن کو نقصان پہنچا، پولیس نے فرار ہونے والے حملہ آوروں کی گرفتاری کے لیے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 34

گردوں کے حملے میں شہید اہلکاروں کی تعداد 2 ہو گئی۔ پولیس کے مطابق دہشت گردوں کے حملے میں 3 ڈرائیورز بھی شہید ہوئے ہیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کرم کے مطابق کرم سے بگن جانے والے تیسرے امدادی قافلے پر دہشت گردوں نے راکٹوں سے حملہ اور فائرنگ بھی کی تھی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے مطابق حملے سے قافلے میں شامل 3 گاڑیوں کو نقصان پہنچا جبکہ سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں 6 دہشت گرد مارے گئے۔ اس سے قبل کرم کے لیے تیسرے قافلے کے پہلے مرحلے میں 35 مال بردار گاڑیاں روانہ کی گئی تھیں، جن میں دوائیں، سبزیاں، پھل اور کھانے پینے کی دیگر چیزیں شامل تھیں جبکہ قافلے کی سیکیورٹی کے لیے پولیس، ایف سی اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری تعینات تھی۔

بقیہ بقیہ جات 35

اجلاس کی صدارت چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ بیرسٹر نبیل احمد اعوان نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں رائیونڈ شہر لاہور میں جامع سیوریج ڈرینج سکیم کی بحالی (فیز ا) کیلئے 1 ارب 81 کروڑ 40 لاکھ روپے، رائیونڈ شہر لاہور میں جامع واٹر سپلائی سکیم کی بحالی کیلئے 1 ارب 38 کروڑ 80 لاکھ روپے، سرگودھا میں نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی (ترمیمی) کیلئے 8 ارب 54 کروڑ 60 لاکھ 19 ہزار روپے، سرگودھا میں نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے لیے خصوصی طبی سامان کیلئے 3 ارب 6 کروڑ 73 لاکھ 7 ہزار روپے اور

نثار کھوڑو نے کہا کہ ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کے لئے عمران خان حکومتوں کو دھمکیاں دیتے ہیں اور اداروں پر دھاوا بولا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنماؤں کی اسٹیبلشمنٹ سے ملاقات سے عمران خان کی اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کی خواہش پوری ہو گئی ہے اور اسٹیبلشمنٹ نے پی ٹی آئی کو یہ پیغام دیا ہے کے وہ سویلین سے بات کریں۔ نثار کھوڑو نے کہا کے ریاست مدینہ کے دعویدار عمران خان کو اپنے اعمال بھی ویسے ہی دیکھانے پڑینگے۔

بقیہ بقیہ جات 39

ٹریفک حادثات میں 700 ڈرائیوز، 66 کم عمر ڈرائیور، 471 مسافر اور 166 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 209 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 230 متاثرین کے ساتھ پہلے، فیصل آباد 85 حادثات میں 80 متاثرین کے ساتھ دوسرے، ملتان 72 حادثات میں 81 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1337 متاثرین میں 1056 مرد اور 281 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 213 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 781 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 343 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1084 موٹر سائیکل، 76 آٹو رکشے، 135 کاریں، 26 ویگن، 15 مسافر بسیں، 33 ٹرک اور 95 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

وزرا تو پہلے سے سزا کے بارے بتا رہے تھے، ملک کو بنانا ری پبلک بنا دیا گیا۔ رہنما تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ ظلم کے نظام کیخلاف سب کو رول آف لا، آئین کی بالادستی کے لیے اکٹھا ہونا ہوگا، ملک میں مایوسی کے بادل چھائے ہوئے ہیں، آج کے فیصلے کے خلاف قانونی چارہ جوئی کریں گے، ہمارا ایک ہی ایجنڈا ملک میں آئین کی بالادستی ہے، شاہد خاقان عباسی کے انتہائی مشکور ہیں۔ دوسری جانب شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ آئین کی بالادستی کیلئے سب کو مل کر بات کرنا ہوگی، اگر ملک آئین کیمطابق نہیں چلے گا تو سیاسی انتشار ختم نہیں ہوگا۔ علاوہ ازیں محمود اچکزئی کا کہنا تھا کہ جمعہ کیدن بانی پی ٹی آئی کی سزا کی بری خبر ملی۔

بقیہ بقیہ جات 41

اسلام آباد آباد ہائیکورٹ کے ایڈیشنل ججز کی نامزدگی کیلئے 4 میں سے 2 ناموں کی نامزدگی کر دی۔ کمیشن نے سیشن جج اعظم خان اور سابق صدر اسلام آباد ہائیکورٹ بار راجہ انعام امین منہاس کو ایڈیشنل جج نامزد کر دیا۔ بلوچستان ہائیکورٹ کیلئے 3 ایڈیشنل ججز کی نامزدگیوں پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 42

یونیورسٹی کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کر دی گئی ہے جب کہ طلبا و طالبات یونیورسٹی کے اندر اور ہاسٹل میں موجود ہیں۔ پولیس کا کہنا ہیکہ یونیورسٹی میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لینے آئے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے طلبہ نے کہا کہ ہم یہاں پڑھائی کے لیے ہاسٹل میں ٹھہرتے ہیں لہٰذا کسی کیس کی وجہ سے ہمارا مستقبل خراب نہیں ہونا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 43

مقابلے ین کی قدر میں 1.5 فیصد اضافہ ہوا جو نومبر کے آخر کے بعد سے اس کی سب سے مضبوط ہفتہ وار کارکردگی ہے۔ جمعہ کو ڈالر کی قیمت 155.34 روپے ریکارڈ کی گئی، یورو 1.03035 ڈالر پر مستحکم رہا جبکہ برطانوی پاؤنڈ معمولی تبدیلی کے ساتھ 1.22355 ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔ ڈالر انڈیکس 108.94 پر ٹریک کیا گیا جو ہفتے کے آغاز میں دو سال سے زائد کی بلند ترین سطح سے کچھ نیچے آ گیا۔

بقیہ بقیہ جات 44

ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو ایک ایسے مقدمے میں سزا دی گئی ہے، جس میں عمران خان نے کسی قسم کا کوئی فائدہ حاصل نہیں کیا۔

بقیہ بقیہ جات 45

سزا سنائی۔ عدالت نے دفعہ تین سو پینسٹھ کے تحت مجرم کو پانچ سال قید اور دو لاکھ روپے تاوان کی سزا کا حکم دیا جبکہ دفعہ چار سو ستائیس اور دفعہ تین سو تین سی کے تحت مجرم کو چھ چھ ماہ قید کی سزا بھی سنائی گئی۔ ملزم تیمور کے خلاف تھانہ ایئر پورٹ میں گزشتہ سال دستگیری، اقدام قتل اور دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ عدالت نے کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے مجموعی طور پر ملزم کو تیرہ سال قید، ایک لاکھ روپے جرمانہ اور دو لاکھ روپے تاوان ادا کرنے کی سزا کا حکم جاری کیا۔

بقیہ بقیہ جات 46

اور نقد رقم چوری کر کے لے گئے۔ پولیس اور فارنزک ڈیپارٹمنٹ کے افسران نے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا اور شواہد اکٹھے کیے گئے۔ گھر کے مالک شجاع الدین کے بیٹے سلمان نے بتایا کہ ان کے گھر کے قریب رہائش پذیر کزن کی شادی کی تقریب تھی، جس میں شرکت کے لیے رات تقریباً 10 بجے تمام گھر والے گھر کو تالا لگا کر گئے تھے۔ رات ڈیڑھ بجے جب شادی کی تقریب سے واپس آئے تو گھر اور اندر موجود تمام الماریوں کے تالے ٹوٹے ہوئے تھے۔ دیکھنے پر معلوم ہوا کہ الماریوں کی تجوری میں رکھے طلائی زیورات، نقد رقم اور

دوران عدالت میں کیا۔ خیال رہے کہ سارہ شریف کی زخموں سے چور لاش 2023 کی 10 اگست کو برطانیہ میں ووکنگ کے علاقے میں ایک گھر سے ملی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 51

اہم کمانڈر اللہ خان کو گرفتار کر کے اسلحہ، موبائل فون، نقد رقم اور دیگر اہم دستاویزات برآمد کر لیے۔ گرفتار ملزم تربیت یافتہ ہے جبکہ وہ مختلف سیاسی اور کاروباری شخصیات کی ریکی، قتل، اقدام قتل سمیت دیگر سنگین جرائم کی وارداتوں میں ملوث رہا ہے۔ گرفتار ملزم سے تفتیش جاری ہے اور اہم انکشافات متوقع ہیں۔ ایک اور کارروائی میں اینٹی اسٹریٹ کرائم سیل کی پولیس پارٹی نے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ڈاکو کو گرفتار کر لیا۔ جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب اتحاد ٹاؤن کے علاقے بلدیہ عابد آباد قبرستان کے قریب سے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ زخمی ملزم کو سول اسپتال منتقل کیا گیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق زخمی حالت میں گرفتار ملزم کی شناخت 28 سالہ یاسین محمود ولد متین کے نام سے کی گئی۔ گرفتار ملزم سے ایک پستول بمعہ گولیاں، 4 موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی گئیں۔ گرفتار ملزم اسٹریٹ کرائم اور متعدد ڈکیتی کی وارداتوں میں ڈسٹرکٹ کیماڑی پولیس کو انتہائی مطلوب ملزم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

اور برفباری سے سردی بڑھ گئی، سب سے زیادہ سردی لیہہ میں منفی 11 کی پڑی، اس کے علاوہ راولاکوٹ، کوٹلی اور بارکھان میں بارش ہوئی۔ پنجاب کے بیشتر اضلاع اور بالائی سندھ میں دھند کا راج برقرار ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں موسم سرد اور خشک ہے، شہر میں درجہ حرارت 9 ڈگری جانے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ کراچی میں کم سے کم درجہ حرارت 12 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ شہر کا موجودہ درجہ حرارت 14 ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق خیبر پختونخوا میں موسم سرد اور مطلع جزوی ابر آلود رہے گا، صوبے کے بالائی اضلاع شدید سردی کی لپیٹ میں رہیں گے۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران چترال، دیر، سوات، شانگلہ، مالاکنڈ، بونیر، باجوڑ، کوہستان، بٹگرام، تورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، چارسدہ اور مردان میں بارش اور بالائی اضلاع میں پہاڑوں پر برف باری کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ نوشہرہ، مردان، چارسدہ، صوابی اور ڈی آئی خان میں صبح اور رات کے اوقات میں دھند چھائی رہے گی۔ پشاور کا کم سے کم درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے۔ سب سے کم درجہ حرارت کالام میں منفی 4، دیر، مالم جبہ اور پاراچنار میں منفی 2، چترال، کاکول، دروش میں درجہ حرارت منفی ایک ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ ماحولیات کے مطابق پشاور میں فضائی آلودگی میں اضافہ ہو گیا، جس کے باعث شہر میں مجموعی طور پر ایئر کوالٹی انڈکس 242 ریکارڈ ہوا۔ جی ٹی روڈ پر ایئر کوالٹی انڈکس 191، حیات آباد میں 242، ورسک روڈ پر 275 اور چارسدہ روڈ پر 195 ریکارڈ ہوا۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور سرد رہے گا جبکہ پہاڑی علاقوں میں موسم صبح اور رات کے وقت شدید سرد رہے گا۔ چاغی، نوکنڈی، دالبندین، کوئٹہ، زیارت، پشین، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ میں ہلکی بارش اور برفباری کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 اور قلات میں منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 8 اور ژوب میں منفی 2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ سبی میں کم سے کم درجہ حرارت 6، تربت میں 12، نوکنڈی میں 7، چمن میں 2، گوادر میں 9 اور جیوانی میں 10 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 53

ڈائریکٹر علی ارشد رانا نے رائے منظور ناصر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی حوصلہ افزائی میرے لیے باعث فخر ہے اور یہ میرے جذبے کو مزید تقویت دیتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ کی رہنمائی اور تعاون ہمیشہ ہمارے لیے قیمتی رہے گا۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن میں جدت لانے کے لیے سو روزہ ٹرانسفارمیشن پلان ترتیب دیا ہے، ہم انوویشن کے ذریعے ادارے کو نئی سمت پر ڈالیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 54

89 پیسے مہنگے ہوئے، اڑھائی کلو گھی کا ٹن 16 روپے سے زائد مہنگا ہوا۔ ایک ہفتے کے دوران جلانے کی لکڑی 13 روپے 14 پیسے من مہنگی، پیٹرولیم مصنوعات، چینی، دالیں، گڑ بھی مہنگی ہونے والی اشیاء میں شامل ہیں۔ ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر کلو 27 روپے 75 پیسے سستے ہوئے، گزشتہ ہفتے کے دوران آلو فی کلو 9 روپے 97 پیسے فی کلو سستے ہوئے، ایک ہفتے کے دوران زندہ مرغی فی کلو 9 روپے 87 پیسے سستی ہوئی۔ گزشتہ ہفتے کے دوران پیاز فی کلو 13 روپے 44 پیسے سستے ہوئے، ایل پی جی، دال ماش، لہسن اور انڈے بھی سستی ہونے والی اشیاء میں شامل ہیں۔ چاول، ڈبل روٹی، تازہ دودھ سمیت 20 اشیاء کی قیمتوں میں استحکام رہا۔

بقیہ بقیہ جات 55

انعام میمن نے کہا کہ کل کابینہ نے منظوری دی ہے، ہم مزید ای وی بسیں منگوا رہے ہیں، دو ڈپوز پر سول ایویشن سے تنازع حل کرا لیا ہے، کراچی میٹروپولیٹن

کلو افیون برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ترکی ٹول پلازہ جہلم کے قریب ملزم سے 1.1 کلو ہیروئن اور 1 کلو آئس برآمد ہوئی۔ سہراب گوٹھ کراچی میں ہوٹل کے قریب ملزم سے 9.6 کلوگرام چرس جبکہ حیدرآباد جامشورو میں پیٹرول پمپ کے قریب 2 کلو چرس اور 1.5 کلو آئس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

کہ ملک میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ رابطے میں ہیں جبکہ رواں سال اب تک آئی ٹی گروتھ میں 28 فیصد اضافہ، 8 . 1 ارب ڈالر ایکسپورٹ ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سب میرین کیبل کی اپ گریڈیشن پر کام ہو رہا ہے، سب میرین کیبل کنیکٹیویٹی سے سینٹرل ایشیا اور چین کو سارا انٹرنیٹ ڈیٹا پاکستان سے ہو کر جائے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ ملک میں آئی پی رجسٹریشن کے لیے پی ٹی اے نے باضابطہ آغاز کر دیا ہے جبکہ ملک میں وی پی این اور آئی پی کی رجسٹریشن بغیر کسی معاوضے کے کی جا رہی ہے۔ شزا فاطمہ نے یہ بھی کہا کہ اب تک کمپنیوں اور فری لانسر کے 31 ہزار سے زائد وی پی این رجسٹر ہو چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

ہارس پاور کے ٹریکٹرز سبسڈی پر فراہم کیے جائیں گے۔ اس پروگرام کے تحت 5 ارب روپے کی لاگت سے 5 ہزار گرین ٹریکٹرز کاشتکاروں کو فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس فیز میں چھوٹے کاشتکار بھی اس سکیم کا حصہ ہوں گے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت صوبہ تین سالوں کے دوران 60 ارب روپے کی لاگت سے کاشتکاروں کو زرعی آلات و جدید مشینری بھی سبسڈی پر فراہم کی جائے گی۔ اس پروگرام کے تحت بینک و دیگر مالیاتی اداروں کے تعاون سے سروس پرووائیڈرز کے ذریعے کاشتکاروں کو گندم کے جدید ہارویسٹرز، رائس ہارویسٹرز، مکئی کو سکھانے والے ڈرائیرز اور دیگر اقسام کی مشینری کاشتکاروں کو کرایہ پر دستیاب ہوگی۔ مجموعی طور پر 13 اقسام کی جدید زرعی مشینری کاشتکاروں کو فراہم کی جائے گی۔ اس پروگرام کے تحت پرائیویٹ سیکٹر کی حوصلہ افزائی سے کاشتکاروں کو سہولت فراہم کی جائے گی۔ اس پروگرام کے تحت سروس پرووائیڈرز کو 5 کروڑ 50 لاکھ روپے تک کا بلاسود قرضہ فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 59

کہ سوشل میڈیا ایپ پر ایجنٹ سے رابطہ ہوا جس نے جعلی پاسپورٹ اور یورپ کا ویزا لگا کر دیا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق جعلی دستاویزات کی سہولت کاری میں ایئر پورٹ سے ہی 2 ملزمان کو زیر حراست میں لیا گیا ہے، زیر حراست سہولت کاروں میں ایک معطل پولیس اہلکار بھی شامل ہے۔ ایف آئی اے نے زیر حراست تینوں ملزمان کو تفتیش کے لیے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سیل کے حوالے کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

دوران ملزمان سے 2 مصری ویزے بھی برآمد ہوئے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمان کو باقی ویزے سعودی عرب میں سب ایجنٹس کے ذریعے فراہم کیے جانے تھے۔ ایف آئی اے امیگریشن حکام کی بروقت کارروائی نے انسانی اسمگلنگ کا نیٹ ورک بے نقاب کر دیا، ملزمان کو ایجنٹوں کی نشاندہی اور مزید تفتیش کے لیے انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل اسلام آباد منتقل کر دیا گیا۔ انسانی اسمگلروں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں، ملزمان کی گرفتاری کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

کرائی گئی ہے اور صرف یو ایچ ایس کے ذریعے داخل ہونے والے امیدواروں کو ہی قبول کیا جائے گا۔ وائس چانسلر یو ایچ ایس پروفیسر احسن وحید راٹھور نے داخلوں کے عمل کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ نجی میڈیکل کالجز کے داخلے 21 جنوری سے شروع ہوں گے اور امیدوار 30 جنوری تک اپنی درخواستیں یو ایچ ایس کے آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کرا سکتے ہیں۔ میرٹ لسٹ 3 فروری کو جاری کی جائے گی جبکہ پہلی سلیکشن لسٹ 5 فروری کو جاری ہوگی۔ وائس چانسلر واضح کیا کہ یہ داخلے حکومت پنجاب اور پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کی پالیسی کے مطابق کیے جائیں گے تاکہ شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال بھی نجی میڈیکل کالجز کے سنٹرلائزڈ داخلے کامیابی سے مکمل کیے گئے تھے اور اس سال بھی مقررہ وقت پر داخلہ عمل کو یقینی بنانے کے لیے کالجوں کے تعاون کی ضرورت ہوگی۔ پروفیسر احسن وحید راٹھور نے بتایا کہ ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کے داخلے علیحدہ علیحدہ ہوں گے اور ہر سلیکشن لسٹ تین دن کے وقفے سے جاری کی جائے گی۔ انہوں نے تمام کالجز پر زور دیا کہ وہ میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے یو ایچ ایس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ اجلاس میں موجود نجی میڈیکل کالجز کے سربراہان اور پرنسپلز نے داخلہ پالیسی کے مرکزی داخلہ نظام پر اپنے مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے گزشتہ سال داخلے بروقت مکمل کرنے پر یونیورسٹی کی کارکردگی کو سراہا۔

بقیہ بقیہ جات 62

میں خصوصی [illegible] کی نقاب کشائی کی تقریب

بڑھ رہا ہے پنجاب ... بڑھ رہا ہے پاکستان

کاروبار، معیشت کی بہتری اور برآمدات میں اضافہ کے لئے

CM PUNJAB MARYAM NAWAZ

ہر قسم کے کاروبار کیلئے

36 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم سے

وزیرِ اعلیٰ پنجاب آسان کاروبار فنانس سکیم کا

10 لاکھ روپے سے 3 کروڑ روپے تک کے قرضہ جات

5 سال تک کی آسان اقساط میں

اہلیت: مرد، خواتین، خواجہ سراء اور خصوصی افراد

- ☑ پنجاب کے رہائشی ہوں
- ☑ جن کی عمر کی حد 25 سے 55 سال تک ہو
- ☑ درست قومی شناختی کارڈ رکھتا ہو
- ☑ کسی بھی مالیاتی ادارے کا نادہندہ نہ ہو
- ☑ ایکٹیو ٹیکس فائلر ہو
- ☑ اپنی کاروباری جگہ ملکیت / کرایہ پر ہو

0% مارک اپ

اسٹارٹ اپ اور چھوٹے کاروبار کیلئے

48 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم سے

وزیرِ اعلیٰ پنجاب آسان کاروبار کارڈ کا

10 لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضہ جات

3 سال تک کی آسان اقساط میں

اہلیت: مرد، خواتین، خواجہ سراء اور خصوصی افراد

- ☑ پنجاب کے رہائشی ہوں
- ☑ جن کی عمر کی حد 21 سے 57 سال تک ہو
- ☑ درست قومی شناختی کارڈ رکھتا ہو
- ☑ درخواست دہندہ نام پر سم کارڈ رجسٹرڈ ہو
- ☑ ایکٹیو ٹیکس فائلر ہو

- ☑ ایس ایم ای کارڈ کے ذریعے قرض کی سہولت
- ☑ 25% تک کیش نکالنے کی سہولت
- ☑ سرکاری فیس، ٹیکس اور یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی
- ☑ خام مال کی خریداری کے لیے وینڈرز کو ادائیگی

آن لائن درخواست اور تفصیلات کے لیے ویب پورٹل
Assaan Karobar Finance
akf.punjab.gov.pk

مزید معلومات و رہنمائی کیلئے
ہیلپ لائن 1786

آن لائن درخواست اور تفصیلات کے لیے ویب پورٹل
Assaan Karobar Card
akc.punjab.gov.pk

حکومتِ پنجاب

SPL-122

پنجاب میں پرائیویٹ میڈیکل کالجز کے سنٹرلائزڈ داخلے 21 جنوری سے شروع ہونگے

تمام نجی میڈیکل کالجز یونیورسٹی کے سنٹرلائزڈ داخلوں کے نظام پر متفق ہیں اور اس بات کی یقین دہانی کرائی گئی کہ صرف یو ایچ ایس کے ذریعے داخل ہونے والے امیدواروں کو ہی قبول کیا جائے گا

نجی میڈیکل کالجز کے داخلے 21 جنوری سے شروع ہوں گے اور امیدوار 30 جنوری تک اپنی درخواستیں یو ایچ ایس کے آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کرا سکتے ہیں، پروفیسر احسن وحید راٹھور

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) میں جمعہ کے روز پنجاب کے تمام نجی میڈیکل کالجز کے سربراہان اور پرنسپلز کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں یو ایچ ایس کے زیراہتمام ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کے سنٹرلائزڈ داخلوں پر اتفاق پایا گیا۔ اجلاس کی صدارت وائس چانسلر یو ایچ ایس پروفیسر احسن وحید راٹھور نے کی۔ اجلاس میں نجی میڈیکل کالجز کے داخلوں کے نظام کو شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر یقینی بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ کالجز کے سربراہان نے بتایا کہ تمام نجی میڈیکل کالجز یونیورسٹی کے سنٹرلائزڈ داخلوں کے نظام پر متفق ہیں اور اس بات کی یقین دہانی (بقیہ نمبر 61)

عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر صحت کی زیرصدارت انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں اہم اجلاس منعقد، خطرناک بیماریوں کے تدارک کیلئے اقدامات اور کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا

خطرناک بیماریوں کے تدارک کے واسطے تکنیکی معاونت کیلئے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کی صلاحیت میں بھی اضافہ کیا جائے گا، صوبائی وزیر صحت کی گفتگو

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیرصدارت انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈین پروفیسر سائرہ افضل، ڈائریکٹر سی ڈی سی ڈاکٹر یداللہ، پروفیسر ملازم حسین بخاری، ڈاکٹر تنویر، فیکلٹی ممبران و دیگر طبی ماہرین نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران مختلف خطرناک بیماریوں کے تدارک کیلئے اقدامات اور کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈین پی کے ایل آئی اور ڈائریکٹر سی ڈی سی نے اس حوالے سے بریفنگ دی۔ خواجہ سلمان رفیق نے آئی پی ایچ میں جاری ری ویمپنگ منصوبے بارے سی اینڈ ڈبلیو کے افسران سے بریفنگ بھی لی۔

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں ایک اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کنگرو کورٹس کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کریں گے، صاحبزادہ احمد رضا

اسلام آباد (آئی این پی) سنی اتحاد کونسل کے مرکزی رہنما پاکستان تحریک انصاف کے اتحادی ممبر قومی اسمبلی صاحبزادہ حافظ احمد رضا نے کہا ہے کہ عمران خان کو سزا دینے سے متعلق حکومتی وزرا کو پہلے سے علم تھا، کنگرو کورٹس کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کریں گے۔ وہ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔

اے این ایف کی کارروائیاں، کروڑوں کی منشیات برآمد

کوئٹہ میں نیوزی لینڈ بھیجے جانیوالے کپڑوں کے پارسل میں چھپائی گئی 6 کلو سے زائد آئس برآمد

کوئٹہ/راولپنڈی/کراچی (آئی این پی) کوئٹہ میں کوریئر آفس کے ذریعے نیوزی لینڈ بھیجے جانے والے پارسل سے لیڈیز کپڑوں میں چھپائی گئی 6.8 کلو آئس برآمد کرلی گئی۔ اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے مطابق مختلف کارروائیوں میں 8 ملزمان کو گرفتار کرکے 3 کروڑ 84 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کی گئیں۔ بلوچستان کے علاقے پشنی کے غیرآباد علاقے (بقیہ نمبر 56)

پنجاب بھر میں 1223 ٹریفک حادثات، 15 افراد جاں بحق

735 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1223 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 587 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 735 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (74 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان (بقیہ نمبر 39)

کراچی ایئرپورٹ سے جعلی دستاویزات پر بیرون ملک جانے کی کوشش پر ملزم گرفتار

کراچی (آئی این پی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) امیگریشن نے کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے جعلی سفری دستاویزات پر بیرون ملک جانے والے ایک مسافر کو گرفتار کرلیا۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے کے مطابق گرفتار ملزم کے قبضے سے 2 جعلی پاسپورٹس ملے، جن پر یورپ کا جعلی ویزا لگا تھا۔ مسافر نے بتایا (بقیہ نمبر 59)

حکومت کی جانب سے پی ٹی آئی کے مطالبات مسترد کئے جانے کا امکان

اسلام آباد (آئی این پی) حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کے مطالبات مسترد کردیے جائیں گے کیونکہ پی ٹی آئی چارٹر آف ڈیمانڈ پر عمل درآمد ناممکن ہے۔ ایک ٹی وی رپورٹ کے مطابق اپوزیشن سے مذاکرات کے معاملے پر حکومت آئندہ ہفتے پی ٹی آئی کو تحریری جواب دے گی۔ حکومتی ذرائع نے کہا کہ یہ مطالبات مسترد کردیے جائیں گے، پی ٹی آئی چارٹر آف ڈیمانڈ پر عمل درآمد ناممکن ہے۔

زرعی ترقی، کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے پرعزم ہیں، وزیر زراعت

5 ہزار گرین ٹریکٹرز کاشتکاروں کو فراہم کئے جائیں گے، سید عاشق حسین کرمانی

لاہور (پ ر) صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیراعلیٰ پنجاب کسان پیکیج کے اہم منصوبوں پر ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔ اس موقع پر وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کیلئے ترجیحاً اقدامات کر رہی ہیں۔ صوبہ میں 5 ایکڑ اور اس سے زائد ملکیتی رقبہ کے کسانوں کو گرین ٹریکٹر پروگرام کے دوسرے مرحلہ میں 65، 75 اور 85 (بقیہ نمبر 58)

پیرس، فرانس میں تعینات پاکستانی سفیر ممتاز زہرہ بلوچ فرانسیسی وزیر خارجہ کو سفارتی اسناد پیش کر رہی ہیں

پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی متاثر، قیمتوں میں ہفتہ وار اضافے کا امکان

اسلام آباد (آئی این پی) امریکی پابندیوں کی وجہ سے خام تیل کی سپلائی متاثر ہونے کے باعث قیمتوں میں ہفتہ وار اضافے کا امکان ہے۔ عالمی میڈیا کے مطابق خام تیل کی قیمتوں میں جمعہ کو اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور یہ مسلسل چوتھی ہفتہ وار اضافے کی طرف بڑھ رہا ہے کیونکہ روسی توانائی کی تجارت پر تازہ ترین امریکی پابندیوں نے سپلائی کو متاثر کیا ہے اور اسپاٹ ٹریڈ کی قیمتوں اور شپنگ کی شرحوں میں اضافہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق برینٹ کروڈ فیوچر 44 سینٹ یا 0.5 فیصد اضافے سے 81.73 ڈالر فی بیرل، یو ایس ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل کی قیمت 62 سینٹ یا 0.8 فیصد (بقیہ نمبر 37)

ڈویلپمنٹ سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کیلئے فنڈز کی منظوری

رائیونڈ میں جامع سیوریج ڈرینج اور واٹر سپلائی سکیموں کیلئے 3 ارب کے فنڈز منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2024-25 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے 58ویں اجلاس میں مختلف ڈویلپمنٹ سیکٹرز کی 5 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 14 ارب 70 کروڑ 7 لاکھ 23 ہزار روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ (بقیہ نمبر 35)

فیصلہ بار بار موخر کرنے سے واضح تھا بانی کو انصاف نہیں ملے گا، بیرسٹر سیف

کہ انصاف میں تاخیر انصاف سے انکار پر آج مہر تصدیق ثبت ہوگئی، رہنما تحریک انصاف

پشاور (آئی این پی) مشیر اطلاعات خیبرپختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے فیصلہ بار بار مؤخر کرنے سے پہلے ہی واضح ہو چکا تھا بانی پی ٹی آئی کو انصاف نہیں ملے گا۔ القادر ٹرسٹ کیس کے فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے رہنما تحریک انصاف بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ انصاف میں تاخیر انصاف سے انکار پر (بقیہ نمبر 36)

تاریخ اور ثقافت کو اپنا کر ترقی کے سفر پر گامزن ہوسکتے ہیں، بلاول بھٹو

کراچی میں میڈیا یونیورسٹی قائم ہونی چاہیے اس حوالے سے وزیراعلیٰ سندھ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کوئی فارمولا اپنائیں

قائد عوام کا جو وژن تھا اگر ہم اس کو اپناتے تو آج پاکستانی ڈرامے، فلمیں پوری دنیا میں دیکھے جاتے، سندھ اسمبلی میں تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ اسمبلی نے پاکستان بننے کی قرارداد منظور کی تھی۔ ہم اپنی تاریخ اور ثقافت کو اپنا کر ترقی کے سفر پر گامزن ہوسکتے ہیں۔ کراچی میں میڈیا یونیورسٹی قائم ہونی چاہیے۔ اس حوالے سے وزیراعلیٰ سندھ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کوئی فارمولا اپنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو سندھ اسمبلی، کراچی میں ملک کی پہلی دستور ساز اسمبلی کے انعقاد کی یاد (بقیہ نمبر 62)

اسلام آباد، وزیراعظم کی نمائندہ خصوصی رومینہ خورشید عالم سے فیصل آباد چیمبر آف کامرس کا وفد ملاقات کر رہا ہے

عمرہ ویزے کی آڑ میں انسانی سمگلنگ کا منصوبہ ناکام

اسلام آباد ائیرپورٹ پر 5 مسافروں کو طیارے سے اُتار دیا گیا، 16 سالہ بچہ بھی شامل

اسلام آباد (آئی این پی) ایف آئی اے امیگریشن نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے عمرہ ویزے کی آڑ میں انسانی اسمگلنگ کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق معراج خان، عثمان خان، اسد علی، مرتضی علی اور 16 سالہ کم عمر بچے سمیت 5 مسافروں کو آف لوڈ کیا گیا جو عمرے ویزے پر سعودی عرب جا رہے تھے۔ ملزمان نے سعودی عرب سے لیبیا اور بعد ازاں سمندر کے راستے اٹلی جانے کی کوشش کرنی تھی۔ ملزمان نے واجد خان اور فیصل خان نامی ایجنٹس سے معاہدے کیے تھے جبکہ ایجنٹوں کو فی کس 39 لاکھ روپے بھی ادا کیے گئے۔ تلاشی کے (بقیہ نمبر 60)

گھروں میں کام کرنے والا گینگ 80 تولے سونا لے اُڑا

گوجرانوالہ میں ایمرجنسی ہیلپ لائن پر گھریلو ملازمہ کے خلاف سونا چرانے کی شکایت کی گئی

لاہور (آئی این پی) پنجاب میں گھروں میں کام کرنے والا گینگ 80 تولے سونا لے اڑا۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق گوجرانوالہ میں ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر گھریلو ملازمہ کے خلاف 80 تولے سونا چرانے کی شکایت کی گئی۔ شکایت موصول ہوتے ہی سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ملزمان کی تلاش شروع کی گئی۔ کیمروں میں ملزمان کو رکشے میں جاتے دیکھا گیا۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق (بقیہ نمبر 65)

امریکن قونصل جنرل کرسٹن کے ہاکنز کی یو ای ٹی لاہور آمد

وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات، پاکستان اور امریکہ کی جامعات میں تعلیمی تبادلے پر تبادلہ خیال بھی کیا

کرسٹن کے ہاکنز کی یو ایس ایڈ ہائیر ایجوکیشن سسٹم کو مستحکم کرنے کے حوالے سے تربیتی ورکشاپ میں خصوصی شرکت

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں یو ایس ایڈ ہائیر ایجوکیشن سسٹم کے استحکام کے حوالے سے 4 روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ تربیتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب میں امریکن قونصل جنرل کرسٹن کے ہاکنز نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف امور سمیت پاکستان اور امریکہ کی جامعات میں تعلیمی تبادلے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ ورکشاپ یو ایس ایڈ کے تعاون سے امریکی حکومت اور پاکستان کی 16 سرکاری جامعات میں منعقد ہوئی، جس کا مقصد پاکستانی طلبہ کو مستقبل میں کامیاب کیریئر کے (بقیہ نمبر 63)

یو ای ٹی آمد پر امریکن قونصل جنرل کرسٹن کے ہاکنز کو وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر گلدستہ پیش کر رہے ہیں

اپوزیشن صبر سے کام لے، سلطان رائی کا دور چلا گیا، ملک ابرار

ملک کے اندر گورننس کا نظام بہترین چل رہا ہے، ممبر قومی اسمبلی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ نون کے مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی ملک ابرار نے کہا ہے کہ اپوزیشن صبر سے کام لے۔ سلطان رائی کا دور چلا گیا ہے۔ اگر حکمت اور فراست سے کام نہ لیا گیا تو اپوزیشن کے لوگوں کے خلاف سخت حکمت عملی اختیار کی جائے گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کے اندر گورننس کا نظام بہترین چل رہا (بقیہ نمبر 49)

کراچی، شہری پر تشدد، اغوا اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

کراچی (آئی این پی) اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی نے شہری پر تشدد، اغوا اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ڈی جی ایف آئی اے احمد اسحاق جہانگیر کی ہدایات پر انسانی اسمگلروں اور ویزا فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کیا گیا ہے۔ چھاپہ مار کارروائیوں میں 2 انسانی اسمگلرز شاہد ندیم اور محمد کاشف کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ملزمان کو کراچی کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا ہے

گریٹر اسرائیل کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا، جے یو آئی

دہشتگرد اسرائیل کی پسپائی اور اہل فلسطین کی بے مثال جدوجہد کی کامیابی اسلام کے غلبہ کی نوید ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حماس اسرائیل سیز فائر، گریٹر اسرائیل کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا، نہتے فلسطینیوں میں اسرائیل کے ظلم و ستم اور انسانیت سوز مظالم کو تاریخ کالے لفظوں میں لکھے گی، دہشتگرد اسرائیل کی پسپائی اور اہل فلسطین کی بے مثال جدوجہد کی کامیابی اسلام کے غلبہ کی نوید ہے۔

کسی کیس کی وجہ سے ہمارا مستقبل خراب نہیں ہونا چاہیے، طلبہ القادر یونیورسٹی

جہلم (آئی این پی) عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف 190 ملین پاؤنڈ کیس کا فیصلہ سنائے جانے کے بعد القادر یونیورسٹی پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کردی گئی۔ راولپنڈی کی احتساب عدالت نے 190 ملین پاؤنڈ کیس (بقیہ نمبر 42)

جلد عوام سے رابطہ مہم شروع کریں گے، سینیٹر فیصل جاوید

جلد عوام سے رابطہ مہم شروع کریں گے اس فیصلے کو اعلیٰ عدالت میں چیلنج کیا جائیگا، گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف اور اپوزیشن جماعتیں کنگرو کورٹس کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کریں گے، جلد عوام سے رابطہ مہم شروع کریں گے اس فیصلے کو اعلیٰ عدالت میں چیلنج کیا جائے گا۔ وہ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے اندر جبر کا نظام چل رہا (بقیہ نمبر 44)

مہنگائی بڑھنے کی شرح مزید کم ہو کر 1.16 فیصد کی سطح پر آگئی

مہنگائی کی شرح میں ہفتہ وار بنیادوں پر اعشاریہ 39 فیصد کی کمی، ایک ہفتے کے دوران 21 اشیاء مہنگی، 10 کی قیمتوں میں کمی ہوئی

گزشتہ ہفتے ایل پی جی، دال ماش، لہسن، انڈے سستے ہوئے، چاول، ڈبل روٹی، تازہ دودھ سمیت 20 اشیاء کی قیمتوں میں استحکام رہا

لاہور (این این آئی) ملک میں مہنگائی بڑھنے کی شرح مزید کم ہو کر 1.16 فیصد کی سطح پر آگئی۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں مزید کمی ہوگئی، مہنگائی بڑھنے کی شرح مزید کم ہو کر 1.16 فیصد کی سطح پر آگئی، مہنگائی کی شرح میں ہفتہ وار بنیادوں پر اعشاریہ 39 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 21 اشیاء مہنگی، 10 کی قیمتوں میں کمی ہوئی، ایک ہفتے کے دوران کیلے فی درجن 3 روپے (بقیہ نمبر 54)

تمام سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر ہسپتالوں میں آن لائن حاضری نافذ کرنے کا فیصلہ

حکومت پنجاب کا پی آئی ٹی بی کے تعاون سے آن لائن حاضری سسٹم شروع ہوگا

لاہور (این این آئی) صوبہ کے تمام سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر ہسپتالوں میں آن لائن حاضری نافذ کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ حکومت پنجاب کا پی آئی ٹی بی کے تعاون سے آن لائن حاضری سسٹم شروع ہوگا، ہسپتالوں کے عملے کی آن لائن حاضری کے لئے ایپلیکیشن تیار کرلی گئی، پنجاب بھر کے وائس چانسلرز، پرنسپلز، میڈیکل سپرنٹنڈنٹس کے نام مراسلہ جاری کردیا گیا۔ مراسلے کے مطابق ایچ او ڈی کو سیل فون سے حاضری کی نشاندہی کرنے میں سہولت فراہم کی جا سکے۔ پی آئی ٹی بی کی ٹیم (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی، پاکستان مسلم لیگ ن کی خواتین کا گروپ فوٹو

ملک میں شدید سردی کی لہر، کراچی میں درجہ حرارت 9 ڈگری تک گرنے کا امکان

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں شدید سردی کی لہر جاری ہے، مغربی بلوچستان اور بالائی خیبرپختونخوا میں ہلکی بارش اور برفباری کا امکان ہے جبکہ کراچی میں سرد ہوائیں چلنے سے درجہ حرارت 9 ڈگری سینٹی گریڈ تک گرنے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق بالائی علاقوں میں برفباری کے ساتھ بادل بھی برسے، کہیں بارش اور کہیں برفباری کے جلوے تو کہیں دھند کے ڈیرے ہیں جبکہ مری میں ایک انچ تک برف پڑ چکی ہے۔ ایبٹ آباد، گلیات، سوات اور مینگورہ سمیت بالائی علاقوں میں بارش (بقیہ نمبر 52)

ایس ایم ایز کیلئے قرض کی رقم بڑھا کر 15 لاکھ کرنے کا خیرمقدم

ترقی یافتہ ممالک کو سٹڈی کیا جائے، چیئرمین پاکستان اسٹیل آئرن ایسوسی ایشن

لاہور (آئی این پی) چیئرمین پاکستان اسٹیل آئرن ایسوسی ایشن و ایگزیکٹو ممبر پیاف راجہ راحیل اشفاق نے وزیراعظم کی جانب سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے لئے قرض کی رقم 5 لاکھ سے بڑھا کر 15 لاکھ کرنے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز کو سہولیات کی فراہمی کیلئے موثر سروے کیا جائے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو دی جانے والی (بقیہ نمبر 48)

لاہور، مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن علی ارشد رانا سے سینئر بیوروکریٹ رائے منظور ناصر ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے ایران کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

حکومت کی جانب سے پی ٹی آئی کے مطالبات مسترد کئے جانے کا امکان

اسلام آباد (آئی این پی) حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کے مطالبات مسترد کردیے جائیں گے کیونکہ پی ٹی آئی چارٹر آف ڈیمانڈ پر عمل درآمد ناممکن ہے۔

روپے کی قدر میں اضافہ، ڈالر سستا ہوگیا

کراچی (آئی این پی) ملک میں پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر میں کمی ہوئی ہے۔ انٹربینک مارکیٹ میں جمعہ کو کاروبار کے دوران ڈالر کے مقابلے روپے کی قدر میں 0.08 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ڈالر کے مقابلے روپیہ 21 پیسے کے اضافے سے 278.65 روپے پر جا پہنچا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس (بقیہ نمبر 43)

ریڈ اور گرین لائن ٹریک پر سائیکل چلائی جا سکتی ہے: شرجیل میمن

ہم مزید ای وی بسیں منگوا رہے ہیں، دوڈپوز پر سول ایویشن سے تنازع حل کرلیا گیا

کراچی (این این آئی) سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ پنک اور ای وی بسیں چل رہی ہیں، اس سال بڑی تعداد میں ای وی بسیں آ رہی ہیں، سندھ واحد صوبہ ہے جہاں خواتین کے لیے پنک بسیں چل رہی ہیں۔ اسپیکر اویس قادر شاہ کی صدارت میں سندھ اسمبلی کا اجلاس ہوا۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے محکمہ ٹرانسپورٹ سے متعلق سوالات کے جوابات دیے۔ اجلاس کے دوران شرجیل (بقیہ نمبر 55)

پولیس کانسٹیبل کو زخمی کرنے کے مقدمے میں ملزم تیمور کو 13 سال قید کی سزا

عدالت نے دفعہ تین سو سینتیس پانچ کے تحت مجرم کو پانچ سال قید اور دو لاکھ روپے تاوان کی سزا کا حکم دیا

راولپنڈی (آئی این پی) انسداد دہشتگردی عدالت نے پولیس کانسٹیبل کو زخمی کرنے کے مقدمے میں ملزم تیمور کو مجموعی طور پر 13 سال قید اور جرمانے کی سزا سنادی۔ راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی عدالت میں پولیس کانسٹیبل کو زخمی کرنے کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ کیس کی سماعت جج امجد علی شاہ نے کی۔ عدالت نے ملزم تیمور کو اقدام قتل کی دفعہ کے تحت 7 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی (بقیہ نمبر 45)

سارہ شریف قتل کیس، عمر قید بھگتنے والے والدین کی سزا کیخلاف اپیل دائر

لندن (آئی این پی) برطانیہ میں اپنی 10 سالہ بیٹی سارہ شریف کے قتل کے جرم میں عمر قید بھگتنے والے والدین نے سزا کے خلاف اپیل دائر کردی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عرفان شریف اور بینش بتول کی اپیلوں کی سماعت کے لیے ابھی تاریخ مقرر نہیں کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ سارہ شریف قتل کیس میں مقتول بچی کے والد عرفان شریف کو کم از کم 40 برس اور سوتیلی والدہ کو کم از کم 33 برس کی سزا سنائی گئی تھی۔ یاد رہے کہ برطانیہ میں اپنی 10 سالہ بیٹی سارہ شریف کے قتل کے الزام میں گرفتار پاکستان نژاد (بقیہ نمبر 50)

پولیس، حساس ادارے کی کارروائی، کالعدم تحریک طالبان کا کمانڈر گرفتار

گرفتار ملزم سے اہم دستاویزات، اسلحہ اور دیگر اشیا برآمد کرلی گئیں، پولیس ترجمان

کراچی (آئی این پی) کراچی میں پولیس اور حساس ادارے نے مشترکہ کارروائی میں کالعدم تحریک طالبان کے کمانڈر کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق حساس ادارے اور اینٹی اسٹریٹ کرائم سیل کیماڑی کی پولیس پارٹی نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب مشترکہ کارروائی کے دوران اتحاد ٹاؤن کے علاقے سے کالعدم تنظیم تحریک طالبان پاکستان کے (بقیہ نمبر 51)

کراچی، بند گھر سے 70 لاکھ سے زائد مالیت کے طلائی زیوارت اور نقدی چوری

کراچی (آئی این پی) لائنز ایریا میں بند گھر سے چور 70 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے طلائی زیوارت اور نقدی چوری کرکے لے گئے، واقعے کے وقت گھر والے شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے گئے تھے۔ تفصیلات کے مطابق بریگیڈ کے علاقے لائنز ایریا ٹونیشیا لائن سابقہ میکرو سپر اسٹور کے عقب والی گلی واٹر گراؤنڈ کے سامنے والے گھر سے ڈاکو 70 لاکھ روپے مالیت کے طلائی زیورات (بقیہ نمبر 46)

آئین کی بالادستی کیلئے سب کو ملکر بات کرنا ہوگی، اپوزیشن رہنما

بانی پی ٹی آئی کو سزا پوری عدلیہ پر کالا دھبہ ہے، وزرا تو پہلے سے سزا کے بارے بتا رہے تھے، ملک کو بنانا ری پبلک بنا دیا گیا

ظلم کے نظام کیخلاف سب کو رول آف لا، آئین کی بالادستی کے لیے اکٹھا ہونا ہوگا، شاہد خاقان عباسی، محمود اچکزئی، اسد قیصر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اپوزیشن رہنماؤں نے کہا ہے کہ آئین کی بالادستی کیلئے سب کو مل کر بات کرنا ہوگی۔ اسلام آباد میں محمود خان اچکزئی، شاہد خاقان عباسی کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس میں گفتگو کرتے اسد قیصر کا کہنا تھا کہ شاہد خاقان عباسی محمود اچکزئی نے اکٹھے ہونے کے لیے دعوت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو اکٹھا کرکے ایک لائحہ عمل بنایا جائیگا، بانی پی ٹی آئی کو سزا پوری عدلیہ پر کالا دھبہ ہے، (بقیہ نمبر 40)

لاہور، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ مال روڈ مسجد شہداء پر اسرائیل اور فلسطین کی جنگ بندی پر عزم تشکر تقریب میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

اعلان تقرری

شیخ ماجد اقبال
نمائندہ خصوصی شرقپور شریف
0300-4986857

مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ

ABC
CERTIFIED
قوت

اعلان تقرری

آصف علی
نمائندہ قوت کوٹ رادھا کشن
0301-4156835

مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ

ABC
CERTIFIED
قوت

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداداللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور